یہ بات درست ہے کہ جب تک ملکی خارجہ پالیسی صحیح انداز سے نہیں بنائی جاتی۔ اس وقت تک کسی بھی ملک کا ترقی کرنا ممکن نہیں ہے۔ دہشت گردی کے خاتمہ کے حوالے سے پاکستان بین الاقوامی سطح پر نمایاں ہوا۔ لیکن خود انحصاری کی خواہش پوری نہ ہو سکی۔ نواز شریف کے حالیہ دور میں پاک بھارت تنازع کشمیر حل کر لیا جائے تو دونوں ملکوں کے عوام خوشحالی کی زندگی بسر کر سکیں گے۔ دونوں ملکوں کے بجٹ کا کثیر حصہ فوج اور دفاعی اخراجات پر خرچ ہو جانے سے عوام کے مسائل جوں کے توں رہتے ہیں۔ وہ قوم کبھی بھی بین الاقوامی سطح پر اپنی حیثیت نہیں منوا سکتی جو اپنے عوام کو صنعتی اعتبار سے منظم نہیں کرتی ہے۔ اوپر سے مزید ظلم یہ کہ پاکستان توانائی کے بحران کا شکار ہے۔ اس وقت جتنے بھی ترقی یافتہ ممالک ہیں ان کی حکومتوں نے اپنے عوام کو منظم کیا ہے۔ دنیا کے سب سے بڑا ملک چین اور جاپان، جرمنی، تائیوان اور سنگاپور جیسے ملکوں نے اپنے عوام میں صنعتی شعور اور مراعات دی ہیں۔ جن سے وہاں کا خام مال اور جامد و ساکت صلاحیتیں بروئے کار لائی گئیں اور ملکوں نے ترقی کی ہے۔

ہمیں خود انحصاری..... ایک بامعنی اسلوب حیات کیلئے اپنی بیساکھیاں توڑنا ہوں گی۔ اپنے اندر کی قوت کو بیدار و منظم کرنا ہوگا۔ اپنے اخراجات اپنے وسائل کے مطابق کرنا ہوں گے تو پاکستان یقیناً ایک باوقار اور خود انحصار ملک کی صورت میں دنیا کے نقشے پر ابھرے گا۔ انشاء اللہ

.... ☆ ....

سوال: میرا پسندیدہ مزاح نگار کے موضوع پر ایک مضمون قلم بند کریں؟

جواب:

مزاح نگار

اردو ادب کے دامن میں مزاح نگاری کے بے شمار رنگ نمونے موجود ہیں۔ اودھ پنچ والے منشی سجاد حسین کے علاوہ اور بہت سے ادیب ہیں جنہوں نے مزاح نگاری میں بڑا نام پایا ہے۔ مگر میرے پسندیدہ مزاح نگار پطرس بخاری ہیں۔ وہ اردو ادب میں خالص مزاح کے علمبردار ہیں۔

پطرس بخاری جن کا اصل نام احمد شاہ بخاری تھا۔ یکم اکتوبر 1898ء کو پشاور میں پیدا ہوئے۔ ان کے والد سید اسد اللہ شاہ پشاور کے وکیل اور معروف مبلغ خواجہ کمال الدین کے منشی تھے۔ پطرس بخاری نے ابتدائی تعلیم پشاور میں پائی۔ اس کے بعد گورنمنٹ کالج لاہور سے انگریزی میں ایم اے کیا۔ گورنمنٹ کالج لاہور کے زمانہ طالب علمی میں وہ کالج میگزین ''راوی'' کے ایڈیٹر رہے اور انگریزی اخبار سول اینڈ ملٹری گزٹ میں مضامین بھی لکھتے تھے۔ انگریزی میں ایم اے کرنے کے بعد پطرس بخاری انگلستان گئے اور عمانویل کالج کیمبرج سے انگریزی کا امتحان پاس کیا۔ واپسی پر پہلے سنٹرل ٹریننگ کالج اور پھر گورنمنٹ کالج لاہور میں انگریزی کے پروفیسر مقرر ہوئے۔ اس دور میں انہوں نے علمی ادبی اور ثقافتی سرگرمیوں میں خوب حصہ لیا، کئی انگریزی ڈراموں کے ترجمے کیے اور ٹیکسٹ بک کمیٹی سے بھی وابستہ رہے۔ 1937ء میں وہ آل انڈیا ریڈیو میں ملازم ہو گئے جہاں ترقی کر کے وہ 1940ء میں کنٹرولر جنرل بن گئے۔ ریڈیو کی ملازمت کے دوران انہوں نے نشر و اشاعت اور پبلسٹی کے کئی دیگر کام بھی انجام دیئے اور اس شعبے میں انہیں ایک ماہر کی سی شہرت حاصل ہو گئی۔

پاکستان بننے پر پطرس بخاری گورنمنٹ کالج لاہور کے پرنسپل مقرر ہوئے۔ انہوں نے انڈیا آفس لائبریری کی تقسیم کے سلسلے میں لندن میں ہونے والے مذاکرات میں شرکت کی اور انہیں میکسیکو سے کئی دیگر ممالک میں جانے کا موقع بھی ملا۔ 1950ء میں وہ پاکستان کے پہلے وزیراعظم خان لیاقت علی خان کے دورہ کے موقع پر ان کے ساتھ امریکہ گئے۔ بعد میں حکومت پاکستان نے انہیں اقوام متحدہ میں اپنا مستقل نمائندہ مقرر کر دیا جہاں انہوں نے خوب نام پیدا کیا۔ 1955ء میں انہیں اقوام متحدہ کے شعبہ اطلاعات میں ڈپٹی سیکرٹری جنرل مقرر کر دیا گیا وہ اس بلند منصب پر فائز ہونے والے پہلے ایشیائی تھے۔ کئی سال تک وہ اس عہدے پر کام کرتے رہے۔ انہوں نے کولمبیا یونیورسٹی میں انگریزی ادب کے پروفیسر کی حیثیت سے کام کرنے کی پیش کش قبول کر لی تھی اور چند ماہ بعد اس ذمہ داری کو سنبھالنے والے تھے کہ موت کا بلاوا آ گیا اور وہ 5 دسمبر 1958ء کو نیویارک میں حرکت قلب بند ہو جانے سے انتقال کر گئے۔

پطرس بخاری نے اگرچہ گنتی کے چند مضامین لکھے ہیں مگر ان مضامین نے اردو کے مزاحیہ ادب میں ایک انقلاب برپا کر دیا ہے۔ ان کے مزاحیہ مضامین میں ہمیں وہ تمام خوبیاں اور لطافتیں نظر آتی ہیں جو مغربی ادب سے خاص ہیں۔ اس کی وجہ یہ ہے کہ انہیں انگریزی اور اردو دونوں زبانوں پر عبور حاصل تھا۔ ان کی مزاح نگاری پر مغربی ادب کے اثرات بڑے گہرے ہیں۔ وہ مغربی ادب کے مزاح نگاری کے حربوں سے پوری طرح واقف ہیں اور اپنے مضامین میں مزاح پیدا کرنے کیلئے ان سے خوب خوب کام لیتے ہیں تاہم انہوں نے مغربی اثرات کو اپنی تحریر پر غالب نہیں ہونے دیا۔ سوائے ان کے ایک مضمون ''میبل اور میں'' کے علاوہ ان کے تمام مضامین مقامی رنگ میں رنگے ہوئے ہیں۔ گویا انہوں نے جو کچھ انگریزی ادب میں دیکھا ہے اسے مقامی رنگ دے کر اردو کے سانچے میں ڈھال دیا ہے کہ وہ اردو ہی کی چیز بن گئی ہے۔ اس سے ان کی ادبی مہارت اور فنی بصیرت کا پتہ چلتا ہے۔

اردو میں پطرس کا سارا سرمایہ تحریر ''پطرس کے مضامین'' نامی کتاب کے بارہ چودہ مضامین ہیں مگر یہ مضامین اردو کے مزاحیہ ادب

میں ایک لافانی حیثیت رکھتے ہیں۔ ان مضامین میں پطرس نے اردو مزاح کو ایک نئی راہ پر ڈالنے کی کوشش کی ہے جہاں مزاح اپنے فطری رنگ میں نظر آتا ہے۔ وہ اردو ادب میں خالص مزاح نگاری کے علم بردار ہیں۔ وہ ہر چیز کو مزاح کی عینک کے ایک خاص زاویے سے دیکھتے ہیں اور اسی وجہ سے معمولی سے معمولی بات میں بھی مزاح کا پہلو نکال لیتے ہیں۔

پطرس بخاری کی مزاح نگاری کسی مقصد کی پابند نہیں اور نہ وہ کسی اصلاحی نقطہ نظر کے علم بردار ہیں۔ وہ دوسروں پر طنز کا کیچڑ اچھالنے سے بھی گریز کرتے ہیں۔ ان کی طبیعت میں شوخی اور چلبلا پن موجود تھا اور اسی سے ان کی مزاح نگاری نے جنم لیا ہے مگر ان کی مزاح نگاری میں چبھن کی کیفیت نہیں ہوتی ہے۔ ان کا سب سے بڑا کمال یہ ہے کہ انہوں نے طنز چبھتی، مضحکہ خیز کرداروں یا الفاظ کے غلط استعمال سے مزاح پیدا کرنے کی بجائے صورت واقعہ سے مزاح پیدا کیا ہے۔ وہ قاری کو زبردستی ہنسانے کی کوشش نہیں کرتے بلکہ واقعات کے تسلسل اور کرداروں کی حرکات وسکنات کو فطری طور پر اس طرح دکھاتے ہیں کہ ان سے خواہ مخواہ مزاح کا پہلو نکل آتا ہے۔ وہ واقعات کا تانا بانا ایسے فطری انداز میں تیار کرتے ہیں کہ قاری کیلئے ہنسی ضبط کرنا مشکل ہو جاتا ہے۔

پطرس بخاری نے اپنے مزاحیہ مضامین کا مواد روزمرہ زندگی سے لیا ہے اور اکثر و بیشتر صورت حال سے مزاح پیدا کیا ہے۔ ان کے موضوعات عام اور روزمرہ زندگی سے متعلق ہیں۔ کالج زندگی اور کالج کے طلبہ کے رہن سہن کے انداز ان کی مزاح نگاری کے خاص موضوع ہیں۔ انہوں نے اپنے مضامین میں کالج کی زندگی کے مختلف پہلوؤں سے مزاح کا سامان پیدا کیا ہے۔ مگر صورتحال سے غیر معمولی پن دریافت کر کے مزاح پیدا کرنا ہر کسی کے بس کی بات نہیں۔ پطرس خود ایک زندہ دل اور خوش باش شخص ہیں اس لئے وہ سنجیدہ واقعات میں سے بھی مزاحیہ صورت حال نکال لیتے ہیں۔ اس کا سب سے خوبصورت نمونہ "مرید پور کا پیر" میں ملتا ہے جس میں ایک لیڈر تقریر کرنے کھڑا ہوتا ہے اور یادداشت کا پرچہ کھو جانے کے باعث صحیح تقریر نہیں کر سکتا ہے۔ یہاں بظاہر نہایت سنجیدہ بلکہ غم ناک سی صورت حال پیدا کر دی گئی ہے مگر پطرس کا کمال یہ ہے کہ صورت حال جتنی سنجیدہ، جتنی غم ناک ہوتی جاتی ہے پڑھنے والے کو اتنی ہی ہنسی آتی ہے۔

ایک با اصول مزاح نگار کی طرح پطرس بخاری اپنی ظرافت کا مواد معمولی اور راستے سے ہٹی ہوئی چیزوں سے حاصل کرتے ہیں۔ جس جگہ کوئی خامی یا کمزوری دیکھتے ہیں تو اسے بیان کر کے خود بھی ہنستے ہیں اور دوسروں کو بھی ہنساتے ہیں۔ کبھی کبھی وہ کسی کی نفسیات میں جھانک کر اس کے کمزور پہلوؤں کو بیان کر کے مزاح کی صورت پیدا کر لیتے ہیں لیکن اس کے باوجود ان کے مزاح میں شگفتگی، ہمدردی اور خوش خلقی کا رنگ جھلکتا ہے۔

پطرس بخاری کے اسلوب تحریر میں غضب کا بے ساختہ پن پایا جاتا ہے۔ وہ عملی مذاق، مسخرے پن سے گریز کر کے انسان کی فطری ناہمواریوں کو واقعات کے ذریعے اس طرح پیش کرتے ہیں کہ ان سے بغیر کسی بناوٹ، تکلف یا تردد کے مزاح پیدا ہوتا جاتا ہے۔ اس طرح ان کا مزاح کسی شعوری کوشش کا نتیجہ نہیں بلکہ قدرتی اور بے ساختہ معلوم ہوتا ہے۔ وہ الفاظ کے الٹ پھیر سے کام نہیں لیتے بلکہ ہر بات سیدھے سادے انداز میں اس طرح کہتے ہیں کہ ان کی آورد پر بھی آمد کا گمان ہوتا ہے۔ دراصل وہ اس گر سے واقف ہیں کہ کرداروں کی عادات وخصائل کو اس طرح سے پیش کیا جائے کہ ان کی خامیوں اور خوبیوں سے خود بخود مزاح کا رنگ پیدا ہو جائے۔ اس طرح ان کی مزاح نگاری ایک فطری انداز اختیار کر لیتی ہے۔

پطرس بخاری کے مزاح کا ایک وصف پیروڈی (Parody) یا تحریف نگاری بھی ہے۔ پیروڈی کا کمال یہ سمجھا جاتا ہے کہ الفاظ کی کم سے کم تبدیلی کے ذریعے کسی سنجیدہ تحریر میں مزاح کا زیادہ سے زیادہ رنگ پیدا کر دیا جائے اور پطرس بخاری کو یہ کمال حاصل ہے۔ "لاہور کا جغرافیہ" اور "اردو کی آخری کتاب" اس کمال کی نمایاں ترین مثالیں ہیں۔ "لاہور کا جغرافیہ" میں انہوں نے جغرافیے جیسے خشک مضمون کی اصطلاحات کا سہارا لیتے ہوئے لاہور اور لاہور کے مسائل کا جس طرح بھرپور مزاحیہ انداز میں ذکر کیا ہے اور ان مسائل کے حل میں بلدیہ کی

ناکامی کی جو تصویر پیش کی ہے وہ آپ اپنا جواب ہے۔

پطرس بخاری کے مزاح کا بڑا وصف یہ ہے کہ اس میں ہلکا سا طنز تو ہے لیکن اس طنز میں نشتریت کی کیفیت بالکل نہیں۔ وہ معاشرے کے افراد اور اپنے قاری کو ان کی کوتاہیوں سے آگاہ بھی کرتے ہیں تو شفقت اور پیار کے لہجے میں قاری ان کی تحریر پڑھ کر ہنستا تو ہے مگر کبیدہ خاطر بالکل نہیں ہوتا کیونکہ پطرس بخاری اسے برابر یہ احساس دلاتے ہیں کہ کہنے والا جو کچھ کہہ رہا ہے۔ اس میں قاری ہی کا بھلا ہے اس طرح ان کے مثالی مزاح میں ان کی وسیع القلبی، کشادہ ذہنی، عالی ظرفی، انسانی ہمدردی اور اس کے ساتھ ہی فنی پختگی ایک دو جگہ نہیں جگہ جگہ نظر آتی ہے۔

غرض پطرس بخاری ایک ایسے مزاح نگار ہیں جنہوں نے اردو ادب کو مزاح کا ایک معیاری نمونہ دیا ہے۔ ان کی باریک بین نگاہیں معمولی سے معمولی واقعہ میں بھی مزاح کا پہلو تلاش کر لیتی ہیں اور وہ اردو مزاح نگاری کی دنیا میں ایک مجتہد کا درجہ رکھتے ہیں انہوں نے اپنے موضوعات انسانی زندگی سے لئے ہیں اور ان کے مزاحیہ مضامین ایک ایسی دلچسپی کے حامل ہیں جو کبھی ماند نہیں پڑ سکتی۔ اپنی مزاح نگاری کی انہی گوناگوں اوصاف کی بنا پر پطرس بخاری میرے پسندیدہ مزاح نگار ہیں۔

.... ☆ ....

سوال: تعمیر وطن میں طلبہ کا مقام پر ایک مضمون سپرد قلم کریں؟

جواب:

تعمیر وطن میں طلبہ کا مقام

تاریخ عالم کے اوراق شاہد ہیں کہ ہر ملک اور ہر قوم کے اندر جب بھی کوئی انقلابی تبدیلی رونما ہوئی ہے اس میں نوجوانوں اور طالب علموں نے بنیادی کردار ادا کیا ہے۔ کسی قوم پر جب بھی کوئی مشکل وقت آتا ہے تو سب سے پہلے نوجوان اور طلبہ ہی قوم کی کشتی کو اس مشکل کے کڑے وقت سے نکالنے کیلئے آگے بڑھتے ہیں۔ خود پاکستان کی تاریخ اس بات کی گواہی دیتی ہے کہ طلبہ نے منظم ہو کر ہر آڑے وقت میں قوم کو سہارا دیا ہے۔ طلبہ تحریک پاکستان کا ہراول دستہ تھے۔ انہوں نے قیام پاکستان کی جدوجہد میں بڑھ چڑھ کر اور نہایت جوش و خروش سے حصہ لیا۔ انہوں نے قائد اعظم محمد علیؒ کی آواز پر لبیک کہتے ہوئے ان تھک محنت، جانفشانی اور شبانہ روز مساعی سے قائد اعظم کے مشن کو قریہ قریہ بستی بستی اور گھر گھر پہنچایا۔ انہوں نے دور دراز قصبوں اور دیہات میں جا جا کر لوگوں کو نہ صرف پاکستان کا مطلب سمجھایا بلکہ مطالبہ پاکستان کے حق میں فضا بھی ہموار کی۔ ان طلبہ میں کام کی بڑی لگن تھی۔ وہ غضب کے جوش عمل سے سرشار تھے۔ پاکستان کے حصول کی خاطر وہ اپنی تعلیم اور عیش و آرام کو چھوڑ کر برصغیر کے گوشے گوشے میں تحریک پاکستان کے کارکن بن کر پھیل گئے اور اس طرح قوم کو پاکستان کی منزل تک پہنچانے میں ایک اہم اور فیصلہ کن کردار ادا کیا۔

اسی طرح جب صوبہ خیبر پختونخواہ میں ریفرنڈم کا مرحلہ آیا تو طلبہ نے آگے بڑھ کر عوام کی رہنمائی کی جس کے نتیجے میں اس صوبے کے غیور مسلمانوں نے قائد اعظم کی قیادت پر اعتماد کا اظہار کرتے ہوئے پاکستان کے حق میں رائے دی۔ پھر پاکستان کے قیام کے فوراً بعد خانماں برباد مسلمانوں کے لٹے پٹے قافلے پاکستان پہنچے تو ان کی آبادکاری کے سلسلے میں طلبہ نے ناقابل فراموش مہاجرین کی ہر ممکن دل جوئی کی۔ ان کیلئے راشن، طبی امداد اور دیگر ضروریات کی فراہمی کا بندوبست کیا۔ انہوں نے کمال بے لوثی اور بے غرضی سے مہاجرین کی شب و روز خدمت کر کے ان کی ڈھارس بندھائی اور ان کے زخموں پر اپنے حسن عمل کا مرہم رکھا۔ اسی طرح پاکستان میں وقتاً فوقتاً آنے والے سیلابوں سے برباد ہونے والے ہم وطنوں کی چارہ گری میں بھی طلبہ بڑھ چڑھ کر حصہ لیتے رہے ہیں۔

ستمبر 1965ء اور پھر دسمبر 1971ء کی جنگ میں جب ہماری قومی داؤ پر لگی ہوئی تھی، طلبہ نے آگے بڑھ کر ہر طرح کی خدمات انجام دیں۔ انہوں نے زخمی فوجیوں کیلئے بڑھ چڑھ کر خون کا عطیہ دیا محاذ جنگ پر سامان رسد لے جانے کیلئے اپنی خدمات پیش کیں۔ انہوں نے خود محاذ جنگ پر بھی خدمات انجام دیں۔ شہروں سے سامان رسد اور فوجیوں کیلئے دیگر ضروریات کی فراہمی میں بھرپور تعاون کیا۔ گھر گھر جا کر جہاد فنڈ اکٹھا کیا اور شہری دفاع کے سلسلے میں بھی حتی المقدور اپنا فرض ادا کیا۔

طلبہ کی ان گراں قدر خدمات سے یہ بات روز روشن کی طرح عیاں ہو جاتی ہے کہ طلبہ نے پاکستان کے ہر سیاسی معاشرتی اور معاشی بحران کے وقت قوم اور حکومت کی آواز پر لبیک کہا ہے۔ قوم نے جب بھی طلبہ کو آواز دی ہے طلبہ نے آگے بڑھ کر ایثار و قربانی اور خدمت و جانفشانی کا فریضہ ادا کرتے ہوئے قوم اور وطن کی تعمیر میں حصہ لیا ہے۔ یہ اس بات کا زندہ ثبوت ہے کہ اگر طلبہ کو صحیح رہنمائی میسر آئے اور ان کے جوش جوانی کو تعمیر وطن کے مثبت راستے پر لگایا جائے تو وہ بہت کچھ کر سکتے ہیں اور بہت کچھ کر کے دکھا سکتے ہیں۔

قومی ، ملکی ترقی اور تعمیر وطن میں نوجوان اور بالخصوص طلبہ جو بنیادی کردار ادا کرتے ہیں وہ کسی سے پوشیدہ نہیں مگر یہ کردار بیک وقت ظہور میں نہیں آ جاتا ہے بلکہ اس کے پس منظر میں وہ تعلیم اور تربیت فیصلہ کن کردار ادا کرتی ہے جو طلبہ اپنی درس گاہوں میں حاصل کرتے ہیں۔ جس نہج پر ان کی تربیت ہوتی ہے ویسا ہی ان کا ذہن بنتا ہے اور وہ تکمیل تعلیم کے بعد زندگی کے جس شعبے میں بھی جاتے ہیں وہاں اپنے دائرہ کار میں انہی افعال و اطوار کا مظاہرہ کرتے ہیں جو انہوں نے اپنے زمانہ تعلیم کے دور میں اخذ کیے ہوتے ہیں چنانچہ تعمیر وطن میں مثبت کردار ادا کرنے کیلئے ضروری ہو جاتا ہے کہ دوران تعلیم طلبہ کی تعلیم و تربیت مثبت خطوط پر ہو۔

تعلیم کا زمانہ طلبہ کیلئے صرف تعلیم ہی نہیں ذہنی پختگی حاصل کرنے کا زمانہ بھی ہوتا ہے۔ یہ وہ دور ہوتا ہے جس میں وہ زندگی کے حقائق کا نظری حیثیت سے مطالعہ کرتے ہیں اور یہی نظری مطالعہ آگے چل کر انہیں زندگی کے حقائق کے بارے میں عملی رویہ اختیار کرنے کے بارے میں مدد اور رہنمائی فراہم کرتا ہے۔ یہ بات اس امر کا تقاضا کرتی ہے کہ طلبہ کا زمانہ تعلیم پرسکون ہو ہر قسم کی ہنگامہ آرائی سے پاک ہو اور اس میں کسی بھی طرف سے اور کسی بہانے کی آڑ میں کوئی رخنہ یا رکاوٹ نہ پڑنے پائے۔ اساتذہ کیلئے ضروری ہے کہ وہ طلبہ کو مستقبل کے کردار کیلئے تیار کریں اور طلبہ پر لازم آتا ہے کہ وہ ہر قسم کی شورش، ہنگامہ آرائی، توڑ پھوڑ اور تخریبی سرگرمیوں سے دامن بچاتے ہوئے تعلیم حاصل کریں۔ اپنی درس گاہوں کے اندر اور باہر ان کا طرز عمل مثبت، خوش گوار اور تعمیری ہونا چاہئے۔ اپنے کسی تعلیمی مفاد کی خاطر یا اپنا کوئی جائز مطالبہ پیش کرنے اور اسے منوانے کیلئے انہیں کبھی قانونی آئینی اور اخلاقی حدود سے تجاوز نہیں کرنا چاہیے۔

نوجوانوں بالخصوص طلبہ میں قدرے بے صبری اور جلد بازی کا مادہ ہوتا ہے۔ ان کی سوچ بھی بے لاگ ہوتی ہے اور وہ بڑے بوڑھوں کی طرح مصلحتوں کا شکار ہونے کی بجائے بلا خوف و خطر اپنے دل کی بات زبان پر لے آتے ہیں۔ سچی بات کا اظہار کرتے ہوئے وہ نہ تو ندامت کا شکار ہوتے ہیں اور نہ اپنے اس اقدام کو نفع نقصان کے ترازو میں تولتے ہیں۔ یہی وجہ ہے کہ جب وطن عزیز کی سلامتی کا مسئلہ پیش ہوتا ہے یا بڑی طاقتوں کے کسی سامراجی اقدام کی مذمت اور اس کے خلاف احتجاج کی نوبت آتی ہے تو بڑے بوڑھے تو سوچتے رہ جاتے ہیں مگر طلبہ کی جوانی کچھ نہ کچھ کر گزرتی ہے۔ وہ کلمہ حق بھی بلند کرتے ہیں اور جلوسوں یا جلسوں کی صورت میں اپنے شدید ردعمل کا اظہار بھی کرتے ہیں ان کی ان ہی سرگرمیوں کی بنیاد پر ان کے کردار کی عمارت قائم ہوتی ہے اور انہی کی بدولت وہ وقت پڑنے پر طلبہ کی حیثیت سے یا مستقبل میں قوم کے ذمہ دار افراد کی حیثیت سے ملکی ترقی، قومی اور تعمیر وطن کے ضمن میں اپنا کردار صحیح طور پر ادا کرنے کے قابل ہوتے ہیں۔

اس سلسلے میں تیسری بات یہ ہے کہ طلبہ کو اپنے فطری رجحان کے مطابق درس گاہوں میں مختلف مواقع کی مناسبت سے ہونے والی غیر نصابی سرگرمیوں اور تقریبات میں بھرپور حصہ لینا چاہیے۔ کھیلوں کے مقابلے، تقریری اور تحریری مقابلے، مباحثے، کوئز پروگرام، مطالعاتی سفر اور اسی قسم کی دیگر تقریبات اور سرگرمیوں سے نہ صرف طلبہ کی معلومات میں اضافہ ہوتا ہے بلکہ ان کی مختلف صلاحیتیں بھی پروان چڑھتی

ہیں۔ ان سرگرمیوں میں حصہ لینے سے ان کا ذہنی افق وسیع ہوتا ہے۔ مختلف جسمانی و عقلی مہارتیں حاصل ہوتی ہیں، شخصیت میں خود اعتمادی کا جوہر پیدا ہوتا ہے اپنی بات کہنے کا سلیقہ اور دوسروں کی بات سننے کا حوصلہ پیدا ہوتا ہے، صحت مندانہ مسابقت کا جذبہ ابھرتا ہے اور اس مسابقت کے حوالے سے دوسروں کی جیت اور اپنی ہار کو خوش دلی سے قبول کرنے کی صلاحیت پیدا ہوتی ہے۔ غرض ان سرگرمیوں کی بدولت طلبہ کے بہت سے ایسے جوہر ابھر کر سامنے آتے ہیں جن کا پہلے خود انہیں احساس تک نہیں ہوتا اور یہی جوہر نکھر سنور کر انہیں قوم اور ملک کا جوہر قابل بنانے میں مدد دیتے ہیں۔

اس سلسلے میں چوتھی بات یہ ہے کہ طلبہ کو اپنی تعلیم کے دوران براہ راست سیاسی سرگرمیوں میں حصہ لینے سے اجتناب کرنا چاہئے۔ وہ عملی اور نظری حیثیت سے سیاسیات اور ملکی سیاسی مسائل کا مطالعہ تو کرتے ہیں لیکن اگر وہ عملی سیاست کے میدان میں کودنے کی کوشش کریں گے تو اپنی ناتجربہ کاری اور بے تدبیری کے باعث قوم کو فائدے کی بجائے نقصان پہنچانے کا موجب بنیں گے۔ اس امر کا مشاہدہ اکثر اس وقت ہوتا ہے جب طلبہ بعض مواقع پر غیض و غضب سے مغلوب ہو کر جوش کے سیلاب میں بہہ جاتے ہیں۔ ایسے میں وہ نیک و بد کی تمیز بھی نہیں کر سکتے اور بعض وطن دشمن عناصر کے بہکاوے میں آ کر اپنے ہی ملک کی قیمتی املاک کو تباہ کرنے لگتے ہیں۔ چنانچہ تعلیم کے حصول کے دوران میں انہیں عملی سیاست یا کسی دیگر ایسی سرگرمیوں میں حصہ لینا نہیں چاہئے جو ان کو تعلیم حاصل کرنے کے اصل مقصد سے دور لے جائے۔ اس کی بجائے اگر وہ قومی فلاح و بہبود کی خاطر ملک کی رفاہی اور فلاحی تنظیموں کے کاموں میں حصہ لیں ملک سے جہالت اور ناخواندگی ختم کرنے کیلئے تعلیم بالغاں قسم کے پروگراموں میں حصہ لے کر ملک کے گوشے گوشے میں علم کی روشنی پھیلائیں تو اس سے ان کو گوناگوں تجربات بھی حاصل ہوں گے ان کے ذوق و شوق کی تسکین بھی ہوگی اور ان پر قومی فلاح و بہبود کے جذبے کے ایسے ایسے رنگ آشکار ہوں گے جن سے مستفید ہوتے ہوئے وہ مستقبل میں عملی سیاست میں حصہ لینے کے شوق کو ایک طرح نہیں سو طرح سے پورا کر سکتے ہیں۔

المختصر طلبہ کیلئے لازم ہے کہ حکومت اور معاشرے نے طلبہ کو حصول تعلیم کی خاطر جو جو سہولتیں مہیا کی ہیں اور جو جو مواقع بہم پہنچائے ہیں ان سے وہ پورا پورا فائدہ اٹھائیں دوران تعلیم نہایت دیانت داری، کمال محنت اور کمال یکسوئی سے حصول علم کی کوششوں میں مصروف رہیں۔ دوران تعلیم مختلف تعمیری سرگرمیوں میں حصہ لے کر اپنی ذہنی و جسمانی صلاحیتوں کو پروان چڑھائیں۔ ہر ایسی سرگرمی سے دور رہیں جو انہیں حصول علم کی منزل سے بھٹکاتی یا دور کرتی ہو اور اس طرح ان امنگوں اور آرزوؤں کی تکمیل کریں جو قوم نے ان سے وابستہ کر رکھی ہیں۔ ایسے ہی طلبہ سے بجا طور پر یہ توقع کی جا سکتی ہے کہ وہ نہ صرف دوران تعلیم بلکہ حصول تعلیم کے بعد ملکی ترقی، قومی اور تعمیر وطن کے سلسلے میں ہر نازک مرحلے پر اپنی ذمہ داریوں کا احساس کرتے ہوئے اپنا کردار بھرپور اور مؤثر طور پر ادا کریں گے اور اس طرح اپنے بعد آنے والی نسلوں کیلئے اپنے حسن عمل کی روشن روشن مثالیں قائم کریں گے۔

.... ☆ ....

سوال: ہمارا نظام تعلیم کے موضوع پر مضمون سپرد قلم کریں؟

جواب:

ہمارا نظام تعلیم

تعلیم کیا ہے؟ تعلیم صرف پڑھنا لکھنا سکھانے کا نام نہیں بلکہ یہ ایک ایسا عمل ہے جو انسان کو زندگی گزارنے کے طریقوں کا شعور دیتا ہے اور اس میں زندگی کے مقاصد و فرائض کا احساس پیدا کرتا ہے۔ گویا کہ تعلیم ذہنی، جسمانی اور اخلاقی تربیت کا نام ہے اور اس کا مقصد اونچے درجے کے ایسے مہذب افراد پیدا کرنا ہے جو اچھے انسانوں اور ریاست کے ذمہ دار شہریوں کی حیثیت سے اپنے فرائض انجام دینے کے اہل ہوں اس لحاظ سے ایک قوم کی زندگی کا انحصار ہی اس کی تعلیم پر ہے اور تعلیم ہی وہ عمل ہے جس کے ذریعے افراد کی تعمیر ممکن ہے۔ ایک چینی کہاوت ہے:

"تمہارا منصوبہ اگر سال بھر کے لئے ہے تو فصل کاشت کرو، اگر دس سال کیلئے ہے تو درخت اگاؤ اور اگر دائمی ہے تو مناسب افراد پیدا کرو۔"

چنانچہ افراد کی ذہنی صلاحیتوں کو پروان چڑھانے اور ان کی سیرت و کردار کی تعمیر کرنے میں جو اہمیت کسی ملک یا قوم کے نظام تعلیم کو حاصل ہوتی ہے وہ کسی اور شے کو حاصل نہیں ہوتی۔ انسان کی خام صلاحیتیں نشوونما اور ترقی کیلئے تعلیم و تربیت کی محتاج ہوتی ہیں۔ تعلیم و تربیت ہی کے ذریعے انسان میں وہ اعلیٰ صفات پیدا کی جاسکتی ہیں کہ وہ نہ صرف خود ایک اچھا انسان بن سکے بلکہ اپنے ملک اور معاشرے کیلئے مفید اور کارآمد فرد ثابت ہو سکے۔ نظام تعلیم کی اسی اہمیت کے پیش نظر موجودہ دور کی تمام ترقی یافتہ قومیں افراد کی تعلیم و تربیت پر زور دیتی ہیں۔ افراد کی تربیت محض افراد کی تربیت نہیں ہوتی بلکہ اس طرح دراصل ایک قوم کی تربیت ہوتی ہے۔ تعلیم و تربیت کے ذریعے افراد تیار نہیں ہوتے قوم تیار ہوتی ہے۔ بقول علامہ اقبال.

افراد کے ہاتھوں میں ہے اقوام کی تقدیر
ہر فرد ہے ملت کے مقدر کا ستارا

پاکستان 14 اگست 1947ء کو اسلام کے نام پر ایک آزاد اسلامی مملکت کی حیثیت سے وجود میں آیا تھا اور اس کے قیام کی غرض و غایت یہی تھی کہ ایک ایسا الگ خطہ زمین حاصل کیا جائے جہاں اسلامی اقدار اور اسلام نظام زندگی کو پروان چڑھایا جائے۔ اس لحاظ سے ایک ایسا نظام تعلیم پاکستان کی اولین ضرورت تھا جو نظریہ پاکستان یعنی اسلام کی بنیاد پر قائم ہو اور اسی نظریے کے مطابق نئی نسل کی تربیت اس طرز پر کرے کہ وہ قیام پاکستان کے مقاصد کو بطریق احسن پورا کرنے کے قابل ہو سکے۔ مگر اسے ہماری بدقسمتی کے سوا اور کیا کہا جا سکتا ہے کہ اتنے برس گزر جانے کے باوجود پاکستان میں وہی نظام تعلیم نافذ ہے جو ہمیں انگریزوں سے ورثے میں ملا تھا اور جسے انگریزوں نے اپنے استعماری مقاصد کیلئے وضع کیا تھا۔ انگریزوں نے یہ نظام تعلیم اس لئے نافذ نہیں کیا تھا کہ وہ مسلمانوں کی تہذیب، روایات اور تمدن کو ترقی دیں بلکہ ان کے سامنے یہ مقصد تھا کہ نئی تعلیم کے ذریعے ایسے افراد تیار کیے جائیں جو ہندوستان میں برطانوی انتظامیہ کے کل پرزوں کے طور پر کام کر سکیں۔ اپنی مشہور تعلیمی سفارشات میں لارڈ میکالے نے واضح طور پر یہ کہا تھا کہ ہمارا مقصد ایسے تعلیم یافتہ افراد پیدا کرنا ہے جو اپنی نسل اور رنگ کے اعتبار سے تو ہندوستانی ہوں مگر ذہن اور فکر کے اعتبار سے انگریز ہوں۔ یہی وہ لارڈ میکالے کا تجویز کردہ نظام تعلیم تھا جس کے زور سے انگریزوں نے ہندوستانیوں خصوصاً مسلمانوں کو ان کے مذہب، روایات اور اقدار سے بیگانہ کیا، اور ان کے ذہنوں کو ایسا مفلوج کیا کہ وہ برسوں انگریز کی غلامی کے چنگل میں پھنسے رہے اور اس غلامی کو اپنے لئے باعث افتخار سمجھتے رہے۔

انگریز تو اپنا استعماری بوریا بستر لپیٹ کر یہاں سے جا چکا ہے مگر ہم نے اس کے نظام تعلیم کو پہلے کی طرح سینے سے لگا رکھا ہے اور یہ اسی نظام تعلیم کا ثمر ہے کہ آزادی کے بعد بھی ہماری غلامانہ ذہنیت میں کوئی تبدیلی نہیں آئی۔ ہم نے نہ تو ان مقاصد کی طرف توجہ دی جن کی خاطر پاکستان کا قیام عمل میں لایا گیا تھا اور نہ ان مقاصد کے حوالے سے نظام تعلیم کی بنیادیں از سر نو استوار کرنے کی طرف دھیان دیا۔ ہاں اس انگریز سے وراثت میں ملے ہوئے نظام تعلیم میں بعض جزوی اور سطحی تبدیلیوں کی خاطر کئی تعلیمی کمیشن ضرور قائم ہوئے، ان کمیشنز کی طرف سے تعلیمی سفارشات بھی مرتب ہوئیں اور ان سفارشات کی روشنی میں بعض مضامین کے نصابات میں تبدیلیاں بھی ہوئیں مگر نظام تعلیم کا بنیادی ڈھانچہ وہی رہا جس کی بنیاد انگریزوں نے اپنے استعماری مقاصد کیلئے رکھی تھی۔ ہاں اتنا ضرور ہوا کہ اب ''اسلامیات'' کو ایک لازمی مضمون کے طور پر پڑھایا جانے لگا مگر اس کی حیثیت بھی ٹاٹ میں مخمل کے پیوند سے زیادہ نہیں۔ بقول اکبر الٰہ آبادی

نئی تعلیم میں بھی مذہبی تعلیم شامل ہے
مگر یوں ہی کہ گویا آب زمزم مے میں داخل ہے

چنانچہ ''اسلامیات'' کے مضمون کی لازمی تدریس کا بھی کوئی خاطر خواہ اور مثبت نتیجہ نہیں نکل سکا۔ اس کی وجہ یہی ہے کہ یہ نظام تعلیم انگریزوں کے استعماری مقاصد کیلئے تو موزوں تھا مگر یہ ہمارے نظریاتی تقاضوں کو پورا کرنے سے یکسر قاصر ہے۔ یہ نظام تعلیم نہ تو ہماری نظریاتی اسلامی اور دینی ضرورتوں کو پورا کرتا ہے اور نہ مادی اور دنیاوی اعتبار سے ہمارے لئے سود مند ہے۔ اس نظام تعلیم نے نونہالان قوم کو انسان یا مسلمان بنانے کا کام تو کیا کرنا تھا اس کی بدولت تو ہمارے تعلیمی اداروں سے دھڑا دھڑ ایسے نوجوان نکل رہے ہیں جو انسانی اخلاق سے بھی عاری ہیں اور اسلامی اخلاق سے بھی بے بہرہ ہیں۔ اس کا نتیجہ یہ ہے کہ حکومت کی باگ ڈور ایسے افراد کے ہاتھوں میں جا رہی ہے جن کی اکثریت دیانت، امانت اور فرض شناسی کے اوصاف سے تہی ہے اور جو اپنے ذرا سے فائدے کیلئے اپنے ملک اور اپنی قوم تک کو داؤ پر لگا سکتے ہیں۔

انگریزوں کے وضع کردہ اس نظام تعلیم نے مسلمانوں پر جو اثرات بد قائم کیے۔ ان کا احساس خود علی گڑھ تحریک کے بانی اور انگریزی تعلیم کے سب سے بڑے حامی سرسید احمد خاں کو بھی آخری عمر میں ہو گیا تھا اور انہوں نے دکھ بھری حیرت کا اظہار کرتے ہوئے کہا تھا کہ ''تعجب ہے کہ جو تعلیم پاتے جاتے ہیں اور جن سے قومی بھلائی کی امید تھی وہ مادہ پرست اور بدترین قوم ہوتے جاتے ہیں۔'' مولانا شبلی نعمانی نے انگریزی درس گاہوں کو ''خالی کوٹ پتلون کی نمائش گاہ'' قرار دیا تھا اور اکبر الٰہ آبادی نے اپنے بے پناہ تہذیبی شعور اور دور اندیشی کی بدولت اس نظام تعلیم کے مضمرات کا اندازہ لگا لیا تھا۔ اسی لئے وہ کہتے ہیں۔

شیخ مرحوم کا قول اب بھی مجھے یاد آتا ہے
دل بدل جائیں گے تعلیم بدل جانے سے
مسجدیں سنسان ہیں اور کالجوں میں دھوم ہے
مسئلہ قومی ترقی کا مجھے معلوم ہے

علامہ اقبال کو اس نظام تعلیم کی ہولناکیوں کا بخوبی اندازہ تھا، چنانچہ انہوں نے اپنے کلام میں جگہ جگہ اسے بڑی شدت سے ہدف تنقید بنایا ہے۔

گلا تو گھونٹ دیا اہل مدرسہ نے ترا
کہاں سے آئے صدا لا الہ الا اللہ
شکایت ہے مجھے یارب خداوندان مکتب سے
سبق شاہیں بچوں کو دے رہے ہیں خاک بازی کا

خوش تو ہیں ہم بھی جوانوں کی ترقی سے مگر
لب خنداں سے نکل جاتی ہے فریاد بھی ساتھ
ہم سمجھتے تھے کہ لائے گی فراغت تعلیم
کیا خبر تھی کہ چلا آئے گا الحاد بھی ساتھ

یہ صورت حال موجودہ نظام تعلیم کی فوری تبدیلی کا تقاضا کرتی ہے۔ پہلے اگر ہم انگریز کے وضع کردہ نظام تعلیم کو اپنی مجبوری اور بے بسی کے تحت گوارا کیے ہوئے تھے تو اب تو اس کو سینے سے لگانے اور لگائے رکھنے کا کوئی جواز باقی نہیں ہے۔ اب تو ہمیں اپنے حسب حال نظام تعلیم مرتب اور نافذ کرنا چاہیے جو ہمارے نظریاتی تقاضوں کو پورا کرنے کے علاوہ ہماری دینی اور دنیاوی ضرورتوں کو کماحقہ پورا کر سکے۔ ایسے نظام تعلیم کیلئے ضروری ہے کہ وہ تعلیم کے مندرجہ ذیل پانچ اسلامی اصولوں سے مطابقت رکھتا ہو۔

مقصد تعلیم

تعلیم بجائے خود ایک منزل نہیں بلکہ منزل کے حصول کا ایک ذریعہ ہے۔ اس کی حقیقی منزل طلبہ کو اپنے نظریہ حیات اور تمدن و ثقافت سے آگہی اور وابستگی بہم پہنچانا ہے۔ اس لئے تعلیم کا اولین مقصد یہ ہونا چاہیے کہ طلبہ میں ان کے مذہب اور نظریہ حیات کی سوجھ بوجھ پیدا کرے اور انہیں بتائے کہ وہ کس طرح اپنے مقصد حیات کی خاطر دنیا کی تمام قوتوں کو بروئے کار لائیں۔ چنانچہ تعلیم کو ایسے افراد پیدا کرنے چاہئیں جو انفرادی اور اجتماعی زندگی کے بارے میں اسلامی نظریات پر پورا یقین رکھتے ہوں تا کہ وہ اسلامی تعلیمات کی رو سے اپنا راستہ خود بنا سکیں۔ اسلامی تہذیب و ثقافت کے پس منظر میں تعلیم کا بنیادی مقصد طلبہ میں مذہب کی سچی روح پیدا کرنا اور اس حوالے سے انہی صحیح معنوں میں ایک مکمل اور صحت مند زندگی کیلئے تیار کرنا ہے۔

تصور علم

اسلام نے علم کا جو تصور دیا ہے، اس میں سب سے بنیادی چیز یہ ہے کہ علم کا سرچشمہ ذات باری تعالیٰ ہے۔ نیز یہ کہ علم کا تعلق محض لوازمات حیات سے ہی نہیں مقصد حیات سے بھی ہے اور لوازمات حیات کو لازماً مقصد حیات کے تابع ہونا چاہیے۔ یہ وہ تصور ہے جس سے ہمارے نظام تعلیم کا پورا مزاج بنتا ہے۔ اسلام کے تصور علم میں تعلیم اور تربیت دونوں کو یکساں اہمیت دی گئی ہے۔ یہی وجہ ہے کہ مسلمانوں میں تعلیم اور سیرت سازی ایک ہی حقیقت کے دو پہلو رہے ہیں۔

انفرادیت و اجتماعیت میں توازن

اسلام فرد کی ذاتی شخصیت پر یقین رکھتا ہے اور ذاتی طور پر ہی ہر ایک کو آخرت میں خدا کے سامنے ذمہ دار اور جواب دہ ٹھہراتا ہے۔ اسلام فرد کے بنیادی حقوق کی ضمانت دیتا ہے اور کسی کو ان میں مداخلت کی اجازت نہیں دیتا۔ اسلام اس خیال کا حامی نہیں کہ فرد کو اجتماع یا ریاست میں اپنی انفرادیت کھو دینی چاہیے۔ قرآن ہمیں بتاتا ہے کہ

''انسان کو وہی کچھ ملتا ہے جس کی وہ کوشش کرتا ہے'' نیز ارشاد باری تعالیٰ ہے کہ ''اللہ کسی نفس پر اس کی قدرت سے بڑھ کر ذمہ داری کا بوجھ نہیں ڈالتا۔ ہر شخص نے جو نیکی کمائی ہے، اس کا پھل اس کیلئے ہے اور جس نے بدی سمیٹی ہے اس کا وبال اس پر ہے۔''

اس سے ظاہر ہوتا ہے کہ اسلام فرد کی انفرادی شخصیت کی نشوونما اور ارتقاء چاہتا ہے اور اس کی خوابیدہ صلاحیتوں کو تعلیم و تربیت کے

ذریعے بیدار کر کے اسے معاشرے کا ایک ذمہ دار فرد بنانا چاہتا ہے۔ اس سے معلوم ہوتا ہے کہ اسلام انفرادیت اور اجتماعیت میں توازن پیدا کرتا ہے۔

تعمیر کردار

اسلام میں نیک اعمال اولین اہمیت کے حامل ہیں۔ اس لئے قرآن پاک میں ایمان اور عمل صالح کی بیک وقت تلقین کی گئی ہے۔ اس لحاظ سے تعلیم میں سب سے زیادہ اہمیت فرد کے کردار کی تشکیل کو حاصل ہونی چاہیے کیونکہ تعلیم جب تک اچھے کردار تعمیر نہیں کرے گی اپنا حقیقی مقصد کبھی حاصل نہ کر پائے گی۔ کردار کے بنیادی رجحانات کی اساس اگرچہ زندگی کے ابتدائی دور ہی میں پڑ جاتی ہے مگر اس کی تعمیر میں اہم کردار بہر حال تعلیم گاہوں کا ہوتا ہے اور تعلیم کے تمام مراحل میں اساتذہ کو اپنی زندگی اپنے کردار اور اپنے عمل سے اپنے شاگردوں کے سامنے ایک قابل تقلید نمونہ پیش کرنا چاہیے۔ نیز درسگاہوں کا ماحول بھی ایسا ہونا چاہیے جو اس سلسلے میں مدد و معاون ثابت ہو۔

تکمیل حیات

اسلام زندگی اور اس کی مسرتوں کو ترک کرنے کا نام نہیں بلکہ وہ ان کی تکمیل کا داعی ہے۔ اس کا تقاضا ہے کہ ہماری تعلیم کو ہمارے نوجوانوں کی زندگی اور اس کے مطالبات کی تکمیل کیلئے تیار رہنا چاہیے۔ انہیں زندگی گزارنے کے طریقوں کی تربیت دینی چاہیے اور انہیں معاشرے کی گوناگوں ضرورتوں کو پورا کرنے کے لائق بنانا چاہیے۔ اسلام رہبانیت یا ترک دنیا کا مخالف ہے اور چاہتا ہے کہ انسان زندگی کی کشاکش کے درمیان حق و انصاف کے ساتھ اپنی زندگی گزارے۔ قرآن ہمیں دنیا اور آخرت کے بہترین حصول کی تعلیم دیتا ہے۔ اسلام کی نظر میں انسانی محنت و مشقت نہایت ہی قابل قدر ہے اور وہ اس امر کو پسند کرتا ہے کہ ہر فرد اپنی روزی خود کمانے کے قابل ہو۔ اس لحاظ سے تعلیم کو دیانت دارانہ، منصفانہ اور معقول معاش کے حصول میں مدد و معاون ہونا چاہیے۔ اس سے یہ نتیجہ نکلتا ہے کہ تعلیم کو معاشرے کی اقتصادی، سماجی، سائنسی اور فنی ضروریات بھی پوری کرنی چاہئیں۔ تعلیم میں اتنا عملی عنصر ضرور ہونا چاہیے کہ ہر فرد معاشی استحکام حاصل کر سکے۔

مندرجہ بالا پانچ اصولوں پر مبنی نظام تعلیم ہی ہمیں وہ نوجوان مہیا کر سکتا ہے جو اچھے انسان، اچھے مسلمان اور اچھے پاکستانی ہوں، جو کسی کی ذہنی غلامی میں مبتلا نہ ہوں بلکہ فخر کے ساتھ اپنے مسلمان اور پاکستانی ہونے کا اظہار کر سکیں اور جن کے ذہنوں پر اسلام کی حقانیت کا نقش ایسا ثبت ہو کہ کسی کے مٹانے سے نہ مٹ سکے۔ اس نظام تعلیم کی جزئیات طے کرنا تو اہل نظر ماہرین ہی کا کام ہے لیکن اس امر کی طرف اشارہ ضرور کیا جا سکتا ہے کہ یہ مقصد تعلیم کے ہر گوشہ اور ہر شعبہ میں اسلامی نظریہ حیات کی روح جاری و ساری کرنے ہی سے حاصل ہوگا۔ اس کیلئے قرآن و حدیث اور دین کی لازمی تعلیم کے ساتھ دیگر علوم و فنون کو بھی اسلامی نقطہ نظر کے مطابق ترتیب دے کر پڑھانا ہوگا۔ نئی کتابوں کی تالیف، ترتیب اور تدوین بھی اسی نقطہ نظر سے کرنی ہوگی۔ اس کیلئے تمام تعلیمی سرگرمیوں کی تشکیل نو کرنی ہوگی اور ایک ایسا ماحول تخلیق کرنا ہوگا جو ان مقاصد کے حصول میں مدد و معاون ہو تا کہ طالب علم درس گاہوں میں صرف پڑھنا لکھنا ہی نہ سیکھیں بلکہ ایسے کردار کی نشوونما، تعمیر اور تشکیل کریں جو ہر اعتبار سے مثالی مسلمان کا نمونہ ہو۔

اچھے سے اچھا اور مثالی سے مثالی نظام تعلیم بھی اپنے مطلوبہ مقاصد حاصل نہیں کر سکتا جب تک کہ اسے روبہ عمل لانے والے اور طلبہ کو تعلیم و تربیت کے جوہر سے صیقل کرنے والے اساتذہ کی معقول تعداد میسر نہ ہو۔ یوں بھی طلبہ پر اساتذہ کی زبانی تلقین سے کہیں زیادہ اثر ان کے عملی کردار اور نمونے کا ہوتا ہے۔ چنانچہ اگر ہمیں اپنے حسب حال نظام تعلیم سے حسب منشاء نتائج حاصل کرنے ہیں تو اس کیلئے ضروری ہے کہ اساتذہ کا انتخاب کرتے وقت قوم کے بہترین دماغ منتخب کیے جائیں اور پھر ان کی تربیت کیلئے ایسے خصوصی تربیتی ادارے قائم کیے جائیں جو انہیں اس قابل بنا دیں کہ وہ طلبہ کو اپنی بہترین صلاحیتیں، بہترین اخلاق اور بہترین کردار منتقل کر سکیں۔

ہماری قومی و ملی بقا کا تقاضا ہے کہ ایسا نظام تعلیم جلد وضع اور نافذ ہوتا کہ وہ مقصد بطریق احسن پورا ہو سکے جس کیلئے پاکستان قائم ہوا تھا، ہماری قومی ضرورتوں کی تکمیل ہو سکے، ہماری وہ ملی امنگیں بر آسکیں جن سے ملت کے ہر فرد کا سینہ آباد ہے اور سچے علم کی روشنی سے وہ ہمہ گیر انقلاب برپا ہو سکے جو اسلام کا مقصود و مطلوب ہے۔

.... ☆ ....

سوال: پاکستان کی جغرافیائی اہمیت بیان کیجیے؟

جواب:

پاکستان کی جغرافیائی اہمیت

جنوبی ایشیاء میں واقع پاکستان اپنے محلِ وقوع کے اعتبار سے دنیا کے انتہائی اہم ترین ممالک میں شمار ہوتا ہے۔ بین الاقوامی معاملات میں پاکستان کا کردار اس کی جغرافیائی اہمیت کو اچھی طرح واضح کرتا ہے۔ سوویت یونین کے ٹوٹنے، وسطی ایشیاء کی ریاستوں کی آزادی، چین، افغانستان، بھارت اور ایران کی ہمسائیگی اور سب سے بڑھ کر یہ کہ خلیج فارس کے دہانے پر واقع پاکستان کافی زیادہ اہمیت کا ملک ہے۔ وسط ایشیائی ریاستوں اور افغانستان کو گرم پانیوں تک رسائی کیلئے سب سے کم فاصلے والا زمینی راستہ سرزمینِ پاکستان سے ہی ہو کر گزرتا ہے۔ جبکہ آنے والے دنوں میں چین بحیرہ ہند کے پانیوں تک رسائی حاصل کرنے کیلئے بھی پاکستان کا محتاج ہے۔ ان ممالک کے تجارتی و معاشی مفادات کا محافظ پاکستان خطے میں اہم ترین نیوکلیئر پاور اور منظم ترین فوج کی وجہ سے بھی اقوامِ عالم بالخصوص اسلامی اُمہ کا سب سے اہم ملک ہے۔ پاکستان کی انتہائی منظم حربی قوت کی طاقت کا راز اس کا جغرافیائی محلِ وقوع ہے۔ پاکستان کی جغرافیائی اہمیت میں مندرجہ ذیل حوالوں کو بہت زیادہ اہمیت حاصل ہے۔

داعی اتحاد مسلم امہ

پاکستان امتِ مسلمہ کے ممالک کے تقریباً عین وسط میں واقع ہے۔ مشرقِ بعید، وسط ایشیاء عرب ممالک اور افریقہ میں واقع تمام مسلمان ممالک کے ساتھ پاکستان بری و بحری راستوں سے با آسانی رابطہ استوار کر سکتا ہے۔ امتِ مسلمہ کے ممالک کے وسط میں واقع پاکستان ذہین افرادی قوت، بے پناہ قدرتی وسائل اور سائنس، ٹیکنالوجی پر عبور کے باعث دنیا کے اہم ترین ممالک میں شمار ہوتا ہے۔ لاالہ الااللہ کے نام پر بسنے والا یہ ملک روزِ اوّل سے اتحادِ امتِ مسلمہ کیلئے کوشاں رہا ہے۔ اسلامی سربراہی کانفرنس (OIC) کی تشکیل اور دیگر اہم مسائل پر پاکستان کا دوٹوک اور واضح مؤقف اس کا زندہ ثبوت ہے۔

پاک چین دوستی

1948ء میں آزاد ہونے والے ملک چین کو سب سے پہلے پاکستان نے تسلیم کیا۔ چین کی آزادی کے دن سے دونوں ممالک کے درمیان استوار ہونے والے تعلقات وقت گزرنے کے ساتھ اخوت اور دوستی کے لازوال بندھنوں میں گرفتار ہوتے چلے گئے۔ یہاں تک کہ دنیا میں پاک چین دوستی کے عنوان سے مستقل محاورے نے جنم لیا۔ پاکستان اور چین کی لازوال دوستی نے عالمی سطح اور خطہ میں طاقت کے توازن کو بحال رکھا۔ پاکستان نے اپنی جغرافیائی اہمیت کا فائدہ اٹھاتے ہوئے چین اور امریکہ کے درمیان پائے جانے والے اختلافات کے خاتمے اور انہیں دوستی کی راہ پر گامزن کرنے میں اہم کردار ادا کیا۔ یحییٰ خان کے دور میں امریکی وزیر خارجہ ہنری کسنجر نے چین کا دورہ کر کے

اس کے ساتھ سفارتی تعلقات قائم کیے۔ پاکستان ہی کی کوششوں سے چین کو اقوام متحدہ کی سلامتی کونسل میں مستقل رکن کا عہدہ ملا۔ حوادثِ زمانہ سے قطع نظر دونوں ممالک نے ہر دور میں ایک دوسرے کے مفادات کا بھرپور تحفظ کیا۔ دونوں ممالک کے درمیان موجود سیاسی، سماجی، معاشی، سائنسی تعلقات کی موجودگی کی وجہ سے پاکستان کو دنیا کے انتہائی اہم ممالک میں شمار کیا جاتا ہے۔

اسرائیل کا مخالف

یہودیوں نے طاقتور اقوامِ عالم کی آشیر آباد سے سرزمینِ فلسطین پر ناجائز تسلط جما کر عرب ممالک کے ساتھ محاذ آرائی شروع کردی۔ پاکستان نے اسرائیل کے وجود کو تسلیم نہ کرنے کے علاوہ تمام فورمز پر اس کی بھرپور مخالفت کی ہے۔ پاکستان نے فلسطینیوں کے حقِ خودارادیت اور غصب کردہ عرب علاقوں کی واپسی کیلئے بھرپور آواز بلند کی۔ پاکستان دنیا کا واحد ملک ہے جس کے پاسپورٹ پر اسرائیل کا سفر کرنے کی ممانعت کی ہدایت موجود ہے۔ اسرائیلی جارحیت کے خلاف پاکستان کا مؤقف امتِ مسلمہ کے ساتھ یک جہتی اور اس کے جداگانہ اسلامی تشخص کا سب سے بڑا ثبوت ہے۔

عرب ممالک کے ساتھ تعلقات

پاکستان کے عرب ممالک کے ساتھ دوستانہ اور روحانی روابط موجود ہیں۔ یہی وجہ ہے کہ پاکستان عرب ممالک کو سیاسی، سماجی، معاشی، تعلیمی اور ثقافتی شعبوں میں ہر ممکن مدد اور تعاون فراہم کرنے میں ہمیشہ پیش پیش رہا ہے۔ عرب ممالک کے ساتھ برادرانہ تعلقات کی بناء پر پاکستان کی جغرافیائی اہمیت میں بے پناہ اضافہ ہوا ہے۔

ایران و وسط ایشیائی ریاستیں

14 اگست 1947ء کو پاکستان نے آزادی حاصل کی تو اسے تسلیم کرنے والا سب سے پہلا ملک ایران تھا۔ قیامِ پاکستان کے پہلے روز سے ہی ایران اور پاکستان کے درمیان قائم ہونے والے تعلقات میں دن بدن استحکام پیدا ہوا ہے۔ ایران اور پاکستان کے درمیان مستحکم برادرانہ تعلقات کی بنیادی وجہ ان کا مشترکہ مذہبی اور ثقافتی ورثہ ہے۔ ضرورت پڑنے پر ایران نے ہمیشہ پاکستان کی بھرپور مدد کی۔ 1965ء کی پاک بھارت جنگ کے دوران پاکستان کو ہر قسم کی فوجی امداد فراہم کرنے والے ممالک میں ایران کا نام سرفہرست ہے۔ پاک ایران سرحد ہر قسم کے خطرات سے پاک علاقہ تصور کیا جاتا ہے۔ 1979ء میں ایران کے اسلامی انقلاب کے بعد پاک ایران تعلقات میں نئی گرم جوشی پیدا ہوئی۔ آر سی ڈی میں شامل ایران، ترکی اور پاکستان نے بعد ازاں خطے کے دیگر ممالک کے ساتھ مل کر ای سی او (Ecomomic Coopration Organization) تشکیل دی۔ اس تنظیم کے قیام سے خطے کے تمام ممالک کو معاشی ترقی کے یکساں مواقع میسر آئے۔

سوویت یونین نے گزشتہ صدی کے اوائل میں وسط ایشیاء میں واقع مسلم ریاستوں آذربائی جان، تاجکستان، ترکمانستان، قازقستان اور کرغیزستان پر بزورِ طاقت قبضہ کرلیا۔ ان ممالک کے مسلمانوں کے ساتھ پاکستان کے مذہبی اور ثقافتی رشتے ہر دور میں قائم رہے۔ 1979ء میں افغانستان پر سوویت یونین (روس) نے حملہ کیا تو غیور افغان قوم نے اُس کے خلاف ہتھیار اٹھالیے۔ نتیجتاً سوویت یونین 1988ء میں بے آبرو ہو کر افغانستان سے واپس چلا گیا۔ افغانستان میں سوویت یونین کی رسوائی کے بعد وسط ایشیائی ریاستوں کی محکوم قوموں کو نیا جذبہ اور حوصلہ نصیب ہوا۔ ان ممالک کے غیور عوام نے سوویت یونین سے یکے بعد دیگرے آزادی حاصل کرلی۔ یہ ریاستیں پاکستان کے ساتھ مذہبی اور ثقافتی حوالے سے گہرا تعلق رکھتی ہیں۔ اس لئے ان کے ساتھ پاکستان کا سیاسی، معاشرتی، معاشی اور دیگر تعلقات قائم ہونا لازمی امر تھا۔ پاکستان نے ان ممالک کو بحیرۂ عرب کے ذریعے تجارت کی سہولت فراہم کرنے کیلئے ذرائع مواصلات کو بھرپور ترقی دیتے ہوئے ان ممالک

کے ساتھ سیاسی، سماجی، معاشی، معاشرتی اور تعلیمی تعلقات استوار قائم کیے۔ ای سی او کے پلیٹ فارم پر اکٹھے یہ ممالک خطے میں امن واستحکام کا باعث ہیں۔ پاکستان افغانستان کے راستے ان ریاستوں سے تجارتی تعلق قائم کرسکتا ہے۔ اس لیے پاکستان افغانستان کو پر امن ملک کے طور پر دیکھنے کا خواہاں ہے۔ کیونکہ وسط ایشیاء کے ممالک پاکستان کیلئے ایسی بہترین مارکیٹ ثابت ہو سکتے ہیں جہاں پاکستانی مال کو باآسانی فروخت کیا جاسکتا ہے۔

حاصل مطالعہ

اپنے محلِ وقوع اور علاقائی ممالک کے ساتھ پر جوش اور مستحکم تعلقات کی وجہ سے پاکستان کی جغرافیائی اہمیت مسلمہ ہے۔ سارک، ای سی او، باؤ فورم کی رکنیت رکھنے کی وجہ سے پاکستان کو معاشی طور پر بہت زیادہ محتاط رہنے کی ضرورت ہے۔ امریکہ دنیا میں کسی ایسے ملک کو برداشت کرنے کو تیار نہیں جو اس کے معاشی تحفظات کیلئے خطرہ ثابت ہو۔ آسیان، یورپی یونین اور باؤ فورم کی تشکیل اور ان کے پھیلاؤ کی وجہ سے دنیا میں یورپ اور ایشیاء کی بنیاد پر نئے اقتصادی بلاک بنتے نظر آرہے ہیں جو یقیناً امریکہ کے معاشی مفادات کو نقصان پہنچانے کا سبب ہوں گے۔ انہی خطرات کو مدنظر رکھتے ہوئے امریکہ نے جارحانہ رویہ اختیار کرتے ہوئے تعلیمی میدان میں پسماندہ ممالک کے وسائل پر قبضہ جمانا شروع کر دیا ہے۔ افغانستان اور عراق پر قبضہ اسی سلسلے کی ایک کڑی ہے۔ امریکہ کی اس جارحانہ پالیسی سے دنیا کے دیگر طاقتور صنعتی ممالک جرمنی، فرانس، روس اور چین قطعاً متفق نہیں ہیں۔ یہ ممالک امریکہ کی جارحانہ پالیسیوں کی مسلسل مخالفت کر رہے ہیں۔ عراق میں امریکی فوجوں کے خلاف جاری مزاحمت اور اُس میں شدت پیدا ہونے کے بعد امریکہ کو اپنا قبضہ برقرار رکھنے کیلئے اقوامِ متحدہ کی ضرورت پیش آئی تو اُس نے منافقانہ طور پر اُسے مدد کیلئے طلب کرنا شروع کر دیا ہے۔ پاکستان نے امریکی دباؤ کے باوجود عراق میں فوجیں بھجوانے سے انکار کر دیا تھا۔ لیکن افغانستان میں امریکہ کو جن نامساعد حالات کا سامنا ہے اُس کی وجہ سے وہ فوری طور پر پاکستان سے ٹکرانے سے گریز کر رہا ہے۔ لیکن اُسے جیسے ہی موقع میسر آئے گا وہ پاکستان کو اس گستاخی کا مزہ ضرور چکھانے کی کوشش کرے گا۔ اپنے جغرافیائی محلِ وقوع کی بناء پر پاکستان آسیان، یورپی یونین اور دیگر اقتصادی فورموں کی ناگزیر ضرورت ہے۔ ایسے حالات میں پاکستان کو چاہئے کہ وہ ازسرِنو خارجہ پالیسی تشکیل دیتے ہوئے خطے کے تمام ممالک کے ساتھ سیاسی، معاشی اور معاشرتی تعلقات کو مزید مضبوط بناتے ہوئے نئے اتحادیوں اور اپنے مال کیلئے مارکیٹوں کی تلاش کرے تاکہ تیزی سے بدلتے ہوئے عالمی حالات کے مطابق پاکستان اقوام عالم بالخصوص مسلمہ امہ کی قیادت کا فریضہ سرانجام دے سکے۔

.... ☆ ....

سوال: پاکستان کے اقتصادی مسائل کا جائزہ لیں اور ان کے حل کے لیے تجاویز بھی لکھیں؟

جواب:

پاکستان کے اقتصادی مسائل

انسانی معاشرہ ضروریات کی بنیاد پر تشکیل پاتا ہے۔ معاشرے کی ان ضروریات کو معاشرہ جس قدر فعالیت سے پورا کرے گا اسی قدر معاشرہ ترقی یافتہ ہوگا۔ معاشی مسائل سے مراد یہ ہے کہ کسی ملک کی معاشی زندگی کا انحصار جن عوامل یا چیزوں پر ہے ان کے حوالے سے کس قسم کے مسائل کا سامنا ہے۔ قدیم معاشروں میں معاشی ادارے وجود نہیں رکھتے تھے۔ معاشروں کے زرعی معاشروں میں تبدیل ہونے سے پیداوار بڑھی تو معاشی اداروں کے قیام کی ضرورت محسوس ہونے سے معاشی ادارے بتدریج قائم ہونے لگے۔ بعد ازاں صنعتی دور کے آغاز کے بعد معاشی اداروں کی اہمیت مسلمہ ہوگئی۔ صنعتی معاشروں کے قیام سے معاشی سرگرمیوں نے زور پکڑا اور اشیاء کے تبادلہ کی بجائے اشیاء کی خرید و فروخت میں قیمت کا تعین کیا جانے لگا تو معاشی مسائل میں اضافہ ہوتا چلا گیا۔ دورِ حاضر میں پاکستان کو حسب ذیل معاشی مسائل کا سامنا ہے۔

صنعتی مسائل

پاکستان کا شمار جو صنعتی طور پر پسماندہ ممالک میں ہوتا ہے۔ قیامِ پاکستان سے پہلے انگریزوں نے ان علاقوں میں کوئی قابلِ ذکر صنعتی ڈھانچہ قائم نہیں کیا تھا۔ جن علاقوں پر پاکستان کا قیام عمل میں آیا وہاں صنعتیں نہ ہونے کے برابر تھیں۔ اسی طرح اس خطے میں صرف ایک بندرگاہ کراچی کے مقام پر قائم تھی۔ جبکہ ہندوستان میں بڑی بندرگاہیں کلکتہ، مدراس اور بمبئی موجود تھیں۔ یہ شہر بڑے صنعتی شہر بھی تھے۔ اس لئے قیامِ پاکستان کے وقت صنعتی ڈھانچہ نہ ہونے کی وجہ سے پاکستان کو مشکلات کا سامنا کرنا پڑا۔

سیاسی مسائل

ملک کے نظم ونسق کو بہتر طریقے سے چلانے کے لئے ضروری ہے کہ ملک کا اپنا ایک آئین ہو۔ تاہم پاکستان کی یہ بدقسمتی تھی کہ قیامِ پاکستان کے وقت اس کا اپنا آئین نہ تھا بلکہ اسے گورنمنٹ آف انڈیا ایکٹ 1935ء کو اپنانا پڑا۔ بعدازاں 1956ء میں پہلا آئین تشکیل دیا گیا تو اس پر عملدرآمد نہ ہوسکا۔ سیاستدانوں کی نااہلی، نالائقی، فوج کی بار بار سیاسی مداخلت اور کرپٹ انتظامی ڈھانچے کی وجہ سے قوم کو آج بھی بہت سے سیاسی و آئینی مسائل کا سامنا ہے۔ 1973ء کے آئین میں 20 ترامیم ہونے کے باوجود بھی پاکستان کے سیاسی و آئینی مسائل سر اٹھائے کھڑے ہیں۔ ان مسائل کے باعث منفی قوتیں پاکستان میں زور پکڑ چکی ہیں۔

غیر ملکی سرمایہ کاری نہ ہونا

قائداعظم محمد علی جناح کی وفات کے بعد سے پاکستان مسلسل سیاسی عدم استحکام کا شکار چلا آ رہا ہے۔ سیاسی عدم استحکام حکومتوں کی ناپائیداری اور پالیسیوں میں تسلسل کے فقدان نے غیر ملکی و ملکی سرمایہ کاروں کو پاکستان آنے سے روکے رکھا۔ آج تک بننے والی تمام حکومتوں نے ذاتی اغراض اور ڈنگ ٹپاؤ پالیسی کے تحت معاملات کو نمٹایا ہے۔ جبکہ ماضی میں ذوالفقار علی بھٹو کے دورِ حکومت میں نجی سرمایہ کاری کی حوصلہ شکنی نے پاکستان کو صنعتی استحکام کی منزل سے دور کر دیا تھا۔ اس دور میں اُٹھائے گئے اقدامات کا قوم آج تک خمیازہ بھگت رہی ہے۔

زرعی مسائل

پاکستان بنیادی طور پر زرعی ملک ہے۔ یہاں صنعتوں کے لیے خام مال زراعت کے شعبہ سے ہی حاصل ہوتا ہے۔ بدقسمتی سے ہمارا زرعی نظام پسماندگی کا شکار ہے اور پاکستان کی بہت سی زمین پانی کی کمی، سیم وتھور اور دیگر وجوہات کی بناء پر بنجر اور غیر آباد ہے۔ اس پر مزید ظلم یہ کہ پاکستان کا کسان کاشتکاری کے جدید طریقوں کو اپنانے کے لیے تیار نہیں ہے۔ اس کی ایک بڑی وجہ غربت بھی قرار دی جاسکتی ہے۔

معدنی وسائل

کسی بھی صنعتی نظام کو کامیابی سے چلانے کیلئے قدرتی وسیلے یعنی معدنیات ایک اہم عنصر کی حیثیت رکھتی ہیں۔ بدقسمتی سے قیامِ پاکستان سے لے کر آج تک معدنیات اور دیگر قدرتی وسائل مثلاً تیل، کوئلہ، لوہا وغیرہ کی کان کنی پر آج تک توجہ نہیں دی گئی۔ پاکستان اس وقت پٹرولیم مصنوعات کی درآمد پر بے پناہ رقم خرچ کر رہا ہے۔

توانائی کی قلت

پاکستان میں غلط منصوبہ بندی اور آبی وسائل کا بہتر استعمال نہ ہونے کی وجہ سے لوڈشیڈنگ آئے روز کا معمول بن چکی ہے۔ آج یہ عالم ہے کہ پاکستان کے بڑے صنعتی شہروں کو بھی 5 گھنٹے مسلسل بجلی فراہم نہیں کی جاسکتی ہے۔ توانائی کے اس بحران کی وجہ سے پاکستان کا

معاشی ڈھانچہ بے تحاشا مسائل کا شکار ہو چکا ہے۔ جن کا تدارک نہ ہونے کی وجہ سے آئندہ دنوں میں بھی پاکستان معاشی ترقی کی منزل حاصل نہیں کر سکتا ہے۔

ٹیکسوں کا فرسودہ نظام

پاکستان میں ٹیکس جمع کرنے کا نظام کرپٹ انتظامی ڈھانچے کی وجہ سے عام شہری کیلئے وبالِ جان بن چکا ہے۔ ٹیکس نظام کی پیچیدگیوں سے عاجز سرمایہ کار پاکستان سے صنعتیں شفٹ کرنے پر مجبور ہو چکے ہیں۔ بدقسمتی سے پاکستان میں ٹیکس جمع کرنے والے ادارے ٹیکس چوری کے راستے لوگوں کو خود سکھلاتے ہیں۔

فرسودہ انتظامی ڈھانچہ

پاکستان میں صنعتوں کے قیام کیلئے باقاعدہ الگ سے انتظامی ڈھانچہ قائم نہیں ہے۔ اگر کسی نے نئی صنعت قائم کرنا ہو تو وہ وزارتِ خزانہ، بینکوں، واپڈا، سوئی گیس، وزارتِ صنعت و پیداوار اور دیگر صوبائی و وفاقی محکموں کے درمیان گھن چکر بن کر رہ جاتا ہے۔ نئی صنعتوں کے قیام کیلئے مضبوط انتظامی ڈھانچہ کی عدم موجودگی نے ملکی و غیر ملکی سرمایہ کاروں کی مسلسل حوصلہ شکنی کی ہے۔ یہ پہلو بھی صنعتوں کے پھیلاؤ میں رکاوٹ ہے۔

بے روزگاری

بدعنوانی، رشوت خوری اور اقربا پروری کا کلچر پاکستان میں عام ہونے کی وجہ سے بے روزگاری عام ہو چکی ہے۔ ملازمتوں کا حق صرف ان افراد کو حاصل ہے جو رشوت دے سکیں یا سفارش کروا سکیں۔ اس صورتحال نے پاکستان کے پڑھے لکھے ذہین طبقے کو ملک سے بھاگنے پر مجبور کر دیا ہے۔ بے روزگاری کی وجہ سے جرائم میں بھی کافی اضافہ ہو چکا ہے۔

خود انحصاری کی قلت

کسی بھی ملک کی ترقی اور استحکام میں سب سے اہم کردار ادا کرنے والی افرادی قوت کے حوالے سے پاکستان کا شمار دنیا کے ان خوش قسمت ممالک میں ہوتا ہے جہاں ذہین افرادی قوت وسیع تعداد میں موجود ہے۔ لیکن بدقسمتی سے پاکستان کے اکثر گھروں میں ایک کمانے والا اور دس کھانے والے ہیں۔ اس صورتحال کے باعث ملکی صنعتی پیداوار اور ٹیکسوں میں مسلسل کمی واقع ہو رہی ہے۔ جب تک پاکستانی عوام جذبہ خود انحصاری کے تحت کام نہیں کریں گے ترقی کی منزل حاصل کرنا ممکن نہ ہے۔

ثقافتی ہم آہنگی کا فقدان

ایجادات و اختراعات ثقافت سے ہم آہنگ نہ ہوں تو یہ تبدیلی میں رکاوٹ کا باعث بنتی ہیں۔ کسی ثقافت کا کسی نئی تبدیلی سے تضاد ہو تو معاشرتی تبدیلیاں، ایجادات و اختراعات مسترد یا ثقافت کے ساتھ مطابقت پیدا کر لی جاتی ہے۔ ثقافتی اقدار سے مجبوراً مطابقت پیدا کرنے کو سماجی ضرورت کے طور پر بالامر مجبوری قبول کر لیا جاتا ہے۔ اس رجحان نے پاکستانی معاشرے کو بہت سے مسائل سے دوچار کر دیا ہے۔

ناخواندگی

ناخواندگی ہر قسم کی معاشرتی اور ثقافتی تبدیلیوں کی راہ میں رکاوٹ پیدا کرتی ہے۔ ناخواندگی معاشرتی اور ثقافتی تبدیلیوں

کیلئے رکاوٹ کیوں پیدا کرتی ہے اس کی بنیادی وجہ یہ ہے کہ لوگ معاشرتی تبدیلیوں کو جنم دینے والے عوامل کی اہمیت اور افادیت کو نہ سمجھ کر اس کی غلط توجیح پیش کر کے اپنے مؤقف کو درست ثابت کرنے کی کوشش کرتے ہیں۔ ناخواندگی کسی بھی نئی تبدیلی کو اختیار کرنے میں ہچکچاہٹ پیدا کرتی ہے۔ نئی ایجاد یا دریافت ہونے والی چیز سے ناواقفیت کی بناء پر لوگ یہ فیصلہ کرتے ہیں کہ وہ اسے دوسروں کے استعمال کرنے کے بعد استعمال کریں گے۔ وہ ایجادات اور اختراعات جو معاشرے کو شدید طور پر متاثر نہ کریں انہیں آسانی سے قبول کر لیا جاتا ہے۔

طبقاتی تقسیم

تبدیلی ثقافتی اقدار کو متاثر کرے تو اس کی مخصوص قیمت بھی ادا کرنی پڑتی ہے۔ مثلاً غربت معاشرتی اور ثقافتی تبدیلیوں کی راہ میں اس لیے رکاوٹ بنتی ہے کہ لوگ نئی ایجادات سے سرمائے کی کمی کی وجہ سے لطف اندوز نہیں ہو سکتے ہیں۔

معاشرتی مفادات کو نقصان

وہ افراد جن کے مالی و سماجی مفادات معاشرتی تبدیلی سے متاثر ہونے کا ڈر ہو وہ تبدیلی کے خلاف مدافعت کرتے ہیں۔ معاشرتی و معاشی مفادات کے تحفظ کے لیے لوگ نئی تبدیلیوں کی مدافعت اس لیے کرتے ہیں کہ انہیں اس بات کا ڈر ہوتا ہے کہ خدا نخواستہ ان کے معاشی اور معاشرتی معمولات برباد ہو کر نہ رہ جائیں۔ مثلاً بعض لوگ کالا باغ ڈیم کی مخالفت اس لیے کرتے ہیں کہ وہ اس کی بنیاد پر اپنی سیاست چمکا رہے ہیں۔ جبکہ بعض لوگ اس خوف سے اس کی مخالفت کر رہے ہیں کہ ڈیم کی تعمیر سے ان کے علاقوں کو پانی نہیں دستیاب ہو گا۔

معاشی مسائل کا تدارک

☆ زرعی پیداوار میں اضافہ کے لیے کاشتکار کو تربیت اور وسائل فراہم کیے جائیں۔
☆ کاشتکاروں کو آسان قرضے اور زرعی آلات کم قیمت پر فراہم کیے جائیں۔
☆ آبپاشی کے لیے آبی وسائل کا بہتر استعمال کیا جائے۔
☆ لوگوں کا معیار زندگی بہتر بنانے کے لیے گھریلو صنعتوں کے فروغ پر توجہ دی جائے۔
☆ بے روزگاری کے خاتمہ کے لیے صنعتی ڈھانچے کو مضبوط بنایا جائے۔
☆ زیادہ سے زیادہ ہنر مند افرادی قوت کو بیرون ممالک بھجوایا جائے تاکہ ملک کو زر مبادلہ حاصل ہو سکے۔
☆ تیزی سے بڑھتی ہوئی آبادی کو روکنے کے لیے عوامی سطح پر شعور بیدار کیا جائے۔
☆ پاکستانی پھلوں، تازہ سبزیوں اور دیگر مصنوعات کی برآمدات بڑھانے پر توجہ دی جائے۔
☆ پاکستانی معدنی وسائل کو استعمال میں لانے کے لیے کان کنی پر توجہ دی جائے۔
☆ بیرونی سرمایہ کاروں کو پاکستان میں سرمایہ کاری کی دعوت دی جائے۔
☆ افراط زر پر قابو پایا جائے۔
☆ پاکستانی قیادت کو چاہیے کہ وہ اپنے ہمسایہ ممالک سے تعلقات کو بہتر بنائے تاکہ دفاع پر اٹھنے والے بھاری اخراجات کم کیے جا سکیں۔

☆ تجارتی عدم توازن کو ختم کرنے کے لیے حکومت ہنگامی اقدامات کرے۔
☆ سیم وتھور کے خاتمہ کے لیے سیم نالے بنائے جائیں۔
☆ مال برداری پر اٹھنے والے بھاری اخراجات کو کم کرنے کے لیے ریلوے کو کرپشن سے پاک کیا جائے۔
☆ حکومتی خزانے پر بوجھ کا باعث بننے والے سرکاری اداروں مثلاً پی آئی اے وغیرہ کی فوری نجکاری کی جائے۔
☆ پاکستان کے جنگلات کے رقبہ میں مسلسل کمی واقع ہو رہی ہے۔ اسے بڑھانے کے لیے شجر کاری کی جائے۔
☆ غذائی اجناس درآمد کرنے کی بجائے اندرونی ملک سے ہی پوری کی جانی چاہئیں۔

.... ☆ ....

سوال: پاکستان کے قدرتی وسائل پر نوٹ لکھیے؟

جواب:

قدرتی وسائل

ایسے وسائل کو قدرتی وسائل کہتے ہیں جو کسی خطے میں قدرتی طور پر موجود ہوں یا وقوع پذیر ہوں۔ یہ قدرتی وسائل کسی بھی خطے کے باشندوں اور ماحول کیلئے کسی نعمت سے کم نہیں ہوتے ہیں۔ جن ممالک میں قدرتی وسائل بکثرت موجود ہوں وہاں خوشحالی بھی اسی قدر ہوگی۔ جن ممالک میں قدرتی وسائل کمیاب ہوں وہاں غربت اور افلاس ڈیرے جما لیتی ہے۔ نتیجتاً معاشی بدحالی جنم لینے سے قومیں تعلیمی میدان میں بھی ترقی نہیں کر پاتی ہیں۔ قدرتی وسائل میں جنگلات، معدنیات، مٹی، پانی، حیوانات، موسم اور آب و ہوا وغیرہ بھی شامل ہیں۔ بعض قدرتی وسائل قدرتی ماحول میں پروان چڑھتے ہیں۔ مثلاً پنجاب کے خطے کی زرخیزی اور بھرپور زرعی پیداوار یہاں پائے جانے والے چاروں موسموں اور دریاؤں کے پانی کا نتیجہ ہے۔ کسی بھی ملک کیلئے قدرتی وسائل کی موجودگی معاشی استحکام کا باعث نہیں ہوتی ہے۔ چہ جائیکہ ان قدرتی وسائل کو مناسب طریقہ سے استعمال کر کے ملکی ترقی اور استحکام کیلئے استعمال کیا جائے۔ مثلاً عرب ممالک میں معدنی تیل کے وسیع ذخائر پوری دنیا کا اقتصادی پہیہ گھما رہے ہیں۔ عرب ممالک سے نکلنے والے تیل کو استعمال کر کے امریکہ، جاپان، جرمنی، فرانس اور دیگر ممالک نے معاشی استحکام کی منزل حاصل کر لی۔ لیکن عرب ممالک آج بھی تعلیمی و اقتصادی میدان میں پسماندہ ہیں۔

پاکستان میں موجود بے شمار قدرتی وسائل کے حصول اور ان کے استعمال کیلئے منصوبہ بندی کا فقدان ہے۔ حالانکہ پاکستان ذہین افرادی قوت کے بے پناہ وسیع خزانے کا مالک ہے۔ لہٰذا یہ کہنا ضروری ہے کہ قدرتی وسائل سے مالا مال ممالک ترقی اور خوشحالی کی منزل صرف اس صورت حاصل کر سکتے ہیں کہ وہ منظم اور ذمہ دارانہ حکمتِ عملی کو بروئے کار لائیں۔ منظم حکمت عملی اختیار کرنے کیلئے ضروری ہے کہ قومیں تعلیم، سائنس اور ٹیکنالوجی کے شعبوں میں خود کفالت کی منزل حاصل کریں۔ کیونکہ قدرتی وسائل کے بہتر استعمال اور ان سے منافع کے حصول کیلئے مشینری اور فنی ماہرین کی ضرورت ہوتی ہے۔ اگر یہ عوامل کرایہ پر حاصل کرنا پڑیں تو قدرتی وسائل سے منافع حاصل کرنا تو درکنار اخراجات بھی پورے کرنا ممکن نہیں رہتا ہے۔ اس لیے وہ ممالک جہاں قدرتی وسائل تو بکثرت موجود ہیں لیکن ان کے حصول کے ذرائع موجود نہ ہوں تو ایسے ممالک کے لئے قدرتی وسائل کی موجودگی اہمیت کی حامل نہیں ہوتی ہے۔

پاکستان کا شمار ان بدقسمت ممالک میں ہوتا ہے جہاں قدرتی وسائل تو بکثرت موجود ہیں لیکن ان کا استعمال درست طریقے سے نہیں ہو رہا ہے۔ مثلاً پاکستان کے ہموار میدان اپنی زرخیزی کے لحاظ سے دنیا بھر میں مشہور ہیں۔ لیکن اس کے باوجود زرعی پیداوار کی فی ایکڑ شرح پیداوار دنیا کے دیگر ممالک سے کہیں کم ہے۔ جس کی بنیادی وجہ کھیتوں میں کام کرنے والے افراد کی اکثریت کا ناخواندہ ہونا ہے۔ قدرتی وسائل

کا بہتر استعمال نہ ہونے کی وجہ سے آج پاکستان اقتصادی اداروں اور طاقتور ممالک کی معاشی غلامی میں گرفتار ہے۔ اگر پاکستان آزادانہ خارجہ پالیسی تشکیل دینے کا خواہشمند ہے تو پھر اُسے اپنی ذہین افرادی قوت کو فنی بنیادوں پر تیار کر کے قدرتی وسائل کا استعمال کرنا ہوگا۔

بہرحال اس تلخ حقیقت کے باوجود پاکستان میں پائے جانے والے قدرتی وسائل کی اہمیت سے انکار ممکن نہیں۔ کیونکہ انہی وسائل کے بل بوتے پر پاکستان نے تمام شعبہ ہائے زندگی میں ترقی کی منازل طے کی ہیں۔ کسی بھی ملک کی شرح ترقی صرف اور صرف قدرتی وسائل کی مرہونِ منت قرار دی جاسکتی ہے۔ اگر پاکستانی قوم قدرتی وسائل کا بھرپور استعمال کرنا سیکھ لے تو پھر یقیناً اسے ترقی یافتہ ممالک کی صف میں شامل ہوتے ہوئے دیر نہیں لگے گی۔ پاکستان میں موجود قدرتی وسائل کی تفصیل حسبِ ذیل ہے۔

معدنی وسائل

پاکستان کے طول وعرض میں بے پناہ معدنی وسائل پائے جاتے ہیں۔ لیکن بدقسمتی سے ابھی تک ان کا حصول اور استعمال ممکن نہیں ہو سکا۔ جس کی بنیادی وجہ فنی ماہرین کی کمی اور مشینری کا عدم فقدان ہے۔

کرومائیٹ

سٹین لیس سٹیل کے برتن بنانے، فوٹوگرافی اور رنگوں کی تیاری میں استعمال ہونے والی کرومائیٹ دھات کی دنیا بھر میں سب سے زیادہ مقدار پاکستان میں پائی جاتی ہے۔ پاکستان میں کرومائیٹ دھات کے ذخائر بلوچستان میں ژوب (مسلم باغ)، چاغی، خاران اور خیبر پختونخواہ میں مالاکنڈ اور مہمند ایجنسی میں بکثرت پائے جاتے ہیں۔

سلیکا

شیشے کی تیاری میں استعمال ہونے والی ریت سلیکا پاکستان کے پہاڑی علاقوں میں بکثرت موجود ہے۔ سلیکا کے حصول کیلئے پاکستان میں کان کنی کا کام اپنے عروج پر ہے۔ سلیکا کے ذخائر بلوچستان میں زیارت اور کچھ، صوبہ سندھ میں جنگ شاہی، ٹھٹھہ، ضلع دادو صوبہ خیبر پختونخواہ میں ڈیرہ اسماعیل خان، چند اور پیٹالہ اور صوبہ پنجاب میں ضلع خوشاب، چکوال، میانوالی اور جہلم کے علاقوں میں پائے جاتے ہیں۔

جپسم

سیمنٹ، پلاسٹر آف پیرس، کیمیاوی کھاد، عمارتی رنگوں اور زرعی زمینوں کو سیم وتھور سے بچانے کیلئے استعمال کیے جانیوالا یہ قدرتی وسیلہ انتہائی قیمتی معدنی وسائل میں شمار کیا جاتا ہے۔ پاکستان کے طول وعرض میں زمینوں کی زرخیزی بڑھانے والی جپسم جیسے قدرتی معدنی وسیلہ کے بے پناہ ذخائر پائے جاتے ہیں۔ پاکستان کے چاروں صوبوں میں سے سب سے زیادہ جپسم پنجاب کے پہاڑی علاقوں میں موجود ہے۔ پنجاب میں جپسم کے حصول کیلئے کان کنی جہلم، میانوالی، خوشاب، چکوال، راجن پور اور ڈیرہ غازی خان میں جاری ہے۔ جبکہ دیگر صوبوں میں بلوچستان میں بی اور کوئٹہ، خیبر پختونخواہ میں کوہاٹ، لکی مروت، بنوں، ڈیرہ اسماعیل خان اور سندھ میں دادو اور سانگھڑ کے مقامات پر جپسم کے ذخائر موجود ہیں۔

لوہا

پاکستان میں لوہے کے بڑے بڑے ذخائر پنجاب میں کالا باغ، خوشاب، مکڑوال، خیبر پختونخواہ میں چترال، ہزارہ، بلوچستان میں چاغی، زیارت، کوئٹہ میں بکثرت موجود ہیں۔ پاکستان میں پائے جانے والے لوہے میں آئرن کی شرح 30 تا 35 فیصد ہے۔ جبکہ حال ہی میں

لنگڑیال اور نوکنڈی میں بھی لوہے کے وسیع ذخائر دریافت ہوئے ہیں۔ پاکستان سے نکلنے والا لوہا ملک کو درکار لوہے کی ضروریات کو پورا کرنے کیلئے ناکافی ہے۔ اس لیے پاکستان کو بیرونی ممالک سے خام لوہا درآمد کرنا پڑتا ہے جس پر پاکستان کا قیمتی زرمبادلہ خرچ ہوتا ہے۔

تانبا

بجلی کی تاریں اور دیگر اشیائے الیکٹرک، سکے اور برتن بنانے میں استعمال ہونے والی یہ دھات انتہائی قیمتی معدنی وسائل میں شمار کی جاتی ہے۔ پاکستان میں بلوچستان کے ضلع چاغی میں سینڈک کے مقام پر تانبے کی دھات کے وسیع پیمانے پر ذخائر دریافت ہوئے ہیں۔ یہاں سے دریافت ہونے والی دھات انتہائی اعلیٰ معیار کی ہے۔ سینڈک اور آموری کے مقامات پر تقریباً 280 ملین ٹن تانبے کے ذخائر موجود ہیں۔ جبکہ چاغی کے مقام پر دریافت ہونے والے تانبے کی دھات کے ذخائر کا تخمینہ 7 کروڑ 60 لاکھ ٹن لگایا گیا ہے۔ ان مقامات سے تانبے کے حصول اور اُسے ریفائن کرنے کیلئے سینڈک کے مقام پر چین کے تعاون سے کارخانہ نے باقاعدہ پیداوار شروع کردی ہے۔ ایک حکومتی رپورٹ کے مطابق ان مقامات سے ہر سال 40 ہزار ٹن تانبا نکالا جائے گا۔

سنگِ مرمر

عمارت سازی اور آرائشی اشیاء کی تیاری میں استعمال ہونے والا یہ خوبصورت پتھر پاکستان میں صوبہ خیبر پختونخواہ کے دارالخلافہ پشاور کے قریب ملاگوری کے مقام پر بکثرت پایا جاتا ہے۔ اس کے علاوہ صوبہ خیبر پختونخواہ میں مردان، نوشہرہ، سوات، بلوچستان میں چاغی اور آزاد جموں و کشمیر میں مظفر آباد کے مقام پر پایا جاتا ہے۔ پاکستانی سنگِ مرمر دنیا بھر میں سب سے زیادہ معیاری پتھر تصور کیا جاتا ہے۔ پاکستان میں نکلنے والا سنگِ مرمر ملکی ضروریات پوری کرنے کیلئے کافی ہے۔

چونے کا پتھر

سیمنٹ کے کارخانوں، سوڈا ایش کی تیاری اور تعمیراتی مقاصد کیلئے استعمال ہونے والے اس پتھر کے ذخائر پاکستان کے صوبہ پنجاب میں داؤد خیل، واہ، چوآسیدن شاہ اور صوبہ سندھ میں روہڑی اور کراچی کے مقامات پر پائے جاتے ہیں۔

معدنی نمک

ایک محتاط اندازے کے مطابق دنیا بھر میں پائے جانے والے معدنی نمک کے ذخائر کا 80 فیصد پاکستان میں پایا جاتا ہے۔ جہلم سے شروع ہونے والے سلسلہ کوہ نمک کا نقطہ اختتام ڈیرہ اسماعیل خان کے قریب ہے۔ یہ پہاڑی سلسلہ معدنی نمک کے ذخائر سے بھرا پڑا ہے۔ دنیا میں نمک کی دوسری بڑی کان کھیوڑہ میں پائی جاتی ہے۔ پاکستان میں وڑچھا اور کھیوڑہ، وادیٔ سون، حلہ گنگ، کالا باغ، بہادر خیل صوبہ خیبر پختونخواہ اور سندھ میں تھرپارکر کے مقام پر نمک کے ذخائر موجود ہیں۔

سلفر

گندھک کے ذخائر پاکستان کے صوبہ بلوچستان میں چاغی، کوہ سلطان، سبی، سندھ میں خیرپور، خیبر پختونخواہ میں مردان اور پنجاب میں ضلع چکوال میں پائے جاتے ہیں۔ پاکستان سے برآمد ہونے والے گندھک کے ذخائر ملکی ضروریات کو پورا کرنے سے قاصر ہیں۔

سمندری نمک

پاکستان میں قدرتی طور پر پائے جانے والے نمک کے وسیع ذخائر کے باوجود ماڑی پور، لسبیلہ، مکران اور گوادر میں سمندری پانی سے

نمک حاصل کیا جاتا ہے۔

توانائی کے وسائل

پاکستان میں توانائی کے وسائل حسب ذیل ہیں۔

پانی

پاکستان کے دریاؤں میں اوسطاً سالانہ 157 ملین ایکڑ فٹ پانی رواں دواں رہتا ہے۔ پانی کے استعمال کیلئے مناسب منصوبہ بندی کے عدم فقدان کی وجہ سے دستیاب پانی کی آدھی مقدار سمندر میں گر کر ضائع ہو جاتی ہے۔ پانی سب سے اہم قدرتی وسیلہ ہے۔ پاکستان کا شمار دنیا کے ان ممالک میں ہوتا ہے جہاں قدرتی میٹھے پانی کے وسیع ذخائر موجود ہیں۔ لیکن اس کے باوجود ہر سال انسانی ضروریات کو پورا کرنے کیلئے زمینی پانی کا سہارا لینا پڑتا ہے۔ حالیہ دور میں پانی کا بہتر اور بھرپور استعمال کرنے کیلئے حکومت اور واپڈا نے جو منصوبہ بندی کی ہے اُس سے ضائع ہونے والے پانی کو بچانے میں مدد دستیاب ہوگی۔

کوئلہ

بجلی پیدا کرنے، کارخانوں کو چلانے، اینٹیں پکانے اور سستی توانائی حاصل کرنے کا اہم ترین ذریعہ کوئلہ ہے۔ پاکستان میں کوئلے کے سب سے وسیع ذخائر صحرائے تھرپارکر صوبہ سندھ میں دریافت ہوئے ہیں۔ جہاں ابھی تک کان کنی شروع نہیں کی گئی۔ لیکن چین اور دیگر ممالک کے تعاون سے اس مقام پر کوئلہ سے بجلی پیدا کرنے کے کارخانوں کی تنصیب کا کام شروع ہو چکا ہے۔ علاوہ ازیں پاکستان میں پنجاب میں مکڑوال، ڈنڈوت، خوشاب، بلوچستان میں دکی، خوست، سیدنگری، بولان، شاہ رگ، سندھ میں ٹھٹھہ، مینگ، چھمبر، لاکھڑا کے مقامات سے کوئلہ نکالا جا رہا ہے۔ ان علاقوں میں کوئلے کے وسیع ذخائر موجود ہیں۔ مکڑوال اور خوست سے برآمد ہونے والا کوئلہ انتہائی اعلیٰ معیار کا ہے۔

تیل

دنیا میں صنعتی انقلاب برپا ہونے کے بعد تیل کا استعمال انتہائی زیادہ ہو گیا ہے۔ ٹرانسپورٹ کا تمام تر انحصار معدنی تیل پر ہے۔ پاکستان میں تیل کے ذخائر پنجاب میں کہروڑ، ڈھلیاں، بالکسر، ڈھوڈک، جہلم، اٹک دھرنال، بلوچستان میں ڈیرہ بگٹی، گوادر، مکران، سبی، خش خیل اور صوبہ سندھ میں ٹنڈو عالم، تھرپارکر، گھونگی، حیدرآباد اور قبائلی علاقہ جات سے دریافت ہوئے ہیں۔ پاکستان اپنی تیل کی ضروریات کا صرف 25 فیصد ملکی تیل سے پورا کرتا ہے۔ پاکستان سے دریافت ہونے والے خام تیل کو صاف کرنے کیلئے راولپنڈی، ملتان، محمود کوٹ ضلع مظفر گڑھ اور کراچی میں کارخانے قائم کیے گئے ہیں۔ پاکستان میں دن بدن تیل کی مانگ میں اضافہ ہونے کی وجہ سے پاکستان کو ہر سال اربوں ڈالر کا تیل درآمد کرنا پڑتا ہے جس سے ملکی معیشت پر انتہائی منفی اثرات مرتب ہوئے ہیں۔

جنگلات

جنگلات کسی بھی ملک کیلئے توانائی اور تحفظِ ماحول کا سب سے اہم ذریعہ ہوتے ہیں۔ جدید معاشی نظریات کے مطابق ملکی رقبہ کے 25 فیصد حصہ پر درختوں کی موجودگی ضروری ہے۔ پاکستان کا شمار دنیا کے ان ممالک میں ہوتا ہے جہاں جنگلات کے حوالے سے صورتحال انتہائی خطرناک ہے۔ پاکستان کا صرف 4.35 فیصد رقبہ درختوں سے ڈھکا ہوا ہے جو ملکی ضروریات کو پورا کرنے کیلئے ناکافی ہے۔ درخت توانائی

قابل تجدید ذریعہ ہیں۔ لہٰذا ہمیں چاہئے کہ زیادہ سے زیادہ درخت لگائے جائیں تا کہ ملکی معیشت کو مضبوط بنانے میں مدد مل سکے۔

قدرتی گیس

پاکستان کا شمار دنیا کے ان خوش قسمت ممالک میں ہوتا ہے جن کے پاس قدرتی گیس کے وسیع ذخائر موجود ہیں۔ پاکستان میں پہلی بار قدرتی گیس کے ذخائر 1951ء میں سوئی صوبہ بلوچستان کے مقام سے دریافت ہوئے۔ سوئی کے مقام سے دریافت ہونے والی گیس کو پائپ لائنوں کے ذریعے ملک کے دیگر حصوں تک پہنچایا گیا۔ اس وقت پاکستان میں قادر آباد، سوئی، خیر پور، کندھ کوٹ، ہندی، ڈھلیاں اور قبائلی علاقہ جات سے قدرتی گیس حاصل کی جارہی ہے۔ اس وقت پاکستان درکار قدرتی گیس اپنے وسائل سے پوری کر رہا ہے۔ پاکستان میں قدرتی گیس، کیمیاوی کھاد، کھانے پکانے، کارخانوں کو چلانے اور بجلی پیدا کرنے کے لئے استعمال کی جارہی ہے۔

.... ☆ ....

سوال: پاکستان میں خارجہ پالیسی سازوں کو کن اندرونی و بیرونی چیلنجز کا سامنا ہے، ان پر بحث کیجیے؟

جواب:

پاکستانی خارجہ پالیسی کی تشکیل

کسی بھی ملک کی خارجہ پالیسی اُس کے ملکی و قومی مفادات کے تحفظ، قومی سالمیت کا تحفظ، نظریاتی سرحدوں کی حفاظت، معاشی ترقی، بین الاقوامی قوانین کا احترام، مذہبی رواداری، معاہدوں پر عملدرآمد اور عوامی امنگوں کی ترجمانی جیسی بنیادوں پر تشکیل دی جاتی ہے۔ پاکستان نے اپنی خارجہ پالیسی کی تشکیل کے حوالے سے اپنی جغرافیائی اہمیت اور رہنما اصولوں کو ہمیشہ مدنظر رکھا ہے۔ چونکہ پاکستان ایک ترقی پذیر ملک ہے اور وہ اپنی معاشی ترقی کے لیے بیرونی قرضوں پر انحصار کرتا ہے۔ اس لیے اسے اپنی خارجہ پالیسی کی تشکیل کے وقت اندرونی اور بیرونی مجبوریوں کو مدنظر رکھنا ہوتا ہے۔ پاکستانی خارجہ پالیسی سازوں نے ماضی میں ناموافق عالمی حالات اور ملک دشمن قوتوں کی تمام تر مخالفتوں کے باوجود ہمیشہ ملکی و ملی مفادات کو پیش نظر رکھا ہے۔ حکمرانوں کی منافقت اور دوغلی پالیسیوں کی وجہ سے ظاہراً پاکستان کی خارجہ پالیسی غیر ملکی مفادات کی تکمیل کرتی نظر آتی ہے۔ لیکن مجموعی طور پر ایسا کہنا غلط ہوگا کیونکہ اگر ایسا ہوتا تو پھر پاکستان کبھی بھی ایٹمی طاقت نہیں بن سکتا تھا۔ خارجہ پالیسی کی تشکیل کے حوالے سے پاکستانی پالیسی سازوں کو جن اندرونی و بیرونی مشکلات کا سامنا ہے، وہ حسب ذیل ہیں۔

اندرونی مشکلات و تحفظات

☆ پاکستان کی قومی سلامتی و یکجہتی کو نظر انداز کر کے جو خارجہ پالیسی تشکیل دی جائے گی اسے عوامی سطح پر پسندیدہ نظروں سے نہیں دیکھا جاتا ہے۔

☆ پاکستان دنیا کا واحد نظریاتی ملک ہے۔ خارجہ پالیسی تشکیل دیتے وقت پالیسی سازوں کو لوگوں کے مذہبی عقائد اور جذبات کا مکمل لحاظ رکھنا پڑتا ہے۔

☆ پاکستان کو اپنی کمزور اقتصادی حالت کی وجہ سے مضبوط معیشت کے حامل ممالک سے تعلقات بنانے پڑتے ہیں۔

☆ پاکستان عالمی مالیاتی اداروں اور امیر ممالک کے ہاتھوں یرغمال بنا ہوا ہے۔ ان اداروں اور ممالک کے ساتھ تعلقات رکھنا ہماری مجبوری اقتصادی کمزوری کی وجہ سے ہے۔

☆ پاکستان ان ممالک سے بہتر تعلقات رکھنے پر مجبور ہے جہاں پاکستانی افرادی قوت کی کھپت کی بھرپور گنجائش موجود ہے۔

☆ پاکستان اپنے طاقتور روایتی دشمن بھارت کے رویے کو سامنے رکھتے ہوئے اپنی خارجہ پالیسی تشکیل دیتا ہے۔

پاکستان کشمیریوں کے حق خودارادیت کے لیے ہر فورم پر آواز بلند کرتا ہے۔ پاکستانی خارجہ پالیسی ساز کبھی کوئی ایسی پالیسی تشکیل نہیں دے سکتے جس میں کشمیر کو نظر انداز کیا جائے۔

☆ پاکستان اپنے دیرینہ دشمن بھارت کے ساتھ موجود تنازعات کی وجہ سے اپنے دفاع سے غافل نہیں رہ سکتا ہے۔

☆ پاکستانی خارجہ پالیسی ساز بھارت کی جارحانہ کارروائیوں کے باعث مختلف دفاعی معاہدات میں شریک ہوئے۔ ایسا کرنا ان کی اندرونی مجبوری ہے۔

☆ پاکستان اپنے دیرینہ دوست ممالک مثلاً ایران، چین اور سعودی عرب وغیرہ کے مفادات کو نظر انداز کر کے اپنی خارجہ پالیسی تشکیل نہیں دے سکتا ہے۔

☆ ملک میں بار بار مارشل لاء لگنے کی وجہ سے کمزور سیاسی نظام میں اتنی سکت نہیں ہے کہ وہ اپنی مرضی سے خارجہ پالیسی تشکیل دے سکے۔

☆ پاکستان مختلف پریشر گروپس، بیوروکریسی، غیر ریاستی عناصر اور دیگر عوامل کے باعث طاقتور آزاد خارجہ پالیسی تشکیل نہیں دے سکتا ہے۔

☆ پاکستانی قوم کی جذباتیت کو نظر انداز کر کے خارجہ پالیسی تشکیل نہیں دی جاسکتی ہے۔

☆ پاکستانی خارجہ پالیسی تشکیل دینے والے پالیسی ساز ادارے تحقیق کے بغیر خارجہ پالیسی تشکیل دینے کی کوشش کرتے ہیں۔

☆ پاکستان اُن بدقسمت ممالک میں شامل ہے جس کے دو اطراف کے بارڈرز پر گزشتہ 60 سالوں سے کشیدگی چلی آ رہی ہے۔ یہ کشیدگی ایک آزاد اور خودمختار پالیسی کی تشکیل میں رکاوٹ ہے۔

☆ پاکستان دہشت گردی کے خلاف جاری حالیہ جنگ میں فرنٹ لائن سٹیٹ کا کردار ادا کر رہا ہے۔ یہ پہلو بھی پاکستان کی آزاد اور خودمختار پالیسی کی تشکیل کی راہ میں بڑی رکاوٹ ہے۔

☆ پاکستان میں آباد مختلف قوموں کو آپس میں لڑانے کے لیے بیرونی طاقتیں جو وسائل اور کوششیں صرف کر رہی ہیں ان کا نتیجہ ہے کہ پاکستانی قوم مختلف حصوں میں بٹی نظر آتی ہے۔ یہ چیز بھی پاکستان کی آزاد اور خودمختار پالیسی کی تشکیل کی راہ میں بڑی رکاوٹ ہے۔

☆ عالمی سطح پر پاکستان کی جغرافیائی محل وقوع بھی ایک طاقتور اور آزاد خارجہ پالیسی کی تشکیل کی راہ میں بڑی رکاوٹ ہے۔

☆ پاکستان روز اول سے دنیا بھر میں نو آبادیاتی نظام کی مخالفت کرتا چلا آ رہا ہے۔ یہی وجہ ہے کہ پاکستان کے خارجہ پالیسی ساز آزادی اور خودمختاری کے لیے برپا تمام عالمی تحریکوں کی حمایت کرتے ہیں۔

بیرونی مشکلات وتحفظات

☆ پاکستان اپنی جغرافیائی اہمیت کی وجہ سے دنیا کی بڑی طاقتوں کے درمیان پسا ہوا ہے۔ پاکستان بڑی طاقتوں کے مقابلے میں اپنے محدود وسائل اور آپشنز کی وجہ سے ایک آزاد اور خودمختار خارجہ پالیسی تشکیل دینے میں عملاً ناکام نظر آتا ہے۔

☆ پاکستان کی جغرافیائی مجبوریاں خارجہ پالیسی سازوں کے لیے سوالیہ نشان بنی ہوئی ہے۔

☆ پاکستان کمزور اقتصادی حالت اور زیادہ قرضوں کی وجہ سے ورلڈ بنک، آئی ایم ایف اور دیگر اداروں کے ہاتھوں عملاً یرغمال بنا ہوا ہے۔ پاکستان مجبوراً ان اداروں کی ڈکٹیشن کو قبول کرنے پر مجبور ہے۔

☆ پاکستان اقوام متحدہ، بین الاقوامی سربراہی کانفرنس، شنگھائی کانفرنس، سارک اور دیگر عالمی معاہدات کی وجہ سے ایک آزاد اور خودمختار خارجہ پالیسی تشکیل دینے میں ناکام نظر آتا ہے۔

☆ پاکستان کا دیرینہ دشمن بھارت آئے روز نت نئے بہانوں سے اسے تنگ کرتا رہتا ہے۔ اس کی جارحانہ پالیسیوں کا مقابلہ کرنے کے لیے پاکستان کو اسلحہ بیچنے والے طاقتور ملکوں سے تعلقات رکھنے پڑتے ہیں۔ یہ پہلو بھی پاکستان کی آزاد اور خودمختار پالیسی کی تشکیل میں

رکاوٹ کا باعث ہے۔

☆ سوویت یونین کے خاتمے کے بعد امریکہ دنیا کی واحد سپر پاور بن چکا ہے۔ امریکہ اپنے مفادات کے تحفظ کے لیے پوری دنیا کو بلیک میل کر رہا ہے۔ اس بلیک میلنگ کا شکار پاکستان بھی بن چکا ہے۔

☆ امریکی اشارے پر لڑی جانے والی دہشت گردی کی عالمی جنگ بھی پاکستان کی آزاد اور خودمختار خارجہ پالیسی کی تشکیل میں رکاوٹ ہے۔

☆ پاکستان دوست ممالک کو نظر انداز کر کے اپنی خارجہ پالیسی تشکیل نہیں دے سکتا ہے۔

☆ پاکستان مسئلہ کشمیر، فلسطین اور قبرص کو اُمت مسلمہ کا مسئلہ سمجھتا ہے۔ خارجہ پالیسی تشکیل دیتے وقت پالیسی سازوں کے لیے ان مسائل کو نظر انداز کرنا ممکن نہیں ہے۔

☆ پاکستان اپنے دیرینہ دوست چین کی پالیسیوں کی ہر فورم پر حمایت کرتا ہے۔ مثلاً پاکستان نے آج تک چین کی وجہ سے تائیوان کو آزاد اور خودمختار ملک تسلیم نہیں کیا ہے۔ چین کی مجبوریوں کو مدنظر رکھنا ہمارے خارجہ پالیسی سازوں کی مجبوری ہے۔

☆ پاکستان اپنی تجارت کو بڑھانے کے لیے ان ممالک سے تعلقات رکھنے پر مجبور ہے جو پاکستان کا بنا مال خریدتے ہیں۔

☆ پاکستان کے خارجہ پالیسی ساز ملکی معیشت کی ترقی اور غیر ملکی سرمایہ کاری کے حصول کے ہدف کو حاصل کرنے کے لیے خارجہ پالیسی تشکیل دیتے وقت ان ممالک کو ترجیح دیتے ہیں جو پاکستانی معیشت کو سہارا دے سکیں۔

☆ عالمی اور علاقائی سیاست میں عالمی تنظیموں کا کردار بڑھنے سے پاکستان کے خارجہ پالیسی سازوں کی مجبوری بن چکی ہے کہ وہ ان تنظیموں کو نظر انداز نہ کریں۔

.... ☆ ....

سوال: پاکستان کی خارجہ پالیسی کے متعینات کا تجزیہ کریں؟

جواب:

پاکستان کی خارجہ پالیسی کے متعینات

کسی بھی ملک کی خارجہ پالیسی کا تعین کرنے والے عناصر اور حالات خارجہ پالیسی کے متعینات کہلاتے ہیں۔ ان عناصر اور حالات میں نظریاتی، قومی مفاداتی، جغرافیائی، اقتصادی، نفسیاتی، تاریخی اور واقعاتی عوامل شامل ہیں۔ پاکستان کی خارجہ پالیسی کی تشکیل میں کارفرما عوامل کی تفصیل حسب ذیل ہے۔

نظریاتی عوامل

پاکستان کی خارجہ پالیسی کے تعین میں سب سے بڑے عنصر اور عامل نظریاتی پہلو کے اہم نکات حسب ذیل ہیں۔

☆ پاکستان کی نظریاتی سرحدوں کا تحفظ خارجہ پالیسی کی تشکیل کے لیے ہمارا سب سے بڑا نظریاتی عامل ہے۔

☆ دین اسلام کی سربلندی اور اسلامی ممالک کے ساتھ قریبی تعلقات کا قیام پاکستان کی خارجہ پالیسی کا ایک اہم اور بنیادی مقصد ہے۔

☆ پاکستان اپنے دینی اور ثقافتی رشتوں کی وجہ سے دنیا کے تمام محکوم مسلم علاقوں کی آزادی اور خودمختاری کی مکمل حمایت کرتا ہے۔ یہی وجہ ہے کہ پاکستان نے آزادی پانے کے فوری بعد انڈونیشیا، سوڈان، لیبیا، متحدہ عرب امارات، بوسنیا، کوسووو، تیونس، مراکش، ملائیشیا اور برونائی جیسے ممالک کی آزادی کے لیے ہر فورم پر آواز بلند کی۔

☆ پاکستان کشمیر، فلسطین اور قبرص وغیرہ کی آزادی اور خودمختاری کے لیے چلائی گئی تمام تحریکوں کی مکمل حمایت کرتا ہے۔

پاکستان نے اپنے نظریاتی پہلو اور مسئلہ فلسطین کے حل کے لیے آج تک اسرائیل کو تسلیم نہیں کیا ہے۔

☆ پاکستان اسلامی سربراہی کانفرنس کے تمام فیصلوں کو من وعن تسلیم کرتا ہے۔
☆ پاکستان نے 1979ء میں افغانستان پر سوویت یونین کے قبضہ کے بعد وہاں کی عوام کی جدوجہد آزادی کی بھرپور حمایت کی۔

قومی مفاداتی عوامل

پاکستان کی خارجہ پالیسی کے تعین میں کارفرما دوسرے بڑے قومی مفاداتی عامل کے اہم نکات درج ذیل ہیں۔

☆ پاکستان کی قومی سلامتی و یکجہتی کو برقرار رکھنا ہمارا سب سے بڑا قومی مفاداتی عامل ہے۔
☆ بھارت پاکستان کی سلامتی اور یکجہتی کو نقصان پہنچانے کے لیے شب و روز کوشاں ہے۔ بھارت کی جارحانہ پالیسیوں کا جواب دینے کے لیے پاکستان اپنے دفاع سے غافل نہیں ہو سکتا ہے۔ دفاعی طور پر پاکستان کو مضبوط اور ناقابل تسخیر بنانے کی خواہش ہماری قومی خارجہ پالیسی کی تشکیل میں ایک بنیادی عامل کے طور پر کارفرما ہے۔
☆ بقول قائداعظم کشمیر پاکستان کی شہ رگ ہے۔ پاکستان کشمیر کی آزادی کے لیے کی جانے والی کوششوں کو اپنی خارجہ پالیسی کی تشکیل کا محور سمجھتا ہے۔
☆ پاکستان کے نزدیک بین الاقوامی قوانین اور معاہدوں کا احترام کرنا بہت ضروری ہے۔ اسی لیے پاکستان اپنے قومی مفادات کو مدنظر رکھتے ہوئے ایسی خارجہ پالیسی تشکیل دیتا ہے جو اسے عالمی سطح پر نمایاں ہونے میں مدد دے۔

جغرافیائی عوامل

کسی بھی ملک کی خارجہ پالیسی کے تعین میں اس کی جغرافیائی اہمیت ایک اہم کردار ادا کرتی ہے۔ پاکستان جغرافیائی طور پر ایک انتہائی اہم خطے میں واقع اپنی طاقت کا حامل ملک ہے۔ پاکستان کی خارجہ پالیسی کے تعین میں کارفرما جغرافیائی عوامل کے اہم نکات درج ذیل ہیں۔

☆ پاکستان کی سرحدیں ایران، افغانستان، چین اور بھارت کے ساتھ ملتی ہیں۔ پاکستان کی مشرقی سرحد پر کشیدگی کی وجہ سے پاکستان کی خارجہ پالیسی بہت سی مشکلات سے دوچار ہے۔
☆ پاکستان بھارت کے جارحانہ اور غاصبانہ رویے کی وجہ سے دفاعی میدان میں اپنے وسائل جھونکنے پر مجبور ہے۔
☆ پاکستان کے ہمسایہ ملک افغانستان میں دہشت گردی کے خلاف جاری جنگ کی وجہ سے پاکستان کا مغربی بارڈر غیر محفوظ ہو چکا ہے۔ اگر اس خطے میں امن قائم ہو جائے تو پاکستان کی خارجہ پالیسی کو آزاد اور خودمختار بنیادوں پر استوار کرنے میں کافی مدد مل سکتی ہے۔
☆ پاکستان اپنے مخصوص جغرافیائی محل وقوع کی وجہ سے بڑی عالمی طاقتوں کے ساتھ بہتر تعلقات استوار کرنے پر مجبور ہے۔
☆ پاکستان میں افغانستان اور وسط ایشیائی ریاستوں کو سمندر تک رسائی دینے کا سب سے آسان راستہ ہے۔ پاکستان اس جغرافیائی اہمیت کی وجہ سے عالمی طاقتیں اس خطے میں امن قائم نہیں ہونے دے رہی ہیں۔ جس کی وجہ سے پاکستان خارجہ پالیسی کے حوالے سے بہت سی مشکلات کا شکار ہے۔
☆ پاکستان کی افرادی قوت کی کھپت کی سب سے بڑی منڈی خلیجی ممالک ہیں۔ ان ممالک کے ساتھ پاکستان کا دینی، تہذیبی و ثقافتی رشتے بھی موجود ہیں۔ پاکستان جغرافیائی طور پر ان ممالک کے قریب واقع ہونے کی وجہ سے ان کے مفادات کی نگرانی کرنے پر مجبور ہے۔

اقتصادی عوامل

کسی بھی ملک کی معیشت اس کی خارجہ پالیسی کی تشکیل میں اہم کردار ادا کرتی ہے۔ پاکستان کی خارجہ پالیسی کے تعین میں اقتصادی عوامل کی تفصیل حسب ذیل ہے۔

☆ پاکستان نااہل سیاستدانوں، بار بار فوجی آمریت کے قیام، دہشت گردی، قدرتی وسائل کا بہتر استعمال نہ ہونے، معاشی عدم مساوات، فرقہ واریت، بدعنوانی، جمہوری اقدار کا فقدان اور سب سے بڑھ کر جہالت کی وجہ سے غربت و افلاس کی دلدل میں دھنسا ہوا ہے۔ یہ خطرناک پہلو ایک آزاد اور خودمختار خارجہ پالیسی کی تشکیل میں رکاوٹ کی حیثیت رکھتے ہیں۔

☆ پاکستان اپنی کمزور معیشت کی وجہ سے عالمی اداروں اور امیر ممالک سے قرضے لینے پر مجبور ہے۔ پاکستان کی یہ مجبوری اس کی خارجہ پالیسی کی تشکیل میں ایک اہم عامل کے طور پر کارفرما ہے۔

☆ پاکستان میں معاشی عدم مساوات کی وجہ سے لوگوں کے بنیادی حقوق پامال ہو رہے ہیں۔ پاکستانی قوم کی اس کمزوری کا فائدہ اٹھاتے ہوئے عالمی طاقتیں ہمیں جو بھی ڈکٹیشن دیں ہم اسے قبول کرنے پر مجبور ہیں۔

☆ پاکستان کی تجارت کے فروغ کے لیے حکومت نے ڈبلیو۔ٹی۔او کے معاہدے پر دستخط کیے۔ ڈبلیو ٹی او کی وجہ سے بھی پاکستان خارجہ پالیسی کی تشکیل میں بہت سے معاملات کو مدنظر رکھتا ہے۔

☆ پاکستان میں غیر ملکی سرمایہ کاری میں اضافہ کرنا بھی پاکستان کی خارجہ پالیسی کے تعین کا ایک اہم عنصر ہے۔

نفسیاتی و تاریخی عوامل

کسی بھی ملک کی خارجہ پالیسی کے تعین میں اس کے نفسیاتی اور تاریخی عوامل کا براہ راست عمل دخل ہوتا ہے۔ اس نفسیاتی و تاریخی عوامل کے اہم نکات حسب ذیل ہیں۔

☆ پاکستان کو بھارت جیسے بدترین دشمن کا سامنا ہے۔ بھارت پاکستان کو نقصان پہنچانے کا کوئی موقع ہاتھ سے نہیں جانے دیتا ہے۔ پاکستان اس تاریخی عامل کو نظر انداز کر کے خارجہ پالیسی تشکیل نہیں دے سکتا ہے۔

☆ اسی طرح پاکستان کے سب سے قریبی حلیف امریکہ نے ہر موقع پر اسے دھوکہ دیا۔ پاکستان امریکہ کے ساتھ اپنے تعلقات کی تاریخ اور نفسیات کو مدنظر رکھتے ہوئے اپنی خارجہ پالیسی کا تعین کرتا ہے۔

☆ پاکستان نفسیاتی اور تاریخی عوامل کی بنا پر ہی چین، ایران، سعودی عرب اور دیگر قریبی دوست ممالک کی حمایت پر مبنی خارجہ پالیسی کا تعین کرتا ہے۔

واقعاتی عوامل

واقعاتی عوامل قوموں کی ترجیحات اور مفادات کو نیچے اوپر کرتے رہتے ہیں۔ کسی بھی ملک کی خارجہ پالیسی کے تعین پر اثر انداز واقعاتی عوامل کی تفصیل کچھ یوں ہے۔

☆ 1965ء کی جنگ کے دوران امریکہ نے پاکستان کی بروقت مدد نہ کی تو پاکستانی خارجہ پالیسی کے تعین میں ایک یوٹرن آیا۔ جس کے بعد پاکستان غیر جانبدار ممالک کی صف میں کھڑا ہو گیا۔

☆ سقوط مشرقی پاکستان کے بعد پاکستان نے اپنے دفاع کو مضبوط اور ناقابل تسخیر بنانے کے لیے خارجہ پالیسی میں ضروری تبدیلیاں کیں۔
☆ افغانستان پر سوویت یونین کی فوج کشی کے بعد پاکستان نے اپنی خارجہ پالیسی میں فوری طور پر بہت سی تبدیلیاں کیں۔
☆ سانحہ 9/11 کے بعد پاکستان کی خارجہ پالیسی ایک بار پھر ہنگامی طور پر بدل گئی۔

.... ☆ ....

سوال: مسئلہ کشمیر کے پس منظر، بدلتے ہوئے عالمی حالات کے تناظر میں ''کشمیر کی موجودہ صورتِ حال پر'' نوٹ تحریر کیجیے؟

جواب:

مسئلہ کشمیر

ریاست جموں وکشمیر کا مسئلہ گذشتہ چھ دھائیوں میں کوئی چھپا راز نہیں رہا۔ اس ریاست کی فطری خوبصورتی کی مثالیں دی جاتی ہیں۔ پنجاب کے میدانوں سے لے کر ہندوکش اور قراقرم کے برف پوش پہاڑوں تک پھیلی ہوئی اس ریاست کا رقبہ 22,236 مربع کلومیٹر (85,806 مربع میل) ہے۔

☆ 1846ء میں انگریزوں نے افغانوں سے کشمیر کو حاصل کر کے گلاب سنگھ کو 75 لاکھ روپے کے عوض فروخت کر دیا۔ جس کے بعد سے کشمیر میں ظلم وستم کا نہ رکنے والا سلسلہ شروع ہو گیا۔

☆ 3 جون 1947ء کو منصوبے کے مطابق ہندوستان کی ریاستوں کے سامنے مندرجہ ذیل تین حل رکھے گئے۔ ان کے مطابق ہر ریاست کو اپنی عوام کی مرضی ومنشاء اور تاریخی وجغرافیائی پس منظر کو سامنے رکھتے ہوئے فیصلہ کرنا تھا۔

☆ یا تو ہندوستان کے ساتھ الحاق کر سکتی تھی۔
☆ یا پاکستان کے ساتھ الحاق کر سکتی تھی۔
☆ یا آزاد اور خودمختار حیثیت برقرار رکھ سکتی تھی۔

☆ کشمیر صدیوں سے ایک مسلمان اکثریت والی ریاست چلی آ رہی تھی کہ جو تاریخی، مذہبی، ثقافتی اور جغرافیائی ہر لحاظ سے پاکستان کے ساتھ مماثلت و یگانگت رکھتی تھی۔ وہاں کے عوام بھی پاکستان کے ساتھ الحاق کے دل و جان سے حامی تھے۔ مگر 26 اکتوبر 1947ء کو لارڈ ماؤنٹ بیٹن، جواہر لال نہرو اور کشمیر کے ڈوگرہ مہاراجہ ہری سنگھ نے مل کر سازشی کردار ادا کرتے ہوئے کشمیری مسلمان عوام کی آرزوؤں اور تمناؤں کے خلاف کشمیر کا الحاق بھارت کے ساتھ کر دیا جس نے کشمیر میں اندرونی طور پر موجودہ مزاحمتی تحاریک کو نقطۂ آغاز فراہم کر دیا۔

☆ کشمیری عوام کی اپنے حقوق کے حصول کے لئے اٹھنے والی آواز کو دبانے کے لئے مہاراجہ ہری سنگھ نے ہندوستانی افواج کو کشمیر میں آنے کی دعوت دی جو کہ یکسر غیر قانونی وغیر آئینی امر تھا۔ ہندوستانی جارحانہ اقدام کو غیر مؤثر کرنے کے لئے پاکستانی فوج میدان میں اتری۔ 1948ء میں کشمیر کے محاذ پر ہونے والی پاک بھارت پہلی جنگ میں ریاست جموں وکشمیر کا 32,358 مربع میل رقبہ ہندوستانی تسلط سے آزاد کروالیا گیا۔ یہ حصہ آزاد کشمیر کہلاتا ہے۔ اس کا صدر مقام مظفر آباد ہے۔

☆ ریاست کا 53,488 مربع میل رقبہ بھارت کے تسلط میں ہے۔ یہ مقبوضہ کشمیر کہلاتا ہے۔ اس کا صدر مقام سری نگر ہے۔ جہاں بھارت کے ظالمانہ تسلط کے خلاف کشمیری حریت پسند ایک طویل عرصے سے جنگ لڑ رہے ہیں۔

مسئلہ کشمیر اور اقوامِ متحدہ

جنگ 1948ء میں کشمیر حریت پسند اور قبائلی علاقوں کے جری جوان بھی پاک فوج کے ساتھ مل کر لڑے۔ جنگ میں شکست کے نمایاں آثار دیکھ کر بھارت اقوامِ متحدہ میں یکم جنوری 1948ء کو فریادی بن کر پہنچ گیا۔ اقوام متحدہ نے صورتِ حال کا جائزہ لینے کے لئے "اقوامِ متحدہ کونسل برائے انڈو پاک" (UNCIP) تشکیل دی۔ اس کونسل نے تنازعہ کشمیر کو تین جون منصوبہ کا غیر حل شدہ ایجنڈا قرار دیا۔ 13 اگست 1948ء اور جنوری 1949ء کو سلامتی کونسل نے دو قرار دادیں منظور کیں جس میں مندرجہ ذیل سفارشات پیش کی گئیں۔

☆ کشمیر میں فوری جنگ بندی اور لائن آف کنٹرول کا قیام۔ مقبوضہ کشمیر اور آزادی کشمیر کے درمیان 200 میل لمبی سرحد کو جنگ بندی کی لائن کا نام دیا گیا۔

☆ مقبوضہ کشمیر سے ہندوستانی افواج کا اخراج کیا جائے

☆ مقبوضہ کشمیر میں آزاد اور منصفانہ استصوابِ رائے کا اقوام متحدہ کی زیرِ نگرانی انتظام وانصرام کیا جائے

چونکہ فوری جنگ بندی ہندوستان کے حق میں تھی اس لئے جنگ بندی کی قرار داد پر فوری عمل کر لیا گیا مگر بقیہ دونوں قرار دادیں گذشتہ نصف صدی سے کشمیر پر لاگو ہونے کے انتظار میں ہیں۔

جنگ بندی کے بعد بھارت اپنی چال میں کامیاب ہو گیا۔ شیخ عبداللہ کو ریاست کا وزیر اعظم مقرر کیا گیا۔ بھارت اسے کشمیریوں کے نمائندے کے طور پر دنیا کے سامنے پیش کرتے ہوئے اقوامِ متحدہ کی قرار دادوں پر عمل درآمد کرنے سے ٹال مٹول کرتا رہا اور وادی میں اپنی فوجی قوت بڑھاتا چلا گیا۔ قیامِ پاکستان سے لے کر آج تک ہر حکومت نے چاہے وہ جمہوری حکومت تھی یا مارشل لاء کا زمانہ، کشمیر کے تنازعے کو پر امن طریقے سے حل کرنے اور اقوام متحدہ کی قرار دادوں کے مطابق وہاں استصوابِ رائے منعقد کروانے کے لئے بھارت اور پوری عالمی برادری میں اپنی کوششیں جاری رکھیں۔

مسئلہ کشمیر 61-1951ء

جنوری 1951ء میں یہ مسئلہ دولتِ مشترکہ کانفرنس میں زیرِ بحث آیا۔ اس میں تجویز کیا گیا کہ دولتِ مشترکہ کے دیگر ممالک کشمیر میں فوجیں اتاریں اور وہاں رائے شماری کا کام کرایا جائے۔ پاکستان اور بھارت کی ایک مشترکہ فوج بھی استصوابِ رائے تک وہاں مقیم رہے۔ پاکستان نے اس تجویز کو منظور اور بھارت نے نامنظور کر دیا۔ 30 مارچ 1951ء کو ڈاکٹر فرینک گراہم سلامتی کونسل کے نمائندہ کی حیثیت سے برصغیر آئے۔ کشمیر کے حل میں سب سے زیادہ وقت ڈاکٹر گراہم نے ضائع کیا۔ وہ مسلسل 3 سال تک بھارت کو آمادہ کرنے کی کوشش کرتے رہے۔ انہوں نے کئی تجاویز پیش کیں۔ پانچ مرتبہ وہ برصغیر کے دورے پر آئے لیکن نیت کے کھوٹ کا علاج نہ کسی کے پاس ہوا ہے اور نہ اس کے پاس تھا۔ 27 مارچ 1953ء کو ڈاکٹر گراہم نے سلامتی کونسل میں اپنی ناکامی کا اعتراف کر لیا تاہم گراہم رپورٹ پر سلامتی کونسل میں غور تک نہ کیا گیا۔ کیونکہ اب حالات بدل چکے تھے اور بڑی طاقتوں کا رجحان یہ بن گیا تھا کہ مسئلہ کشمیر کوئی ایمرجنسی نہیں۔

جون 1953ء میں محمد علی بوگرہ وزیر اعظم پاکستان اور پنڈت نہرو لندن میں ایک دوسرے سے ملے تو یہ طے پایا کہ مسئلے کے حل کے لئے کراچی میں دونوں راہ نما ملاقات کریں گے۔ جولائی 1953ء میں کراچی میں وزرائے اعظم کی ملاقات ہوئی۔ بعد میں مشترکہ اعلان میں کہا گیا کہ کشمیر کا فیصلہ وہاں کی عوام کے استصوابِ رائے سے ہو گا۔ اگلے ماہ پھر دہلی میں ملاقات ہوئی جس کے بعد اعلان کیا گیا کہ اپریل 1954ء تک رائے شماری کیلئے ایڈمنسٹریٹر کا تقرر کیا جائے گا۔ دسمبر 1953ء میں ہندوستان اپنے تمام سابقہ وعدوں سے پھر گیا۔ ○

اگست 1953ء میں شیخ عبداللہ کو سازش کے الزام میں جیل بھیج دیا گیا کیونکہ شیخ عبداللہ کو بھارت کے وعدوں پر اعتبار نہ رہا اور لیت و

لعل نے انہیں قائل کر دیا کہ بھارت استصواب رائے سے پہلو تہی کر رہا ہے۔ بھارت نے مسئلے کو مزید الجھانے کے لئے مقبوضہ کشمیر میں مارچ 1951ء میں اسمبلی کے انتخابات کروائے تھے۔ اگرچہ عوام نے اپنے اصل لیڈروں کے احتجاج کی وجہ سے انتخابات کا بائیکاٹ کیا تھا اس کے باوجود سرکاری پارٹی کے ممبران منتخب قرار دیئے گئے تھے۔ سلامتی کونسل نے اس کو کشمیر کا نمائندہ تسلیم کرنے سے انکار کر دیا تھا۔ بھارت نے اس اسمبلی سے بھارت کے ساتھ الحاق کی توثیق کروالی۔ 14 مئی 1954ء کو ایک صدارتی حکم کے ذریعے کشمیر میں بھارت کے دستور کو نافذ کر دیا۔ 24 جنوری 1957ء کو سلامتی کونسل نے ایک قرارداد کے ذریعے مندرجہ بالا الحاق کو تسلیم کرنے سے انکار کر دیا۔ 14 فروری 1957ء کو سلامتی کونسل نے ایک اور قرارداد کے ذریعے صدر سلامتی کونسل سے درخواست کی کہ وہ برصغیر کا دورہ کر کے مسئلہ کشمیر کو سلجھانے کی کوشش کرے۔ روس نے اس قرارداد کو ویٹو کر دیا اور اعلان کیا کہ وہ ہر اس قرارداد کو ویٹو کرتا رہے گا جس میں کشمیر کا نام آئے۔

مسئلہ کشمیر 73-1962ء

جنوری 1962ء میں پاکستان نے سلامتی کونسل کا اجلاس بلانے کا مطالبہ کیا جس کے نتیجے میں یکم فروری کو اجلاس منعقد ہوا جس کو روس نے ایک مرتبہ پھر ویٹو کر دیا۔ جنرل ایوب خاں نے براہِ راست بات چیت کے ذریعے مسئلے کو حل کرنے کی کوشش کی جو ناکام رہی۔ 16 مئی 1963ء کو بھارتی وزیرِ خارجہ سردار سورن سنگھ نے اعلان کیا کہ بھارت کشمیر کے 84 ہزار مربع میل علاقہ میں سے 34 ہزار مربع میل علاقہ پاکستان کو دینے کے لئے تیار ہے مگر پاکستان نے اس تقسیم کو تسلیم کرنے سے انکار کر دیا۔ 1963ء میں کشمیر کی جدوجہدِ آزادی نے ایک اور انگڑائی لی۔ حضرت بل کی درگاہ مسلمانوں کا روحانی مرکز تھی۔ یہاں حضور ﷺ کی بعض یادگاریں تھیں جن میں آپ ﷺ کا موئے مبارک بھی تھا۔ 27 دسمبر 1963ء کو اس روحانی مرکز کی اہمیت ختم کرنے کے لئے اس موئے مبارک کو چرا لیا گیا۔ اس کے خلاف ریاست میں زبردست ہنگامے ہوئے اور صورتِ حال بھارت کے کنٹرول سے باہر ہونے لگی۔ اس موقع پر بھی بھارت نے سلامتی کونسل سے رابطہ قائم کیا لیکن چونکہ پاکستان کے چین کے ساتھ تعلقات کی وجہ سے امریکہ پاکستان سے ناراض ہو چکا تھا جس کی وجہ سے پاکستان سلامتی کونسل سے بالکل مایوس اور ناکام واپس لوٹا۔

6 ستمبر 1965ء کو بھارت نے پاکستان پر حملہ کر دیا اور دونوں ملکوں کے درمیان 17 روز تک جنگ جاری رہی۔ بالآخر جنگ بند ہو گئی۔ اس کے بعد یکم جنوری 1966ء تا 10 جنوری 1966ء تک تاشقند کانفرنس میں صدرِ پاکستان اور وزیرِ اعظم بھارت نے تنازعہ کشمیر اور دیگر امور پر بات چیت کی۔ مسئلہ کشمیر سے متعلق بھارت نے کسی بات پر عمل نہ کیا۔

جنوری 1968ء میں مقبوضہ کشمیر کی عوامی مجلس عمل کے صدر میر واعظ مولوی محمد فاروق اور کشمیر پولیٹیکل کانفرنس کے صدر خواجہ غلام محی الدین نے کشمیر کے حقِ خودارادیت کے حصول کی جدوجہد میں شیخ عبداللہ کی مکمل حمایت کا اعلان کر دیا۔ اسی دوران خود مختار کشمیر کی تجویز منظرِ عام پر آئی جس کو 23 جون 1970ء کو میر واعظ مولوی فاروق نے شدت سے رد کر دیا۔ 1971ء میں پاک بھارت جنگ میں ہندوستان روس کی مدد سے بنگلہ دیش بنانے میں کامیاب ہو گیا۔ جنگ کے بعد شملہ میں ہونے والے سمجھوتے میں بھٹو اندرا گاندھی مذاکرات کے بعد مسئلہ کشمیر کو حل کرنے پر زور دیا گیا۔ یہ بھی طے پایا گیا کہ دونوں فریقین اب اس مسئلے کو بین الاقوامی سطح پر نہیں اٹھائیں گے بلکہ اسے باہمی مذاکرات کے ذریعے حل کیا جائے گا۔ جنگ بندی لائن کا نام بھی تبدیل کر کے لائن آف کنٹرول رکھ دیا گیا۔

مسئلہ کشمیر 85-1974ء

بھٹو دور میں مسئلہ کشمیر کچھ دب سا گیا۔ جنرل ضیاء کے مارشل لاء دور میں بھی پاکستان کی پوری توجہ افغان مہاجرین کے مسئلہ پر رہی۔ اس کے بعد جمہوریت بحال ہوئی تو پاکستانی حکمرانوں نے مسئلہ کشمیر از سرِ نو اٹھایا۔ ادھر خود کشمیری بھی بیدار ہوئے اور مجاہدین کی صورت میں

بھارتی مظالم کی مزاحمت کرنے لگے۔

مسئلہ کشمیر 1986ء تا حال

1985ء میں بھارتی حکومت نے تحریکِ آزادی پر قابو پانے کے لئے فوج، پولیس، پیرا ملٹری ٹروپس کو حرکت دی۔ اس کے بعد سے بے گناہ کشمیری مسلمانوں کا قتلِ عام اور اس کے خلاف احتجاجی جلوس، ان پر پھر فائرنگ اور پھر احتجاج کا چکر چل رہا ہے۔ 1987ء میں کشمیر میں انتخابات ہوئے تو دھاندلیوں کے نئے ریکارڈ قائم کیے گئے۔ افغانستان میں روس کی شکست اور روسی فوجوں کی واپسی سے کشمیری عوام کا حوصلہ بہت بلند ہو چکا تھا۔ مئی 1989ء کے وسط میں کشمیر لبریشن فرنٹ نے چند معصوم افراد کے قتل کے خلاف ہڑتال کی اپیل کی جو توقع سے کہیں زیادہ کامیاب رہی۔ احتجاجی جلوسوں پر بھارتی فوج نے گولیاں چلائیں تو جواب میں بھی گولیاں چلیں۔ مکانوں پر پاکستان پرچم لہرائے گئے۔ یہ گویا ایک نئے دور کا آغاز تھا۔ جنوری 1990ء میں گورنر راج نافذ کر دیا گیا۔ گورنر جگ موہن نے ظلم و تشدد کے تمام سابقہ ریکارڈ توڑ دیئے۔ 21 مئی 1990ء کو میر واعظ فاروق کو شہید کر دیا گیا تو تحریک میں مزید شدت آ گئی۔ مارچ 1998ء میں بھارتیہ جنتا پارٹی کے بھارت میں برسرِ اقتدار آنے کے بعد کشمیریوں پر مزید مظالم ڈھانے کے سلسلہ زور و شور سے شروع ہو گیا۔

11 اور 15 مئی 1998ء کو بھارت کی بی جے پی کی حکومت نے علاقے میں اپنی چودھراہٹ قائم کرنے کے لئے پانچ ایٹمی دھماکے کیے تو اس کا کشمیر ایشو پر پاکستان کے ساتھ لب و لہجہ بدل گیا۔ بھارتی عہدیداروں نے دعویٰ کیا کہ اب وہ آزاد کشمیر کو پاکستانی تسلط سے آزاد کروا کر اسے ہندوستان کا حصہ بنائیں گے۔ مگر 28 مئی 1998ء کو پاکستان جوابی ایٹمی دھماکوں نے ایک مرتبہ پھر ہندوستانیوں کو ان کی حیثیت یاد دلا دی ہے۔ ایک مرتبہ پھر مسئلہ کشمیر کو ہندوستان اور پاکستان کے درمیان ایک متنازعہ علاقہ تسلیم کر لیا گیا جس کو مذاکراتی میز پر حل کیا جا سکتا ہے۔ وزیر اعظم بھارت اٹل بہاری واجپائی کا دورہ لاہور (20 فروری 1999ء) کو اس سلسلے میں بڑی اہمیت کا حامل ہے۔ اس دورے کے دوران بھارتی وزیر اعظم نے کشمیر کو ایک حل طلب مسئلہ تسلیم کر لیا مگر ہندوستان واپس جانے کے بعد اندرونی ملکی دباؤ کے تحت وہ ایک مرتبہ پھر کشمیر کو بھارت کا اٹوٹ انگ کہنے لگے۔

گزشتہ 56 برسوں کے تجربوں کے پیش نظر پاکستان یہ چاہتا ہے کہ یہ مذاکرات کسی تیسرے فریق کی ثالثی میں کروائے جائیں۔ اس ضمن میں جاپان، برطانیہ، امریکہ اور اقوامِ متحدہ سمیت تمام عالمی طاقتیں اپنے آپ کو ثالثی کے لئے پیش کر چکی ہیں لیکن بھارت ہر ادارے اور ملک کی ثالثی کی پیش کش کو مسترد کرتا آ رہا ہے۔ کیونکہ وہ جانتا ہے کہ اپنے کمزور موقف کے مطابق تیسرے فریق کی ثالثی اس کے لئے سراسر نقصان دہ ہے۔ کشمیر کا تنازع جب اُبھر کر سامنے آیا تو اس کی نوعیت ایک علاقائی تنازع کی تھی۔ اس کی وجہ سے پاکستان اور بھارت دونوں نو آزاد ملک ایک دوسرے کے حریف ملک بن کر سامنے آ گئے۔ اس حریفانہ سیاست سے جہاں بھارت اور پاکستان کی ترقی اور خوشحالی اور دونوں ملکوں کے عوام کی فلاح و بہبود کو نقصان پہنچا وہاں کشمیر اور کشمیری سب سے زیادہ متاثر ہوئے اور آج تک ہو رہے ہیں۔ سرد جنگ کے دور میں جنوب مشرقی ایشیاء میں اسٹریٹیجک مفادات کی صورتِ حال کچھ اور تھی۔ سرد جنگ کے خاتمے کے بعد اس علاقے میں عالمی مفادات کا نقشہ بالکل ہی تبدیل ہو گیا۔ ساری دنیا میں قومیت اور نظریاتی بنیاد پر جن تحریکوں نے سر ابھارا تھا وہ کامیاب ہوتی نظر آ رہی تھیں۔ کشمیر میں بھارتی تسلط کو ختم کرنے کے لئے جاری تحریک روز بروز زور پکڑ رہی تھی جنوب مشرقی ایشیاء میں سب سے بڑا خطرہ پاکستان اور بھارت کے درمیان اس اندیشے سے ہے کہ ان دونوں ملکوں کے درمیان جنگ چھڑ سکتی ہے اور پالیسی سازوں نے اس بات کا اندازہ لگا لیا تھا کہ اگر کشمیر کا تنازع حل نہ ہوا تو اس علاقے میں امن قائم نہیں ہو سکتا اور ان کے مفادات سنگین صورتِ حال سے دو چار رہیں گے۔ اس لئے انہوں نے دونوں ملکوں پر دباؤ بڑھانا شروع کیا کہ اس تنازع کو مذاکرات کے ذریعہ حل کریں۔ چنانچہ نوے کی دہائی سے لے کر اب تک پاکستان اور بھارت اس تنازع

کے حل کے لئے کوشاں ہیں۔ اس قسم کے تنازعات راتوں رات حل نہیں ہوتی ہیں۔ مذاکرات آگے بڑھتے رہتے ہیں۔ ان کو قابلِ قبول بنانے کی کوشش ہوتی رہتی ہے۔ مذاکرات میں کچھ لو اور کچھ دو کی بنیاد پر سوچ و بچار ہوتا رہتا ہے۔ عرفِ عام میں یہ کہا جا سکتا ہے کہ اگر فریقین لچک کا مظاہرہ کریں گے تو وہ حل کے قریب پہنچ سکیں گے۔

عالمی طاقتوں کے مفادات

اس علاقے میں امریکہ اور چین کا مفاد زیادہ ہے۔ دونوں ملک اپنے اپنے طور پر فریقین پر مذاکرات کے ذریعے تنازع کے حل کے لئے زور ڈال رہے ہیں۔ اگر کشمیر کا تنازع کسی طور حل ہو جاتا ہے تو پاکستان اور بھارت کے درمیان ایٹمی جنگ کا خطرہ ختم ہو جائے گا بلکہ جنگ کا اندیشہ سرے سے جاتا رہے گا۔ سرد جنگ کے ختم ہونے سے جو تبدیلی دنیا میں آئی تھی۔ اس سے بڑی تبدیلی 9/11 کے بعد ظہور پذیر ہوئی حقِ خودارادی کے نظریات کو دہشت گردی کا روپ دے دیا گیا۔ اس سے کشمیر میں چلنے والی تحریکِ آزادی کو دنیا نے بھارت کے ساتھ دہشت گردی قرار دینا شروع کر دیا۔ پاکستان اور کشمیریوں پر دباؤ بڑھ گیا کہ وہ کشمیر کا پرامن حل تلاش کریں اور دہشت گردی کو ختم کریں اور پاکستان دراندازی روکے۔

امریکہ کے افغانستان پر حملے طالبان حکومت کی تباہی اور پھر دہشت گردی کے خلاف عالمی مہم نے کشمیریوں کی پندرہ سال سے جاری جدوجہد کو سخت نقصان پہنچایا۔ آزادی کی تحریک راتوں رات دہشت گردی قرار دے دی گئی۔ پاکستان میں پرویز مشرف کی حکومت نے یہ فیصلہ کیا تھا کہ وہ دہشت گردی اور انتہا پسندی کے خلاف دنیا کا ساتھ دے گی چنانچہ آج تک ہم امریکہ کے ساتھ اس مہم میں اس کے اہم پارٹنر ہیں۔ قومی سلامتی کے تقاضوں اور خارجہ پالیسی کے مقاصد میں اتنا گہرا تعلق ہے کہ دونوں کو الگ الگ کر کے نہیں دیکھا جا سکتا ہے۔ یہاں پاکستان میں بھی اب صورت حال اس اصول کے مطابق ہوتی جا رہی ہے۔ پاکستان عالمی دہشت گردی کو ختم کرنے کے لئے جس طرح امریکہ کا اسٹریٹجک پارٹنر ہے اسی طرح وہ خارجہ پالیسی کے مقاصد کو حاصل کرنے کے لئے بھی امریکی نقطہ نظر سے قریب تر ہو رہا ہے۔ اگر پاکستان بھارت اور کشمیری کسی ایسے حل کو تھوڑے ردّوبدل کے ساتھ تسلیم کرنے پر آمادہ ہو جاتے ہیں جو امریکی مفادات کو بھی پورا کرتا ہو تو اس علاقے میں ایک نئے دور کی ابتداء ہو سکتی ہے۔ اگر ایسا ہوتا ہے تو اس علاقے میں قومی سلامتی کے عزائم بھی تبدیل ہوں گے اور خارجہ پالیسی کے مقاصد بھی۔

اب تک پاکستان اور بھارت کے درمیان اعتماد سازی کے لئے بہت اہم اقدامات کیے جا چکے ہیں جن میں مظفر آباد کشمیر بس سروس کا اجراء سب سے بڑی پیش رفت ہے۔ گو بظاہر بھارت اور پاکستان نے مسئلہ کشمیر پر اپنے روایتی مؤقف کو ابھی تک ترک نہیں کیا۔ لیکن اس کے باوجود پاکستان اور بھارت کے درمیان ہونے والے پے در پے معاہدات سے یہ بات بخوبی آشکار ہوتی ہے کہ دونوں ممالک نے یہ طے کر لیا ہے کہ مسئلہ کشمیر کو مذاکرات کے ذریعے حل کر کے اس خطے میں غربت اور افلاس کے خاتمے کے لئے سنجیدہ کوششوں کا آغاز کیا جائے۔ صدر پرویز مشرف دہلی میں ہونے والے کرکٹ میچ کو دیکھنے جب 16 اپریل کو دہلی پہنچے تو بھارتی حکومت کی جانب سے اعتماد سازی کی فضاء قائم کرنے کے لئے مختلف علاقائی مسائل کے حل کے لئے اس کے مؤقف میں لچک اسی سلسلے کی ایک کڑی تھی۔ بعد ازاں پاکستان میں پیپلز پارٹی حکومت کے قیام کے بعد ممبئی میں حملے ہوئے تو پاک بھارت تعلقات کشیدگی کا شکار ہوتے چلے گئے۔ یہاں تک کے دونوں ممالک نے مذاکرات کا دروازہ بھی بند کر دیا۔ اسی اثناء میں 2010ء میں سید علی گیلانی اور دیگر حریت رہنماؤں کی گرفتاری کے بعد مقبوضہ کشمیر میں فسادات پھوٹ پڑے اور سینکڑوں کشمیری نوجوان بھارتی فوج کے ہاتھوں شہید ہو گئے۔ جس کی پاکستان نے شدید مذمت کی۔ پاکستان نے مقبوضہ کشمیر میں فسادات کے بعد اپنے اس موقف کو پھر دہرایا کہ وہ کشمیریوں کی اخلاقی، سیاسی و سفارتی حمایت جاری رکھے گا۔ ممبئی حملوں کے بعد پاکستان اور بھارت کے درمیان امن مذاکرات تعطل کا شکار ہو گئے۔ فروری 2011ء میں بھوٹان کے دارالحکومت تھمپو میں پاک بھارت وزرائے خارجہ اور خارجہ سیکرٹریوں کی سطح پر مذاکرات ہوئے۔ اِن مذاکرات میں دونوں ممالک نے کشمیر اور دیگر باہمی تنازعات کے حل کے لیے باہمی مذاکرات پر جو رضامندی ظاہر کی۔ اُس سلسلے میں پاکستان کے وزیر خارجہ جولائی میں بھارت کا دورہ کریں گے۔

.... ☆ ....

سوال: پاک امریکہ تعلقات پر جامع نوٹ لکھیں؟

جواب:

پاک امریکہ تعلقات

اگر آج پاکستان کو درپیش مسائل اور مشکلات کا جائزہ لیا جائے تو اس کی بنیادی وجہ اس کی جغرافیائی پوزیشن یعنی دنیا میں اس کا محل وقوع ہے۔ اس کے شمال میں دنیا کا بلند پہاڑ، ہمالیہ ہے، ساتھ ہی افغانستان، چین کی سرحدیں ہیں تو قریب ہی وسط ایشیائی ممالک، مشرق میں بھارت، مغرب میں ایران اور جنوب میں بحیرہ عرب کا ایک ہزار کلومیٹر طویل ساحل ہے۔ بحیرہ عرب سے مغربی شمال میں آبنائے ہرمز کی پتلی سی سمندری پٹی ہے، جو بحیرہ عرب اور خلیج فارس کو ملاتی ہے۔ کنارے پر گوادر یعنی ''ہوا کا دروازہ'' واقع ہے۔ یہ قدرتی اور گہرے گرم سمندر کی ایسی بندرگاہ ہے جو دفاعی اور تجارتی اعتبار سے بہت اسٹریٹجک پوزیشن پر واقع ہے۔ آبنائے ہرمز اتنی تنگ ہے کہ اگر اس میں دو بڑے تیل بردار جہاز ڈبو دیئے جائیں تو دنیا کو تیل کی آدھی سپلائی منقطع ہو سکتی ہے، یعنی ایران، خلیجی ریاستوں، سعودی عرب وغیرہ سے دنیا بھر کے ملکوں کو تیل کی آدھی سپلائی کے لیے یہی گزرگاہ ہے۔ بعد ازاں، گوادر سے دالبندین ہوتے ہوئے افغانستان کے مختصر سے فاصلے کے بعد سینٹرل ایشیاء کی ریاستوں تک رسائی ہو جاتی ہے، جہاں دنیا میں تیل اور گیس کے دوسرے سب سے زیادہ ذخائر موجود ہیں۔ یوں پاکستان ہی وہ واحد خطہ ہے، جو آئندہ برسوں میں دنیا بھر کی تجارت کے لیے سب سے بڑی گزرگاہ ہوگی۔ اپنی اس جغرافیائی پوزیشن کی وجہ سے شروع ہی سے پاکستان کو امور خارجہ کے اعتبار سے مختلف چیلنجز کا سامنا رہا ہے۔

آزادی کے فوراً بعد چونکہ پاکستان کو اقتصادی اور صنعتی اعتبار سے بہت سے ایسے خطرات لاحق تھے کہ اس کی سلامتی ایک سوالیہ نشان بن سکتی تھی۔ چین آزاد نہیں ہوا تھا اور وہاں آزادی کے لیے مسلح جدوجہد جاری تھی۔ افغانستان پر سابق سوویت یونین کے اثرات نمایاں تھے اور سب سے بڑھ کر یہ کہ بھارت روس تعلقات عروج پر تھے۔ بھارت کے پہلے وزیر اعظم جواہر لعل نہرو، جو آزادی کے بعد تیسری دنیا میں غیر جانب دار ملکوں کی تنظیم کے رہنما بن گئے تھے، ان کے تعلقات روس سے کافی پرانے تھے۔ انہوں نے 1927ء میں روسی اشتراکی انقلاب کے دس سالہ جشن کی تقریب میں بھی شرکت کی تھی، لہٰذا پاکستان کے پاس اس کے سوا کوئی چارہ نہیں تھا کہ وہ روس کے مقابلے میں نہ صرف امریکہ سے تعلقات بڑھائے، بلکہ ان تعلقات کو متوازن بھی رکھے۔ ان ہی حقائق کو پیش نظر رکھتے ہوئے پاکستان کے پہلے وزیر اعظم خان لیاقت علی خان نے امریکہ کا دورہ کیا اور امریکی صدر ٹرومین سے ملاقات کی، امریکی تعلقات میں قربت بھی ان ہی کے دور سے شروع ہوئی، لیکن یہ بھی حقیقت ہے کہ پاک امریکہ تعلقات کے آغاز ہی پر امریکہ نے پاکستان میں فوجی اڈے قائم کرنے کا مطالبہ کیا تو وزیر اعظم نے امریکی صدر ٹرومین پر واضح کر دیا کہ پاکستان نے آدھا کشمیر امریکی یا کسی بیرونی امداد کے بغیر آزاد کروایا ہے، لیکن اس کے بعد خصوصاً 1951ء میں لیاقت علی خان کی شہادت کے بعد پاکستان سازشوں کا شکار ہو گیا اور پھر ایسے ادوار بھی آئے، جن میں پاکستان، امریکہ تعلقات کھنچاؤ کا شکار رہے۔ پاکستان نے آزادی کے صرف دو ہفتے بعد واشنگٹن ڈی سی میں پاکستانی سفارت خانہ کھولا اور ایم اے ایچ اصفہانی 18 اکتوبر 1948ء کو پاکستان کے پہلے سفیر تعینات ہوئے۔ یوں شروع ہی سے امریکہ میں پاکستانی سفیر کی تعیناتی بہت اہم رہی ہے، اس کی اہمیت کا اندازہ اس امر سے لگایا جا سکتا ہے کہ امریکہ میں سفیر رہنے والی بہت سی شخصیات کو بعد میں پاکستان کا وزیر خارجہ یا وزیر اعظم بھی رہے۔ پاکستان کی کامیاب خارجہ پالیسی میں سرفہرست پہلے وزیر خارجہ سر محمد ظفر اللہ خان نے پہلی جب کہ محمد علی بوگرہ تو ملک کے وزیر اعظم بھی رہے۔ پاک بھارت جنگ میں کشمیر کے آدھے حصے کو آزاد کروانے کے بعد بہترین سفارت کاری اور خارجہ پالیسی کے تحت اس مسئلے کو اقوام متحدہ کے ایجنڈے میں شامل کروایا اور امریکہ نے کشمیریوں کے حق رائے دہی کو تسلیم کیا، یوں اس دوران پاکستان کے وزیر خارجہ سر محمد ظفر اللہ خان اور

امریکہ میں پاکستان کے سفیر ایم اے ایچ اصفہانی کا کردار اہم رہا۔

فیروز خان نون 14 ستمبر 1958ء وزیر اعظم رہے، وزارت خارجہ کا قلم دان بھی ان کے پاس تھا۔ اس دوران ایک بڑی کامیابی یہ رہی کہ پاکستان نے سلطنت عمان یعنی مسقط سے چالیس ہزار پونڈ کی رقم کے عوض گوادر کا علاقہ خرید کر پاکستان میں شامل کرلیا، جو دفاعی اور اقتصادی حکمت عملی کے اعتبار سے بہت اہم ہے۔ سرد جنگ کی پہلی دہائی میں پاک امریکہ تعلقات بہت اہمیت اختیار کر گئے، یہ سب کچھ پاکستان کی اسٹریٹجک پوزیشن کی وجہ سے ہوا اور اس دوران پاکستان نے امریکہ کے ساتھ 1954ء میں دفاعی معاہدے سیٹو (SEATO) اور 1955ء میں سینٹو (SENTO) پر دستخط کر دیئے۔ ان معاہدوں سے امریکہ کو تو فائدہ ہوا لیکن پاکستان اپنی خارجہ پالیسی میں توازن کھو بیٹھا، جبکہ اسی دوران بھارت نے نہ صرف یہ کہ سابق سوویت یونین سے دفاعی تعاون حاصل کیا بلکہ خود کو کامیابی سے غیر جانبدار ثابت کرتے ہوئے مستحکم متوازن خارجہ پالیسی کی بنیاد بھی رکھی۔ پاکستان امریکہ تعلقات میں محمد علی بوگرہ کا نام بہت اہم ہے، وہ دوبارہ امریکہ میں پاکستان کے سفیر متعین رہنے کے علاوہ پاکستان میں وزیر خارجہ اور وزیر اعظم کے عہدوں پر بھی فائز رہے۔ ان کے بارے میں کہا جاتا ہے کہ وہ پاک امریکہ تعلقات کے تناظر میں اہم ترین شخصیت تھے۔ وہ ذوالفقار علی بھٹو سے قبل وزیر خارجہ رہے، 1963ء میں اگر وہ انتقال نہ کر جاتے تو شاید ذوالفقار علی بھٹو وزیر خارجہ نہ بن پاتے۔

1962-63ء کے بعد ہی سے پاکستان نے اپنی خارجہ پالیسی کو قدرے متوازن کرنے پر توجہ دی۔ اس کی ایک بڑی وجہ یہ تھی کہ علاقے میں چین ایک قوت کے طور پر ابھر رہا تھا اور چین اور بھارت کے درمیان جنگ سے ان کے آپس کے تعلقات کشیدہ ہو چکے تھے۔ اب ایک جانب بھارت، روس کے قریب تھا تو پاکستان یہ چاہتا تھا کہ چین سے قریبی تعلقات قائم کر کے امریکہ سے تعلقات میں بھی توازن پیدا کرے اور بھارت کے مقابلے میں بھی علاقائی طور پر بہتر خارجہ پالیسی اپنا کر بھارت سے مقابلے کے لیے تیار رہے۔ ذوالفقار علی بھٹو 24 جنوری 1963ء سے 30 جون 1966ء تک پاکستان کے وزیر خارجہ رہے، بحیثیت وزیر خارجہ ان کا چناؤ صرف 35 برس کی عمر میں ان کی قابلیت کی بنیاد پر کیا گیا تھا، اس وقت تک خارجہ امور پر ان کے کئی مضامین عالمی سطح کے اخبارات اور میگزینز میں شائع ہو چکے تھے اور آج بھی بہت سے اختلافات کے باوجود ان کی کتاب ''آزادی موہوم'' "Mithindepandence" ماسٹرز آف انٹرنیشنل ریلیشن کے نصاب میں شامل ہے۔ اسی دور میں غلام احمد 19 جولائی 1963ء سے 15 ستمبر 1966ء تک امریکہ میں پاکستان کے سفیر رہے۔ اس دوران پہلی بار امریکہ اور پاکستان کے تعلقات اس وقت کشیدہ ہوئے، جب ستمبر 1965ء کی پاک بھارت جنگ میں امریکہ نے پاکستان کی اقتصادی اور فوجی امداد بند کر دی۔ اس دوران پاکستان کے دفتر خارجہ اور امریکہ میں پاکستانی سفیر نے حکومت کی متوازن خارجہ پالیسی کو مستحکم کرنے کی کوشش کی، لیکن 30 جون 1966ء کو ذوالفقار علی بھٹو نے وزارت خارجہ کا قلم دان چھوڑا تو اڑھائی مہینے بعد امریکہ میں تعیناتی کے اعتبار سے ایک چیلنج ثابت ہوئی، جس میں امریکہ، پاکستان کی کچھ مدد نہ کر سکا۔ اس وقت وزارتِ خارجہ کا قلم دان یحییٰ خان کے پاس تھا اور امریکہ میں پاکستان کے سفیر، میجر جنرل (ر) این اے ایم رضا تھے۔ اس دوران جولائی 1971ء میں امریکی وزیر خارجہ، ہنری کسنجر نے پاکستان سے چین کا خفیہ دورہ کیا، جو روس کے لیے خفیہ نہیں رہا اور چونکہ کچھ عرصہ پہلے روس اور چین کے درمیان سرحدی جھڑپیں ہو چکی تھیں، اس لیے قبل اس کے کہ چین، پاکستان اور امریکہ کے درمیان کوئی دفاعی معاہدہ ہوتا، اس سے پہلے ہی روس نے بھارت سے دفاعی معاہدہ کرلیا، جس کی ایک شق یہ تھی کہ دونوں ملکوں پر کوئی تیسرا ملک حملہ کرے تو وہ ایک ہی ملک پر حملہ تصور کیا جائے گا۔

16 دسمبر 1971ء کو مشرقی پاکستان، بنگلہ دیش بن گیا۔ 20 دسمبر 1971ء کو مغربی پاکستان میں اقتدار ذوالفقار علی بھٹو کے حوالے کر دیا گیا۔ ذوالفقار علی بھٹو 20 دسمبر 1971ء سے 28 مارچ 1977ء تک پہلے صدر مملکت اور بعد میں وزیر اعظم رہے۔ انہوں نے وزارتِ خارجہ کا قلم دان بھی اپنے پاس رکھا، جبکہ لیفٹیننٹ جنرل (ر) صاحب زادہ یعقوب علی خان 19 دسمبر 1973ء سے 3 جنوری 1979ء امریکہ میں پاکستان کے سفیر رہے اور اسی دوران پہلی بار ملک کی خارجہ پالیسی کو متوازن کیا گیا۔ امریکی امداد پر انحصار بہت کم کر دیا گیا، بطور سفیر،

صاحب زادہ یعقوب علی خان نے بھٹو جیسی شخصیت کو مطمئن رکھا اور سفارت کاری کی ذمہ داریوں کو بہ طریق احسن پورا کیا۔ صاحب زادہ یعقوب علی خان کا نام پاک امریکہ تعلقات اور ملک کی خارجہ پالیسی کے اعتبار سے سر محمد ظفر اللہ خان، محمد علی بوگرہ اور ذوالفقار علی بھٹو کے بعد سب سے اہم تسلیم کیا جاتا ہے۔ وہ چھ سال تک مسلسل امریکہ میں پاکستان کے سفیر رہے، جبکہ دوبارہ مستقل حیثیت میں اور ایک بار بطور قائم مقام وزیر خارجہ کام کیا۔ مجموعی طور پر بحیثیت وزیر خارجہ وہ ملک کی تاریخ میں دس سال سے زیادہ مدت تک اس عہدے پر فائز رہے۔ پیشہ وارانہ حیثیت میں شعبہ امور خارجہ میں ان کی کارکردگی مثالی رہی۔ وہ فوج سے باقاعدہ ریٹائرمنٹ کے بعد اس شعبے میں آئے اور ہمیشہ قومی و ملکی مفادات کے لیے کام کیا۔ پاکستان کی بدقسمتی رہی کہ جب 1985ء میں افغانستان، پاکستان، روس اور امریکہ مذاکرات اقوام متحدہ کے تحت جنیوا میں ہو رہے تھے، تو ان مذاکرات کے حتمی مراحل میں ان کی جگہ وزیر اعظم محمد خان جونیجو نے وزیر مملکت برائے امور خارجہ، زین نورانی کو جنیوا بھیجا اور یوں جنیوا مذاکرات میں افغانستان سے روسی فوجوں کی واپسی تو مکمل ہوئی، لیکن صدر نجیب کی حکومت گرانے میں مجاہدین کو مزید دو برس لگ گئے اور اس دوران مجاہدین کے گروپس میں اقتدار کے حوالے سے اختلافات بھی پیدا ہو گئے۔ 11 نومبر 1996ء سے 24 فروری 1997ء تک صاحب زادہ یعقوب علی خان عبوری حکومت کے وزیر خارجہ رہے۔ اسی سال عام انتخابات میں مسلم لیگ (ن) نے دو تہائی اکثریت حاصل کر کے حکومت بنائی تو گوہر ایوب خان کو وزیر خارجہ بنا دیا گیا، جو 25 فروری 1997ء سے 7 اگست 1998ء تک اس عہدے پر فائز رہے۔

واضح رہے کہ 1979ء کے بعد افغانستان جنگ کی وجہ سے پاک امریکی تعلقات بہت عرصے بعد بہتر ہوئے تھے لیکن بعد میں ان تعلقات میں سرد مہری آنے لگی اور 28 مئی 1998ء کو جب پاکستان نے بھارت کے جواب میں ایٹمی دھماکے کیے تو امریکہ میں متعین پاکستانی سفیر ریاض کھوکھر اور وزیر خارجہ گوہر ایوب، پاکستان کو امریکی پابندیوں سے نہیں بچا سکے، اگر اس وقت صاحب زادہ یعقوب خان وزیر خارجہ اور طارق فاطمی امریکہ میں پاکستان کے سفیر ہوتے تو شاید اقتصادی سیاسی دباؤ اس قدر نہ بڑھتا۔ اس دوران پاکستان، امریکہ تعلقات زیادہ کشیدہ ہوئے۔

نائن الیون کے فوراً بعد پوری دنیا میں سفارت کاری اور امورِ خارجہ میں ہلچل مچ گئی اور اس حوالے سے سب سے زیادہ دباؤ کا شکار پاکستان ہوا۔ کیونکہ افغانستان پر امریکہ اور نیٹو اتحادیوں نے مل کر نہ صرف حملہ کیا، بلکہ یہاں فوجیں بھی داخل کر دیں۔ پاکستان میں جنرل پرویز مشرف کی حکومت تھی۔ دہشت گردی کے خلاف جنگ میں جنرل پرویز مشرف نے جو پالیسی اختیار کی وہ اس پر کامیابی سے گامزن رہے، البتہ سفارتکاری کے اعتبار سے ملک کی خارجہ پالیسی میں حسین حقانی کا سفارتی دور بحرانی کیفیت کا شکار رہا۔ اس دوران 31 مارچ 2008ء تا 9 فروری 2011ء شاہ محمود قریشی وزیر خارجہ رہے، لیکن بحران کا سبب امریکہ میں پاکستانی سفیر حسین حقانی کی شخصیت ہی تھی۔ اس بحران کے بعد پیپلز پارٹی کی حکومت اور سابق صدر آصف علی زرداری نے حنا ربانی کھر کو پہلے وزیر مملکت بعد ازاں وزیر خارجہ مقرر کر دیا۔ وہ اس عہدے پر 13 فروری 2011ء سے 16 مارچ 2013ء تک فائز رہیں۔ اس دوران امریکہ میں پاکستان کی سابق وزیر اطلاعات شیری رحمن 23 نومبر 2011ء تا 14 مئی 2013ء امریکہ میں پاکستانی سفیر رہیں۔ پاک امریکہ تعلقات کے لحاظ سے یہ ایک منفرد دور رہا، جب پاکستانی وزیر خارجہ اور امریکہ میں پاکستان کی سفیر دونوں ہی خواتین تھیں۔ وژن کے اعتبار سے اگرچہ شیری رحمن کو بہتر سمجھا جاتا ہے، لیکن بدقسمتی سے اس دوران میڈیا کے حوالے سے شیری رحمن کے میک اپ اور وزیر خارجہ حنا ربانی کھر کے لباس اور زیورات کی تعریفیں اور چرچے زیادہ ہوئے اور پاک امریکہ تعلقات پس منظر میں چلے گئے۔

یہ بھی حقیقت ہے کہ ستمبر 2001ء سے اب تک پاک، امریکہ تعلقات میں شکوک و شبہات، اندیشے، وسوسے زیادہ اور امیدیں اور امکانات کم رہے۔ اس دوران دہشت گردی کے خلاف جنگ کے حوالے سے پاکستان اور امریکہ ایک دوسرے کی مجبوری بھی بنے رہے اور ایک دوسرے پر عدم اعتماد اور قابل بھروسا نہ ہونے کے الزامات بھی عائد کرتے رہے۔ اس دوران امریکہ نے پاکستان پر اقتصادی لحاظ سے دباؤ میں اضافہ کیا، جبکہ اس کے مقابلے میں بھارت کی کہیں زیادہ مدد کی۔ پاک امریکہ تعلقات میں اس وقت زیادہ کشیدگی سامنے آئی، جب امریکہ نے بھارت سے ایٹمی تعلقات کے معاہدے کیے، لیکن پاکستان سے اس قسم کے کسی بھی معاہدے سے انکار کر دیا۔ اسی دوران

افغانستان میں کارروائیوں کے حوالے سے امریکہ نے کئی مرتبہ الزامات عائد کیے اور شدید تنقید کے باوجود پاکستانی علاقوں میں ڈرون حملے بھی جاری رکھے۔ پاکستان نے متعدد بار ان حملوں کی مذمت کی، پھر ریمنڈ ڈیوس واقعے کے بعد امریکہ پر دباؤ بھی ڈالا کہ وہ پاکستان کے خلاف دہرا رویہ ترک کردے۔

گیارہ مئی 2013ء کے عام انتخابات کے بعد مسلم لیگ (ن) ایک مرتبہ پھر بھاری اکثریت سے کامیاب ہوکر اقتدار میں آئی ہے اور رواں برس افغانستان سے نیٹو افواج بھی رخصت ہو رہی ہیں، تو امریکی فوج کا بھی بڑا حصہ افغانستان سے چلا جائے گا۔ اس اہم موقع پر پاکستان، امریکہ تعلقات اور پاکستان کی خارجہ پالیسی نہایت اہمیت اختیار کر گئی ہے، پاکستان نے امریکی تعلقات کے اعتبار سے 28 اگست 1947ء سے اب تک بہت کچھ سیکھا ہے غالباً یہی وجہ ہے کہ وزیر اعظم نواز شریف نے اگرچہ 7 جون 2013ء سے سرتاج عزیز کو مشیر امور خارجہ تو مقرر کر دیا ہے لیکن عملی طور پر وزارتِ خارجہ کا قلم دان اپنے پاس ہی رکھا ہے۔ آئندہ مہینوں میں جب امریکہ اپنے اعلان کے مطابق افغانستان سے واپس ہوگا، تو یہ وزیر اعظم نواز شریف کا امتحان ہوگا۔ دیکھنا یہ ہے کہ اس بار تاریخ کے اہم دوراہے پر وہ پاکستان کے مفادات کا کتنے بہتر طریقے سے دفاع کرتے ہیں۔

☆.....☆.....☆

URDU COMPOSITION

تلخیص نگاری

تلخیص نگاری ایک مشکل لیکن انتہائی دلچسپ کام ہے۔ تلخیص نگاری کا بنیادی اصول یہ ہے کہ آپ تحریر کا اچھی طرح مطالعہ کریں اور اسے کم سے کم الفاظ میں دوبارہ تحریر کر دیا جائے۔ اس سلسلہ میں اردو اخبارات میں شائع ہونے والی سرخیاں سب سے بہترین مثال ہیں۔ عموماً طالب عالم تلخیص سے گھبرا جاتے ہیں جس کی دو بڑی وجوہات درج ذیل ہیں۔

☆ اپنے خیالات کو بیان کرنے کے لیے طالب علم کو مناسب الفاظ نہیں ملتے جس کی بنیادی وجہ مطالعہ کے وقت زبان کے الفاظ اور تراکیب کے صحیح مفہوم کو ذہن نشین نہ کرنا ہے۔ آپ جب بھی مطالعہ کریں الفاظ کے معانی پر ہر ممکن غور کریں۔

☆ قواعد تلخیص نگاری کو بہت مشکل سمجھا جاتا ہے اور طالب علم کو اس بات کا احساس دلایا جاتا ہے کہ اگر ان قواعد سے انحراف کیا، تلخیص غلط تصور کی جائے گی اگر آپ بغور مطالعہ کرنے کے عادی ہیں تو پھر آپ کے لیے تلخیص نگاری مشکل نہیں ہے۔ تلخیص نگاری کے لیے آپ کو درج ذیل اصول مدنظر رکھنے چاہئیں۔

تلخیص نگاری کے اصول:

☆ ایسی عبارت جس کی تلخیص کرنا مقصود ہو غور سے پڑھیں اور اپنے ذہن میں اس عبارت کے مفہوم کو ازبر کرتے ہوئے ایک خاکہ بنالیں، تحریر کو دوسری دفعہ پڑھتے وقت عبارت کے ایسے الفاظ پر نشان لگالیں جس کے گرد عبارت گھومتی ہے، تیسری بار پڑھتے وقت چیک کریں کہ کوئی ضروری حصہ یا لفظ نشان لگنے سے محروم تو نہیں ہو گیا۔ ضروری اور الفاظ کے مفہوم کا مکمل خاکہ بنانے کے لیے تمام جزئیات پر غور کریں۔

☆ بعض اوقات عبارت میں غیر ضروری الفاظ اور جملے موجود ہوتے ہیں۔ ان جملوں میں متعدد اجزائے جملہ ایسے ہوتے ہیں جن کے بغیر بھی اصل مفہوم ادا کرنا ممکن ہے آپ تلخیص کرتے وقت ایسے حصوں کو چھوڑ دیں۔

☆ اگر عبارت میں اسم معرفہ موجود نہ ہوں تو انھیں نہیں چھوڑا جا سکتا ہے۔ اگر عبارت میں کسی بات کی تشریح کے دوران ایک یا ایک سے زائد اسم معرفہ آئیں تو آپ تشریح اور اسم معرفہ دونوں کو چھوڑ دیں۔

☆ انتہائی ضروری الفاظ کے علاوہ درج عبارت کی زبان نہ استعمال کریں۔

☆ اصل عبارت کا کوئی جملہ تلخیص نگاری کے لیے استعمال نہ کریں۔

☆ تلخیص نگاری میں اصل عبارت کے تمام ضروری اور بنیادی مفہوم کو بیان کریں لیکن واضح رہے کہ تلخیص کے دوران خیالات اور بیان میں قدرتی تسلسل ہونا چاہیے۔ تلخیص میں آپ کے خیالات جدا جدا دکھائی دینے کی بجائے ہر دوسرا خیال پہلے خیال سے جڑا ہوا نظر آئے۔ یہ بے حد ضروری ہے کہ تلخیص ایک مجموعی تاثر پیدا کرے۔

☆ تلخیص کی عبارت کو جگہ جگہ سے نہ کاٹیں یعنی الفاظ کو غلط قرار نہ دیا گیا ہو بل کہ عبارت صاف ستھری لکھنے کے لیے ضروری ہے کہ پہلے اصل عبارت کے ضروری نقاط ایک کاغذ پر لکھ لیں لیکن واضح رہے کہ تلخیص میں تسلسل موجود ہونا چاہیے۔

☆ اصل عبارت میں درج مثالوں کو تلخیص نگاری کے دوران چھوڑ دیں۔

☆ تلخیص اصل عبارت کے ایک تہائی پر مشتمل ہونی چاہیے۔ اکثر اوقات طالب علم اصل عبارت تلخیص کے الفاظ گنتے ہیں ایسا کرنا غلط ہے۔ ایک تہائی سے مراد تقریباً ایک تہائی ہے۔ لہٰذا تلخیص ایک تہائی سے زیادہ یا کم بھی ہو سکتی ہے۔ ایسا بعض عبارت میں جتنا مضمون ایک سو الفاظ میں ادا کیا جاتا ہے دوسری

عبارت میں اس سے کہیں کم الفاظ میں زیادہ مفہوم موجود درج ہوتا ہے لیکن واضح رہے کہ بہت زیادہ مختصر نہیں ہونی چاہیے۔ کیوں کہ ایسا کرنے سے اصل مفہوم ادا کرنا ممکن نہیں ہوتا ہے۔

☆ تلخیص نگاری کے لیے ضروری ہے کہ آپ جانتے ہوں کہ اصل عبارت میں کون سے حصے ضروری ہیں اور کون سے غیر ضروری ہیں یہ جانے بغیر صحیح تلخیص کرنا ممکن نہیں لہٰذا آپ جو عبارت بھی پڑھیں سرسری نظر سے پڑھنے کے بجائے غور سے پڑھیں اور مشکل الفاظ کے تمام معانی کو ذہن میں لا کر عبارت کے اصل مفہوم تک پہنچنے کی کوشش کریں۔

☆ عنوان کے لیے اصل عبارت کے تمام الفاظ، تراکیب اور جملوں پر غور کریں۔ ان میں سے کسی ایک کے متعلق باقی ساری عبارت ہوگی اور یہی تلخیص کا عنوان ہوگا۔ عنوان کا لفظ یا ترکیب عبارت کے آغاز میں یا اختتام پر موجود ہوتی ہے مگر بعض اوقات عنوان خود طے کرنا پڑتا ہے۔

☆ تلخیص کے بعد اس عبارت کو غور سے پڑھیں تا کہ یہ چیک کیا جا سکے کہ جو خیالات آپ نے بیان کرنے ہیں تلخیص میں آ گئے ہیں۔

☆ تلخیص کی زبان انتہائی سادہ اور اصل عبارت کے مفہوم کو مکمل طور پر ادا کرتی ہو۔

☆ اصل عبارت کے خواہ کتنے ہی پیراگراف ہوں، تلخیص کا ایک پیرا ہوتا ہے۔

.... ☆ ....

(1) مندرجہ ذیل اقتباس کی ایک تہائی تلخیص کیجیے اور مناسب عنوان بھی تجویز کیجیے۔

زندگی میں ایسے لمحے بھی آتے ہیں جب انسان اعتراف میں لذت محسوس کرتا ہے یہ تحریر ذاتی مہاسے کی ایسی ہی شکل ہے۔ مجھے جو ماحول ملا، ایسے ماحول میں سنورنے سے زیادہ بگڑنے کے لچھن ہوتے ہیں میری طبیعت دوسروں کی دھونس برداشت نہیں کر سکتی تھی کبھی کبھی ہم جماعت میرے ہاتھوں پٹ بھی جاتے تھے۔ کالج میں اردو میرا آپشنل مضمون تھا کورس میں ''دیوان حالی'' تھا۔ حالی ساز اہد خشک اور پڑھانے والے ڈاکٹر عنایت اللہ سونے پر سہاگہ تھا۔ میں نے ان کا قصور آج تک معاف نہیں کیا کہ اپنی بے ذوقی کے سبب انھوں نے مجھے دور ہو جانے پر مجبور کر دیا کالج کے ابتدائی دور میں، میں بہت کم آمیز تھا، دو چار دوستوں کے علاوہ کالج میں کسی سے بات کرنے کی نوبت نہ آتی تھی، اس کے اسباب پر غور کرتا ہوں اور سوچتا رہ جاتا ہوں۔ محتسب کا یہ ارشاد کہ اپنی بات سرعام لانے سے فائدہ اور عقل و خرد کی یہ ضد کہ اس میں ہرج ہی کیا ہے۔ کیا یہ کم آمیزی ایک ناز ''پروردہ'' کی کم آمیزی ہے جو باہر کی دنیا سے رابطہ قائم کرنے سے گریز کرتی ہے یا اس کا سبب جسم کا وہ ڈیل ڈول ہے جس کا آغاز 1935ء ہی سے خاندانی روایات کے طور پر ہو گیا تھا۔ مجھے شدت سے احساس تھا کہ نئے لوگوں سے ملنا، مجلس میں باتیں کرنا، مشاعروں میں شعر پڑھنا، یہ سب میرے اختیار سے باہر ہے۔

جواب

عنوان: اعتراف حقیقت

تلخیص:

زندگی میں بعض اوقات انسان اعتراف میں لذت محسوس کرتا ہے۔ مجھے ایسا ماحول ملا کہ جس میں بگڑے اور سدھرنے کے برابر مواقع تھے۔ اپنی کم آمیزی کے باعث کالج میں کسی سے بات چیت نہ کی۔ مجھے شدت سے احساس تھا کہ نئے لوگوں سے ملنا، مجلس میں باتیں کرنا، مشاعروں میں شعر پڑھنا میرے دائرہ اختیار سے باہر تھا۔

.... ☆ ....

(2) مندرجہ ذیل اقتباس کی ایک تہائی تلخیص کیجیے اور مناسب عنوان بھی تجویز کیجیے۔

"بعض قابلِ ادب بزرگوں کا قول ہے کہ جس طرح اصلی دوستی دنیا میں ناپید ہے۔ اسی طرح آپس کا اتفاق بھی ناممکن ہے۔ ان کی دلیل یہ ہے کہ تمام انسانوں کی طبائع اور ان کی اغراض مختلف ہیں تو ضرور ہے کہ وہ ایک دوسرے کے مخالف ہوں۔ کوئی قوم مہذب یا نامہذب ایسی نہیں پائی جائے گی جس میں باہمی حسد و نفاق، عداوت اور باہمی حقارت نہ پائی جاتی ہو۔ ہاں! یہ بات سچ ہے، مگر جس اتفاق پر ہم بحث کرتے ہیں وہ شخصی اتفاق نہیں ہے، بل کہ قومی اتفاق ہے۔ ہمارے آپس میں تقاضائے بشریت گو کیسا ہی نفاق ہو، جو خدا کے نزدیک ایک سخت گناہ ہے، مگر وہ قومی اتحاد اور قومی اتفاق کا مانع نہیں ہے۔ قومی بھلائی یا قومی برائی کا اثر قوم کے تمام لوگوں پر پہنچتا ہے۔ اس لیے جلب منفعت یا دفع مضرت میں سب لوگ متفق ہو جاتے ہیں اور شخصی تنازعات کا اس وقت کچھ اثر باقی نہیں رہتا ہے۔" (سر سید احمد خاں)

جواب

عنوان: نفاق ایک لعنت

تلخیص: بعض بزرگوں کا قول ہے کہ سچی دوستی کا باہمی اتفاق ہونا ناممکن ہے۔ طبیعتوں کے اختلاف اور اغراض مختلف ہونے کی وجہ سے نفاق، حسد اور عداوت جیسے جذبات ہر جگہ موجود ہوتے ہیں۔ مگر جس اتفاق کی ہم بات کرتے ہیں۔ وہ قومی اتفاق ہے۔ کیسا ہی نفاق کیوں نہ ہو مگر وہ قومی اتحاد کی راہ میں رکاوٹ نہیں ہوتا ہے اور جب لوگ منفعت کے حصول اور نقصان کو بھگانے کے لیے اکٹھے ہو جائیں تو شخصی تنازعات کا اثر ختم اور پوری قوم کا بھلا ہوتا ہے۔

.... ☆ ....

(3) مندرجہ ذیل اقتباس کی ایک تہائی تلخیص کیجیے اور مناسب عنوان بھی تجویز کیجیے۔

ایک اجنبی شخص نبی کریم خاتم النبیین ﷺ کے زمانے میں مکہ داخل ہوا یہ شخص بہت عقلمند اور صاحب دانش تھا اس وقت تک رسول اللہ خاتم النبیین ﷺ نے مدینہ کی طرف ہجرت نہ فرمائی تھی مکہ کے کفار (مشرک) فوراً اس شخص کے پاس پہنچے تا کہ اس سے یہ گذارش (درخواست) کریں کہ وہ رسول اللہ خاتم النبیین ﷺ کی باتوں پر کان نہ دھرے انھوں نے اس اجنبی شخص سے کہا کہ تم محمد ابن عبداللہ کو جانتے ہو اس نے کہا میں تو انھیں نہیں جانتا ہوں کون ہے وہ؟ بنی قریش کا نوجوان فرد ہے جو کہتا ہے کہ ایک خدا کے سوا کوئی عبادت کے لائق نہیں اور محمد خاتم النبیین ﷺ اس کے پیغمبر ہیں۔

تعجب کی بات ہے اور کیا کچھ کہتا ہے اس اجنبی کو بالکل یقین نہیں آ رہا تھا اور یہ کہ بتوں کی مت پوجا کرو اور ظالموں کی اطاعت نہ کرو۔ کیا تم سچ کہتے ہو؟ کیا واقعی بات ایسی ہے؟ ہاں سو فیصد درست ہے اور اب ہمارے غلام ہماری بالکل اطاعت نہیں کرتے اور کہتے ہیں کہ ہم تو مسلمان ہو گئے ہیں اور محمد خاتم النبیین ﷺ کے پیروکار ہیں ایک خدا کے سوا کوئی اور اطاعت کے لائق نہیں ہے ہم تجھ سے درخواست کرتے ہیں کہ فرمایئے کیا چاہتے ہیں؟ یہی کہ جب تک تم مکہ میں قیام کرو تو محمد خاتم النبیین ﷺ سے ملاقات کی کوشش نہ کرنا۔ آخر کیوں اس میں کیا برائی ہے۔ اب اس اجنبی کا اشتیاق بڑھتا جا رہا تھا تم نہیں جانتے وہ ایک جادوگر شخص ہے جو کوئی اس کی باتیں سنتا ہے گمراہ اور دیوانہ ہو جاتا ہے بہت خوب خیر کوئی بات نہیں میں اس کی باتیں نہیں سنوں گا لیکن میرا دل بڑا چاہتا ہے کہ میں اس بڑے جادوگر سے ملاقات کروں۔ ٹھیک تم اسے دیکھ سکتے ہو تو اب کعبہ چلے جاؤ وہاں خاتم النبیین ﷺ یقیناً وہاں موجود ہوگا۔ یہ روئی اپنے کانوں میں رکھ لو دیکھو بھولنا نہیں محتاط رہنا۔ اس شخص نے روئی لی اور کعبہ کی طرف چل پڑا جیسے ہی وہ حرم کے اندر داخل ہوا تو اس نے دیکھا کہ ایک باوقار شخص وہاں موجود ہے اور آہستگی سے (زیر لب) کچھ پڑھ رہا ہے۔ یقیناً محمد بن عبداللہ ﷺ یہی ہے۔ اس نے سوچا اور دل میں کہنے لگا مجھے اس شخص کی بات غور سے سنی چاہیے اگر معقول بات کرتا ہے تو قبول کر لوں گا وگرنہ نہیں اس کے کانوں میں مترنم سی آواز گونجی۔ اس نے اس آہستہ سی آواز پر کان لگا دیے۔ حقیقت اور سچائی سے بھرے خوبصورت الفاظ سن کر وہ لطف اندوز ہوا اسے ایسا لگا کہ محمد خاتم النبیین ﷺ کے الفاظ اس کے دل میں اتر گئے۔ وہ آگے بڑھا اپنا تعارف کروایا اور کہا آپ کی باتیں بہت دل کش

ہیں آپ میرے لیے کچھ اور پڑھ سکتے ہیں ہاں جو شخص باتیں کر رہا تھا وہ حضرت محمد خاتم النبیین ﷺ ہی تھے آنحضرت خاتم النبیین ﷺ مسکرا اٹھے اور آپ نے فرمایا کہ "یہ کلام میرا نہیں بل کہ خدا کا کلام ہے۔" جس نے مجھے پیغمبری (پیغام رسانی) کے لیے چنا ہے لو! اب آپ خدا کا کلام سنیں۔ عجیب کلام تھا اجنبی شخص نے اس جیسا کلام کبھی نہ سنا تھا کلام کو سن کر وہ ہکا بکا رہ گیا جب ہوش میں آیا تو وہ با آواز بلند پکارا میں گواہی دیتا ہوں کہ یہ کلام آپ کا نہیں بل کہ خدا کا کلام ہے۔ آپ خاتم النبیین ﷺ اس کے سچے پیغمبر ہیں میں آپ پر ایمان لاتا ہوں۔

جواب

عنوان: کلام الٰہی کی تاثیر

تلخیص:

دعوتِ اسلام کے ابتدائی دنوں میں ایک اجنبی شخص مکہ آتا ہے تو کفار مکہ اسے گھیر کر سمجھاتے ہیں کہ مکہ کا ایک شہری محمد ابن عبداللہ ہمیں بتوں کی پوجا سے روکتا ہے وہ شخص ایک خدا کی عبادت کرنے اور غلاموں کو ظالموں کی اطاعت نہ کرنے کا درس دیتا ہے تم اس جادوگر سے دور رہنا۔ کیوں کہ وہ جو کچھ کہتا ہے اسے سن کر لوگ اس کا کہنا ماننے لگتے ہیں اجنبی کو کفار کی باتیں سن کر محمد خاتم النبیین ﷺ سے ملنے کا اشتیاق پیدا ہوتا ہے۔ وہ خانہ کعبہ کی طرف جاتے ہوئے کفار کے کہنے پر کانوں میں روئی ٹھونس لیتا ہے لیکن جب وہ شخص نبی کریم ﷺ کو خود دیکھتا ہے تو بہت متاثر ہوتا ہے۔ آپ خاتم النبیین ﷺ اس وقت کلام خدا پڑھ رہے تھے۔ اجنبی کلام سننے کی خواہش کا اظہار کرتا ہے۔ کلام خدا سنتے ہی وہ مسلمان ہو جاتا ہے۔

.... ☆ ....

(4) مندرجہ ذیل اقتباس کی ایک تہائی تلخیص کیجیے اور مناسب عنوان بھی تجویز کیجیے۔

فارسی میں ابتدائی شاعری مثنوی اور قصیدے ہی سے شروع ہوئی، لیکن فارسی میں یہ صنف عربی سے آئی جہاں ہر طرح اور ہر مضمون کی شاعری کا اسلوب صرف قصیدہ تھا۔ البتہ فارسی میں اس کے موضوعات مخصوص کر دیے گئے یعنی قصیدہ ایسی صنف ہے جس میں کسی شخصیت کی توصیف و تحسین کی جائے یا مذمت و ہجو مذکور ہو، یا پھر کائنات پر کوئی حکیمانہ تبصرہ کیا جائے اس کا پہلا شعر، جسے مطلع کہا جاتا ہے، کے دونوں مصرعے ہم قافیہ، اور پھر یہی قافیہ بعد کے تمام شعروں کے دوسرے مصرعوں کا ہو۔ قصیدہ کے اشعار کی کم سے کم تعداد پندرہ لیکن زیادہ سے زیادہ کی کوئی حد نہیں۔ سو سے بھی زائد اشعار کے قصیدے فارسی میں ملتے ہیں۔ اس کی خصوصیت، شکوہ الفاظ اور وسیع معلومات پر دسترس کی نمائش البتہ نظم کا بنیادی مضمون ایک ہی ہوتا ہے شعرا نے قصیدہ کی تکنیک میں کچھ خوبصورت اضافے بھی کیے جس کی دو قسمیں ہیں۔ خطابیہ اور تشبیبیہ قصیدے کا آغاز "تشبیب" سے ہوتا ہے۔ یعنی شباب کی باتیں کرنا، یعنی حسن و عشق اور بہار و گلشن کے پر لطف مناظر و معاملات وغیرہ بیان کرنا۔ بعد میں ہر طرح کا مضمون جو قصیدے کے اصل مضمون سے بالکل مختلف ہو، تشبیب کہلانے لگا تھا۔

جواب

عنوان: قصیدہ کی تعریف

تلخیص:

لغوی اعتبار سے لفظ قصد سے نکلا ہے جس کے معنی ارادہ یا توجہ کرنا کے ہیں چوں کہ اسی قسم کی شاعری بادشاہوں کی تعریف کر کے انعام و اکرام حاصل کرنے کے ارادے سے کی جاتی تھی، اس لیے اس کا نام قصیدہ پڑ گیا۔ قصیدے کے آغاز میں مناظر فطرت، معاملات عشق و محبت یا محافل عیش و نشاط کے ذکر کو تشبیب یا نسیب کہا جاتا ہے۔

قصیدے کے اشعار کی تعداد مقرر نہیں تاہم کم سے کم پندرہ اشعار اور زیادہ کی کوئی حد۔ ایسے قصائد بھی ملتے ہیں جن میں اشعار کی تعداد ایک سو سے متجاوز ہے۔

.... ☆ ....

(5) مندرجہ ذیل اقتباس کی ایک تہائی تلخیص کیجیے اور مناسب عنوان بھی تجویز کیجیے۔

زمانے کا گلہ کرنا فضول ہے کیوں کہ وہ تو خود ہماری طرح ہے جسے خدا نے تخلیق کیا ہے۔ نفع و نقصان کا مالک اللہ تعالیٰ ہے لہٰذا میں اپنے دکھوں کو خدا کی طرف سے اپنے لیے آزمایش تصور کرتا ہوں۔

جواب

عنوان: دکھ ایک آزمایش

تلخیص:

ہماری طرح زمانہ بھی (اللہ کی) مخلوق ہے لہٰذا نفع نقصان کا زمانے سے گلہ کیوں؟

.... ☆ ....

URDU COMPREHENSION

عبارت پڑھ کر سوالات کے جواب دیں

اگر کارگہہ کائنات کی وسعتوں پر نگاہ ڈالی جائے تو آسمان سے زمین تک جو کچھ اس میں ہے۔ ایک خاص قاعدے اور قانون کے تحت سرگرم عمل ہے۔ فلک گیر و فلک پیما پہاڑ، بل کھاتی اور گنگناتی ندیاں، بادلوں کی سرمئی گھنگھور گھٹائیں۔ بارش کا چھم چھم برسنا، سورج کا صبح کے وقت مشرق کی طرف سے نمودار ہونا اور شام کو گل و گلزار کو حنائی رنگ دے کر مغرب میں غروب ہو جانا۔ چاند کا اپنے وقت مقررہ پر اپنی ٹھنڈی اور تر و تازہ چاندنی سے کائنات کو مستفید کرنا۔ ستاروں کا اپنی اپنی گزرگاہوں سے گم کردہ راہ مسافروں کی رہنمائی کرتے ہوئے آنکھوں سے اوجھل ہو جانا۔ مختلف رنگوں کے پھولوں کا مختلف موسموں میں مختلف خوشبوؤں اور اپنی عطر خیزیوں سے فضاؤں کو معطر کرنا۔ شبنمی ہواؤں کا پھولوں کے دھندلے چہروں کو نکھارنا۔ پہاڑوں کی بلندیوں سے پانیوں کے جھرنوں کا گرنا اور فضا میں مترنم ارتعاش پیدا کرنا ایک بہت بڑے نظم و ضبط کا مظہر ہے۔ کائنات کی یہ خوبصورتی، یہ حسن و جمال اور یہ لطافت و رعنائی ایک ہی لمحے میں ختم ہو جائے۔ اگر اس کے نظم و ضبط میں خلل واقع ہو جائے۔ اس قاعدے اور قانون کا نام زندگی و حیات ہے۔ اس نظام و قاعدے کے ٹوٹ جانے کا نام موت ہے۔

زندگی کیا ہے، عناصر میں ظہور ترتیب
موت کیا ہے، انہی اجزا کا پریشاں ہونا

سوال نمبر 1: ستاروں کا گم کردہ مسافروں کی راہنمائی کرنے سے کیا مراد ہے؟

سوال نمبر 2: زندگی و حیات کس شے کا دوسرا نام ہے؟

سوال نمبر 3: مصنف نظام و قاعدہ کے ٹوٹ جانے کو کس شے سے تشبیہ دیتا ہے؟

سوال نمبر 4: نظام کائنات کا بغور مطالعہ کرنے سے کیا محسوس ہوتا ہے؟

سوال نمبر 5: پیراگراف کا موزوں عنوان تجویز کریں۔

جوابات

جواب نمبر 1: آسمان پر چمکتے تارے انھیں دیکھ کر انسان رات کے اندھیرے میں اپنی منزل مقصود کو جانے والے راستوں پر رواں دواں رہتا ہے۔ انسانی ہاتھوں کے بنے راستے یا گزرگاہ کے نشان تو مٹ بھی سکتے ہیں لیکن نظام کائنات میں انسان کی راہنمائی کے لیے موجود نشانات ہمیشہ ایک سے رہتے ہیں۔

جواب نمبر 2: قاعدہ اور قانون حیات زندگی کا دوسرا نام ہے۔

جواب نمبر 3: موت

جواب نمبر 4: نظام کائنات ایک بہت بڑے نظم وضبط کا مظہر ہے۔

جواب نمبر 5: نظام کائنات انسان کے لیے ایک سبق۔

.... ☆ ....

عبارت پڑھ کر سوالات کے جواب دیں

شہد کی مکھیوں کی زندگی کا مطالعہ کرو۔ شہد کا چھتا ان کا وطن ہے۔ اس میں وہ ایک قوم بن کر رہتی ہیں۔ اپنے وطن کو محنت سے بناتی ہیں۔ بہت سلیقے سے اپنے کام انجام دیتی ہیں اور جب کوئی ان کے وطن پر حملہ کرتا ہے تو سب مل کر پوری طاقت سے اس کا مقابلہ کرتی ہیں۔ ایک حقیر کیڑے میں اپنی قوم اور وطن کے ساتھ وفاداری کا جذبہ ہونا اور کوئی انسانی جماعت اس سے خالی ہو تو اسے اشرف المخلوقات کیسے شمار کیا جائے گا۔

سوال نمبر 1: آپ کے خیال میں اس عبارت کا عنوان کیا ہونا چاہیے؟

سوال نمبر 2: شہد کی مکھیاں اپنے چھتے میں کس طرح رہتی ہیں؟

سوال نمبر 3: شہد کی مکھیوں کی زندگی سے کیا سبق ملتا ہے؟

جوابات

جواب نمبر 1: اس عبارت کا عنوان ''شہد کی مکھی اور انسان'' ہونا چاہیے۔

جواب نمبر 2: شہد کی مکھیاں اپنے چھتے میں ایک قوم بن کر رہتی ہیں۔ وہ اپنے گھر کو محنت سے بناتی سنوارتی ہیں اور اس کی پوری طاقت سے حفاظت کرتی ہیں۔

جواب نمبر 3: اگرچہ شہد کی مکھی ایک ناچیز حقیر سا کیڑا ہے لیکن اس کا اپنی قوم اور وطن سے وفاداری کا جذبہ قابلِ تعریف ہے۔ یہی جذبہ اگر ہم میں پیدا ہو جائے تو ہمارا ملک ناقابلِ تسخیر ہو جائے۔

.... ☆ ....

عبارت پڑھ کر سوالات کے جواب دیں

نیچے لکھی ہوئی عبارت کو غور سے پڑھیے اور آخر میں دیے ہوئے سوالوں کے جواب اپنے الفاظ میں لکھیے اور کوئی عنوان بھی تجویز کیجیے۔

پرانے زمانہ کی جنگوں میں لڑائی کے اثرات جنگی محاذوں اور لڑنے والی فوجوں تک ہی محدود تھے لیکن آج کل کی جنگ میں کسی ملک کے شہری۔ یعنی مرد، عورتیں اور بچے بھی جو لڑائی کے محاذوں سے دور شہروں اور بستیوں میں رہتے ہیں۔ جنگ سے اتنے ہی متاثر ہوتے ہیں جتنے کہ محاذ پر لڑنے والے سپاہی۔ شہری عوام کو سب سے زیادہ خطرہ دشمن کی بمباری سے ہوتا ہے۔ اس میں کوئی شک نہیں کہ دشمن کے ہوائی جہازوں کو آگے بڑھ کی شہری آبادی پر بمباری کرنے سے روکنے کی ذمہ داری ملک کی مسلح فوجوں پر عائد ہوتی ہے اور وہ اس میں کوئی کسر نہیں اٹھا رکھتیں لیکن لڑائی کے نئے طریقے کچھ ایسے ہیں کہ دشمن کے ہوائی

جہاز کبھی کبھار دفاعی انتظامات سے گزر کر چند ایک اہم شہری آبادی پر پھینکنے میں کامیاب ہو ہی جاتے ہیں۔ ان بموں سے بچنے کے لیے اور دشمن کی بمباری کا ناکام بنانے کے لیے شہری دفاع کی تربیت بہت ضروری ہوتی ہے۔

سوال نمبر 1: موجودہ دور میں محاذ پر لڑنے والے سپاہی کی طرح شہری عوام کیسے متاثر ہوتے ہیں؟

سوال نمبر 2: شہری عوام کو سب سے زیادہ خطرہ کس چیز کا ہوتا ہے؟

سوال نمبر 3: شہری دفاع کی تربیت کیوں ضروری ہے؟

جوابات

جواب نمبر 1: شہری عوام کو سب سے زیادہ خطرہ بمباری کا ہوتا ہے۔

جواب نمبر 2: اگر دشمن شہروں پر بمباری کرے تو اس سے یقیناً کہیں نہ کہیں آگ بھڑکے گی یا عمارتیں گریں گی جس سے لوگ گھبرا جائیں گے۔ اگر ان کو شہری دفاع کی تربیت ملی ہوئی ہو تو اس پریشانی کے عالم میں بھی اپنے آپ کو قابو میں رکھیں گے اس لیے شہری دفاع کی تربیت لازمی ہے

جواب نمبر 3: معاشرتی زندگی میں ہر ایک آدمی کے سپرد ایک کام ہے وطن اور قوم کی سب سے بڑی خدمت یہ ہے کہ جس کے سپرد جو کام ہے وہ اسے پوری توجہ اور دیانت داری سے انجام دے اور جس جگہ وہ کام ہو رہا ہے اسے بھی میدان جنگ کی طرح ہی محاذ سمجھ کر اپنا کام سپاہی کی طرح انجام دے۔ جنگ کے زمانے میں ہر پاکستانی نے یہ بات یاد رکھی اور اپنی ذات کو قوم کی ذات میں گم کر کے اپنا اپنا فرض پوری توجہ اور دیانت داری سے انجام دیا اور لڑائی کے میدان میں دشمن کا مقابلہ کرنے والے سپاہی کا حوصلہ اس بات نے بہت بڑھایا کہ میری پوری قوم اس وقت میری طرح سپاہی بنی ہوئی ہے۔

.... ☆ ....

عبارت پڑھ کر سوالات کے جواب دیں

ہم نے اخباروں اور رسالوں میں اس طرح کی بہت سی باتیں پڑھی ہیں جن سے یہ پتا چلتا ہے کہ لوگوں نے جنگ کے زمانے میں انتہائی ایثار اور فرض شناسی کا ثبوت دیا۔ لوگوں نے آمدنی کا ایک حصہ دفاعی فنڈ میں دیا۔ جنھیں اللہ نے زیادہ دولت دی ہے انھوں نے جنگ کو کامیاب بنانے کے لیے لاکھوں روپے قومی دفاع کے لیے پیش کیے۔ عورتوں نے اپنے زیورات دے کر اور بچوں نے اپنے جیب خرچ کی چھوٹی چھوٹی رقمیں دے کر یہ ثابت کر دیا کہ ملک کے لیے ہر چیز قربان کر سکتے ہیں۔ زخمی فوجیوں کے لیے خون کی ضرورت ہوئی تو خون جمع کرنے والے مرکزوں پر لوگوں کا ہجوم لگ جاتا تھا، جن بوڑھوں کے جسم میں خون نہ ہونے کے برابر تھا ان کے دل میں بھی یہ حسرت اور آرزو تھی کہ ان کے کمزور جسموں میں خون کے جو چند قطرے ہیں وہ وطن کی حفاظت کرنے والے سپاہیوں کی نذر ہو جائیں۔ ننھے ننھے بچے اپنے آپ کو بڑا ثابت کر کے خون دینے والوں کی صف میں شامل ہوئے۔

سوال نمبر 1: وطن کی سب سے بڑی خدمت کیا ہے؟

سوال نمبر 2: آپ جنگ کے زمانے میں کس طرح اپنا کام ایک سپاہی کی طرح انجام دے سکتے ہیں؟

سوال نمبر 3: کس بات نے ہمارے سپاہی کا حوصلہ بڑھایا؟

سوال نمبر 4: جنگ کے زمانے میں چھوٹے بچوں نے کیسے ایثار اور فرض کا ثبوت دیا؟

سوال نمبر 5: بوڑھے اپنے دل میں کیا حسرت اور آرزو لیے ہوئے تھے؟

جوابات

جواب نمبر 1: وطن کی سب سے بڑی خدمت یہ ہے کہ جس کے سپرد جو کام ہو وہ اسے پوری محنت توجہ اور ایمان داری سے کرے۔

جواب نمبر 2: ہم جہاں بھی کام کر کر رہے ہوں اسے بھی میدان جنگ سمجھیں اور پھر فوجیوں کے سے جذبہ سے سرشار ہو کر اپنے کام میں لگ جائیں تو اس طرح ہم بھی ایک سپاہی کی طرح قوم کی خدمت انجام دے سکتے ہیں۔

جواب نمبر 3: عورتوں نے اپنے زیورات دفاعی فنڈ میں دے کر سپاہیوں کا حوصلہ بڑھایا۔

جواب نمبر 4: چھوٹے بچوں نے نہ صرف اپنے جیب خرچ کے پیسے دفاعی فنڈ میں دے دیے بل کہ اپنے آپ کو بڑا ثابت کر کے خون دینے والوں کی صف میں کھڑے ہو گئے۔

جواب نمبر 5: جن بوڑھوں کے جسم میں خون نہ ہونے کے برابر تھا ان کے دل میں بھی یہ حسرت اور آرزو تھی کہ ان کے کمزور جسموں سے خون کے جو چند قطرے ہیں وہ بھی نچوڑ لیے جائیں تا کہ وطن کی حفاظت کرنے والے سپاہیوں کی نذر ہو جائیں۔

.... ☆ ....

عبارت پڑھ کر سوالات کے جواب دیں

پاکستان کے قومی کردار کی ایک خصوصیت حب وطن ہے۔ یہ خصوصیت پاکستان کے ہر شہری کے مزاج اور کردار کی خصوصیت بھی ہے۔ ہر پاکستانی کو اپنا وطن عزیز ہے لیکن سوال یہ ہے کہ ہمیں اس بات کا اندازہ کس طرح ہوتا ہے ان باتوں کا اندازہ ہم آدمی کے طرز عمل سے لگاتے ہیں اور انسان کا صحیح طرز عمل آزمایش کے وقت ظاہر ہوتا ہے۔ کوئی آدمی ضرورت کے وقت ہمارے کام آئے تو ہم اسے اپنا دوست کہتے ہیں اور یہ سمجھتے ہیں کہ اسے ہم سے محبت ہے یہی بات ملکی اور قومی زندگی میں ہوتی ہے ملک اور قوم پر کوئی آزمایش کا وقت آئے تو ہم سب دیکھتے ہیں کہ آزمایش اور امتحان کے اس زمانے میں کس شخص نے کیا کیا؟ اور جو کچھ کوئی شخص کرتا ہے اس سے ہمیں پتا چلتا ہے کہ اسے اپنے ملک اور قوم سے کتنی محبت ہے۔ قوم افراد کا مجموعہ ہے اور افراد کے عمل اور کردار کے مجموعے کو قومی عمل یا قومی کردار کہتے ہیں۔ قوم کے افراد اپنی اپنی عادتوں کے مطابق عمل کرتے ہیں لیکن ان کے عمل میں بعض باتیں ایسی بھی ہوتی ہیں جو ان میں اس لیے پیدا ہوتی ہیں کہ وہ ایک خاص قوم سے تعلق رکھتے ہیں۔ اس طرح کی عادت کو ہم قومی عادت یا سیرت کہتے ہیں اور عادت یا سیرت کے مطابق جو کام کیا جاتا ہے وہ قومی کردار ہے۔

سوال نمبر 1: اس بات کا اندازہ ہمیں کیسے ہوتا ہے کہ کسی کو اپنے وطن سے محبت ہے؟

سوال نمبر 2: پاکستان کے قومی کردار میں خاص بات کیا ہے؟

سوال نمبر 3: قومی کردار کسے کہتے ہیں؟

سوال نمبر 4: قوم اور افراد کا آپس میں کیا تعلق ہے؟

جوابات

جواب نمبر 1: اگر ملک و قوم کی آزمایش کے وقت کوئی شخص قوم کی توقعات پر پورا اترتا ہے تو ہم کہتے ہیں کہ وہ شخص محب وطن ہے اور اسے اپنے وطن سے محبت ہے۔

جواب نمبر 2: پاکستان کے قومی کردار کی ایک خصوصیت حب وطن ہے۔

جواب نمبر 3: افراد کے کردار اور عمل کے مجموعے کو قومی عمل اور کردار کہتے ہیں۔

جواب نمبر 4: قوم افراد کا مجموعہ ہے اور حب الوطنی، قومی کردار کی بلندی اور جہتی ہی قوم کی یا قومی سیرت ہی قوم کے اچھے یا برے ہونے کو متعین کرتے ہیں۔ قوم اور افراد لازم و ملزوم ہیں۔

.... ☆ ....

عبارت پڑھ کر سوالات کے جواب دیں

جس طرح ہم آپس کے میل جول میں بعض آداب اور قاعدوں کا خیال رکھتے ہیں اسی طرح لائبریری کے بھی اپنے آداب اور قاعدے ہیں جن کی پابندی ہم پر اسی طرح لازم ہے جس طرح سوسائٹی کے دوسرے آداب کی۔ بعض لوگ لائبریری کے اندر جا کر اونچی آواز سے باتیں کرتے یا شور وغل مچاتے ہیں۔ یہ بہت بری بات ہے اس سے دوسرے پڑھنے والوں کا حرج ہوتا ہے۔ بعض لوگ لائبریری کے اندر جا کر مطالعہ کرتے کرتے کوئی شے مثلاً چلغوزے یا مونگ پھلی کھاتے رہتے ہیں یہ بہت نامناسب حرکت ہے۔

اگر کسی شخص کو شدید کھانسی یا زکام ہو تو اسے لائبریری میں نہیں جانا چاہیے کیوں کہ ایک تو وہ بار بار کھانس کر دوسروں کو اطمینان سے پڑھنے نہیں دے گا اور دوسرے شاید انھیں اپنے مرض میں بھی مبتلا کر دے۔ بعض لوگ لائبریری کی کتابوں اور رسالوں سے تصویر والے صفحات پھاڑ لیتے ہیں یہ نہ صرف جرم ہے بل کہ دوسرے پڑھنے والوں سے بے انصافی بھی ہے۔ کیوں کہ اس طرح دوسرے لوگ ان سے پوری طرح فائدہ نہیں اٹھا سکتے۔ بعض لوگ کتابوں کو اٹھاتے وقت یہ نہیں دیکھتے کہ ان کے ہاتھ گندے ہیں یا صاف اس طرح کتابیں میلی ہو جاتی ہیں، یاد رکھیے کہ لائبریری کی کتابوں پر سب کا حق ہے۔ اس لیے انھیں بہت احتیاط سے استعمال کرنا چاہیے۔

سوال نمبر 1: بتائیے کہ لائبریری کے آداب اور قاعدوں کا کیا مطلب ہے؟

سوال نمبر 2: لائبریری میں بیٹھ کر کیا چیزیں نہیں کرنی چاہئیں۔

سوال نمبر 3: زکام یا کھانسی ہو تو لائبریری کیوں نہیں جانا چاہیے؟

سوال نمبر 4: کتابوں سے تصویر والے صفحے پھاڑ لینے میں کیا حرج ہے؟

سوال نمبر 5: کتابوں کو میلے اور گندے ہاتھوں سے کیوں نہیں اٹھانا چاہیے؟

سوال نمبر 6: اوپر کی عبارت کا کوئی عنوان تجویز کریں۔

جوابات

جواب نمبر 1: لائبریری کے آداب یہ ہیں کہ وہاں جا کر خاموشی سے بیٹھا جائے کیوں کہ اونچی آواز میں بولنے سے شور وغل ہوتا ہے جس سے دوسروں کی پڑھائی میں خلل واقع ہوتا ہے جو آداب واخلاق کے منافی ہے۔

جواب نمبر 2: لائبریری میں بیٹھ کر کچھ کھانا یعنی مونگ پھلی یا چلغوزے وغیرہ کھانا نامناسب سا لگتا ہے۔

جواب نمبر 3: اگر ہم زکام یا کھانسی کے مریض ہوں تو ہمیں لائبریری نہیں جانا چاہیے کیوں کہ ایک تو زکام متعدی مرض ہے جس سے دوسرا فوراً متاثر ہو سکتا ہے دوسرے بار بار کھانسنے سے پڑھنے والے کی پڑھائی میں خلل پیدا ہو جاتا ہے اس طرح اس کی توجہ بٹتی ہے۔

جواب نمبر 4: کتاب سے تصویر والے صفحے پھاڑ لینا نہ صرف جرم ہے بل کہ دوسرے پڑھنے والوں سے بہت بڑی بے انصافی ہے۔ کیوں کہ اس طرح دوسرے لوگ اس سے فائدہ نہیں اٹھا سکتے۔

جواب نمبر 5: لائبریری کی کتابیں ہر آدمی کا سرمایہ ہیں اس لیے اس کو استعمال کرنے سے پہلے دیکھ لینا چاہیے کہ ہاتھ صاف ہوں کیوں کہ گندی ہو جانے کی صورت میں کتاب کو نقصان پہنچتا ہے۔

جواب نمبر 6: عنوان: لائبریری میں جانے کے آداب

.... ☆ ....

اُردو گرائمر وقواعد

(کثیر الانتخابی سوالات)

نوٹ: درست جواب پر (✓) کا نشان لگائیں۔

س: وہ حروف جن سے کوئی زبان بنتی ہے کیا کہلاتے ہیں؟

(الف) ✓حروف تہجی (ب) حروف ابجد (د) حروف شمسی (ج) حروف قمری

س: اُردو زبان کے حروف تہجی (آ) سمیت کتنے ہیں؟

(الف) ✓38 (ب) 39 (د) 41 (ج) 43

س: وہ حروف جن پر "ال" عربی آتا ہے مگر پڑھا نہیں جاتا ان حروف کو کیا کہا جاتا ہے؟

(الف) حروف تہجی (ب) ✓حروف شمسی (د) حروف ابجد (ج) حروف قمری

س: زبر، زیر، اور پیش کو کیا کہا جاتا ہے؟

(الف) جزم (ب) تنوین (د) ✓حرکت (ج) تشدید

س: جس حرف پر حرکت آئے اسے کیا کہتے ہیں؟

(الف) جزم (ب) ✓متحرک (د) تنوین (ج) تشدید

س: جزم کو کیا کہا جاتا ہے؟

(الف) جزم (ب) تنوین (د) حرکت (ج) ✓سکون

س: جس حرف پر جزم آئے اُسے کیا کہا جاتا ہے؟

(الف) جزم (ب) ✓ساکن (د) حرکت (ج) سکون

س: جب کسی حرف کے نیچے یا اوپر دو زبریں، دو زیریں یا دو پیش آئیں اسے کیا کہا جاتا ہے؟

(الف) جزم (ب) ✓تنوین (د) حرکت (ج) تشدید

س: تشدید کی علامت بتایئے؟

(الف) ّ (ب) ٗ (د) ٖ (ج) ✓ ٘

س: جس حرف پر تشدید واقع ہو اُسے کیا کہتے ہیں؟

(الف) جزم (ب) تنوین (د) حرکت (ج) ✓مشدد

س: دو ہم معنی الفاظ کیا کہلاتے ہیں؟

(الف) مخفف (ب) محذوف (د) متضاد (ج) ✓مترادف

س: جن الفاظ کے معنی ایک دوسرے کے اُلٹ ہوں کیا کہلاتے ہیں؟

(الف) مخفف (ب) محذوف (د) ✓متضاد (ج) مترادف

س: بعض اوقات کسی لفظ کو مختصر کر لیتے ہیں اس کو کیا کہا جاتا ہے؟

(الف) ✓مخفف (ب) محذوف (د) متضاد (ج) مترادف

س: بعض اوقات لفظ میں سے کسی حرف کو حذف کر دیتے ہیں ایسے حرف کو کیا کہتے ہیں؟

(الف) مخفف (ب) ✓محذوف (د) متضاد (ج) مترادف

س: بامعنی لفظ یا کلمہ کی کتنی قسمیں ہوتی ہیں؟
(الف) 3✓ (ب) 5 (ج) 7 (د) 9

س: وہ کلمہ جو کسی جاندار یا غیر جاندار چیز یا جگہ کا نام ہو کیا کہلاتا ہے؟
(الف) حرف (ب) ✓اسم (ج) فعل (د) کلمہ

س: وہ کلمہ جس سے کسی کام کا کرنا یا ہونا معلوم ہو اور اس میں کوئی زمانہ پایا جائے کیا کہلاتا ہے؟
(الف) حرف (ب) اسم (ج) ✓فعل (د) کلمہ

س: وہ کلمہ جو دوسرے کلموں کے ساتھ ملے بغیر پورے معنے نہ دے، یہ اسموں اور فعلوں کو آپس میں ملاتا ہے کیا کہلاتا ہے؟
(الف) ✓حرف (ب) اسم (ج) فعل (د) کلمہ

س: وہ اسم جو نہ خود کسی لفظ سے بنا ہو اور نہ اس سے کوئی دوسرا لفظ بنے کیا کہلاتا ہے؟
(الف) ✓اسم جامد (ب) اسم مصدر (ج) اسم مشتق (د) کوئی بھی نہیں

س: وہ اسم جس سے دوسرے بہت سے الفاظ تو مقرر قاعدوں کے مطابق بنتے ہوں مگر وہ خود کسی سے نہ بنا ہو کیا کہلاتا ہے؟
(الف) اسم جامد (ب) ✓اسم مصدر (ج) اسم مشتق (د) کوئی بھی نہیں

س: وہ اسم جو قاعدے کے مطابق مصدر سے بنایا جائے کیا کہلاتا ہے؟
(الف) اسم جامد (ب) اسم مصدر (ج) ✓اسم مشتق (د) کوئی بھی نہیں

س: لغت میں مصدر کے معنی کیا ہے؟
(الف) ✓صادر ہونے کی جگہ (ب) بیٹھنے کی جگہ (ج) اُٹھنے کی جگہ (د) کام کی جگہ

س: ایسا اسم جس میں کسی کام کا ہونا یا کرنا زمانے کے تعلق کے بغیر پایا جائے کیا کہلاتا ہے؟
(الف) جامد (ب) ✓مصدر (ج) مشتق (د) کوئی بھی نہیں

س: اُردو زبان میں مصدر کے آخر میں کیا آتا ہے؟
(الف) ہاں (ب) نہیں (ج) ✓نا (د) میں

س: بناوٹ کے لحاظ سے مصدر کی کتنی قسمیں ہیں؟
(الف) 1 (ب) ✓2 (ج) 3 (د) 4

س: بناوٹ کے لحاظ سے مصدر کی کونسی دو قسمیں ہیں؟
(الف) اصلی یا وضعی (ب) جعلی یا غیر وضعی
(ج) کوئی بھی نہیں (د) ✓الف اور ب دونوں

س: ایسا مصدر جو خالص مصدری معنوں کے لیے ہی وضع کیا گیا ہو کیا کہلاتا ہے؟
(الف) اصلی مصدر (ب) جعلی مصدر (ج) لازم مصدر (د) متعدی مصدر

س: ایسا مصدر جو دوسری زبانوں کے مصدر یا اسم پر مصدر کی علامت بڑھا کر بنایا جائے کیا کہلاتا ہے؟
(الف) اصلی مصدر (ب) ✓جعلی مصدر (ج) لازم مصدر (د) متعدی مصدر

س: معنوں کے لحاظ سے مصدر کی کتنی اقسام ہیں؟
(الف) 1 (ب) 3 (ج) ✓2 (د) 4

س: وہ مصدر جس سے بننے والے فعل کے لیے صرف فاعل کی ضرورت ہو کیا کہلاتا ہے۔
(الف) اصلی مصدر (ب) جعلی مصدر (ج) متعدی مصدر (د) ✓لازم مصدر

س: وہ مصدر جس سے بننے والے فعل کے لیے مفعول کی بھی ضرورت ہو کیا کہلاتا ہے؟
(الف) اصلی مصدر (ب) جعلی مصدر (ج) ✓ متعدی مصدر (د) لازم مصدر

س: مفعول کے لحاظ سے متعدی مصدروں کی کتنی اقسام ہیں؟
(الف) 1 (ب) 2 (ج) 4 (د) ✓ 3

س: بناوٹ کے لحاظ سے متعدی مصدروں کی کتنی قسمیں ہیں؟
(الف) 2 (ب) ✓3 (ج) 7 (د) 5

س: ایسے مصادر جو لازم سے قاعدے کے مطابق متعدی بنائے گئے ہوں کیا کہلاتے ہیں؟
(الف) متعدی الاصل (ب) ✓ متعدی بالواسطہ (ج) کوئی بھی نہیں (د) متعدی المتعدی

س: معنوں کے لحاظ سے اسم کی کتنی اقسام ہیں؟
(الف) 4 (ب) 6 (ج) 8 (د) ✓ 2

س: وہ اسم جو کسی خاص چیز یا شخص کے لیے بولا جائے کیا کہلاتا ہے؟
(الف) ✓ اسم نکرہ (ب) اسم علم (ج) اسم معرفہ (د) اسم ضمیر

س: وہ اسم جو کسی عام چیز کا نام ہو کیا کہلاتا ہے؟
(الف) اسم نکرہ (ب) اسم علم (ج) ✓ اسم معرفہ (د) اسم ضمیر

س: اسم معرفہ کی کتنی اقسام ہیں؟
(الف) 2 (ب) 3 (ج) 5 (د) ✓ 4

س: وہ اسم جو کسی شخص کی پہچان کے لیے علامت کا کام دیتا ہے کیا کہلاتا ہے؟
(الف) اسم نکرہ (ب) ✓ اسم علم (ج) اسم معرفہ (د) اسم ضمیر

س: وہ کلمہ جو کسی اسم کی جگہ استعمال ہو کیا کہلاتا ہے؟
(الف) اسم اشارہ (ب) اسم علم (ج) اسم موصول (د) ✓ اسم ضمیر

س: اسم اشارہ کی کتنی قسمیں ہیں؟
(الف) 4 (ب) 6 (ج) 8 (د) ✓ 2

س: وہ اسم جس سے کلام میں کسی چیز، جگہ یا شخص کی طرف اشارہ کرتے ہیں کیا کہلاتا ہے؟
(الف) ✓ اسم اشارہ (ب) اسم علم (ج) اسم موصول (د) اسم ضمیر

س: وہ ناتمام اسم جس کا مطلب پورے جملے کے بغیر سمجھ میں نہیں آ سکتا کیا کہلاتا ہے؟
(الف) اسم اشارہ (ب) اسم علم (ج) ✓ اسم موصول (د) اسم ضمیر

س: اسم علم کی کتنی اقسام ہیں؟
(الف) 2 (ب) 3 (ج) ✓ 5 (د) 4

س: وہ نام جو پیار اور حقارت کی وجہ سے مشہور ہو جائے کیا کہلاتا ہے؟
(الف) ✓ عرف (ب) خطاب (ج) کنیت (د) لقب

س: وہ نام جو حکومت کی طرف سے کسی شخص کو اس کی علمی یا قومی خدمات کے صلے میں دیا جاتا ہے کیا کہلاتا ہے؟
(الف) عرف (ب) ✓ خطاب (ج) کنیت (د) لقب

س: وہ نام جو کسی خاص وصف کی وجہ سے لوگوں میں مشہور ہو جاتا ہے کیا کہلاتا ہے؟
(الف) تخلص (ب) خطاب (ج) کنیت (د) ✓ لقب

س: وہ نام جو ماں باپ یا بیٹے بیٹی کے تعلق سے پکارا جائے کیا کہلاتا ہے؟
(الف) عرف (ب) خطاب (د) لقب (ج)✓ کنیت

س: وہ مختصر نام جو شاعر اپنے اشعار میں اصلی نام کی بجائے استعمال کرتے ہیں کیا کہلاتا ہے؟
(الف)✓ تخلص (ب) خطاب (د) لقب (ج) کنیت

س: اسم نکرہ کی کتنی اقسام ہیں؟
(الف) 3 (ب) 5 (د) 7 (ج)✓ 6

س: وہ اسم جس سے ایک چیز کی حقیقت دوسری چیزوں سے الگ پہچانی جائے اور اس سے کوئی وصف مراد نہ ہو کیا کہلاتا ہے؟
(الف)✓ اسم ذات (ب) اسم استفہام (د) اسم صفت (ج) اسم مصدر

س: وہ اسم جو کسی اسم کی چھوٹائی کو ظاہر کرے کیا کہلاتا ہے؟
(الف) اس ذات (ب)✓ اسم مصغر (د) اسم فاعل (ج) اسم مصدر

س: وہ اسم جو کسی اسم کی بڑائی کو ظاہر کرے کیا کہلاتا ہے؟
(الف) اس ذات (ب) اسم مصغر (د)✓ اسم مکبّر (ج) اسم فاعل

س: وہ اسم جس میں جگہ یا وقت کے معنی پائے جائیں کیا کہلاتا ہے؟
(الف) اسم مفعول (ب) اسم حاصل مصدر (د) اسم حالیہ (ج)✓ اسم ظرف

س: وہ اسم جس میں جگہ یا مقام کا ذکر ہو یا کہلاتا ہے؟
(الف)✓ اسم ظرف مکان (ب) اسم ظرف زمان (د) اسم ظرف مکان محدود (ج) اسم ظرف

س: وہ اسم جس میں زمانے یا وقت کا ذکر ہو کیا کہلاتا ہے؟
(الف) اسم ظرف مکان (ب)✓ اسم ظرف زمان (د) اسم ظرف مکان محدود (ج) اسم ظرف

س: ایسا اسم جس میں ظرفی صورت محدود ہو کیا کہلاتا ہے؟
(الف) اسم ظرف مکان (ب) اسم ظرف زمان (د)✓ ظرف مکان محدود (ج) کوئی بھی نہیں

س: وہ اسم جس میں اوزار کے معنی پائے جائیں یا کسی ایسی چیز کا نام ہو، جس کے ذریعے سے کوئی کام کیا جائے کیا کہلاتا ہے؟
(الف)✓ اسم آلہ (ب) اسم صوت (د) اسم نکرہ (ج) اسم معرفہ

س: وہ اسم جو کسی جان دار یا غیر جاندار اسم کی آواز کو ظاہر کرے کیا کہلاتا ہے؟
(الف) اسم آلہ (ب)✓ اسم صوت (د) اسم نکرہ (ج) اسم معرفہ

س: ایسے اسم کو کیا کہتے ہیں جو مصدر سے بنا ہو؟
(الف) اسم فاعل (ب) اسم مفعول (د)✓ اسم مشتق (ج) اسم حالیہ

س: وہ اسم مشتق جو کسی کام کے کرنے والے کو ظاہر کرے کیا کہلاتا ہے؟
(الف)✓ اسم فاعل (ب) اسم مفعول (د) اسم مشتق (ج) اسم حالیہ

س: جو اسم فاعل کسی خاص قاعدے کے مطابق بنا ہو اسے کیا کہتے ہیں؟
(الف)✓ اسم فاعل قیاسی (ب) اسم سماعی (د) اسم مشتق (ج) اسم حالیہ

س: وہ اسم مشتق جو اس شخص یا چیز کو ظاہر کرے جس پر کوئی کام واقع ہوا ہو کیا کہلاتا ہے؟
(الف) اسم نکرہ (ب) اسم معرفہ (د)✓ اسم مفعول (ج) اسم حالیہ

س: جو اسم مفعول کسی خاص قاعدے کے مطابق ہو اسے کیا کہا جاتا ہے؟
(الف) اسم مفعول سماعی (ب) اسم معرفہ (د) اسم مفعول (ج)✓ اسم مفعول قیاسی

س: وہ اسم مشتق جو فاعل یا مفعول کی حالت کو ظاہر کرے کیا کہلاتا ہے؟
(الف) اسم فاعل (ب) اسم معاوضہ (د) اسم آلہ (ج)✓ اسم حالیہ

س: وہ اسم مشتق جو کسی خدمت یا محنت کے معاوضہ کا نام ہو کیا کہلاتا ہے؟
(الف) اسم فاعل (ب)✓ اسم معاوضہ (د) اسم آلہ (ج) اسم حالیہ

س: وہ کلمہ جو کسی شخص یا چیز کے نام کی جگہ استعمال کیا جاتا ہے کیا کہلاتا ہے؟
(الف)✓ ضمیر (ب) صفت (د) عدد (ج) اشارہ

س: جس اسم کی جگہ ضمیر استعمال کیا جائے وہ کیا کہلاتا ہے؟
(الف) مرقع (ب)✓ مرجع (د) متکلم (ج) متعلم

س: غائب شخص کے بارے میں گفتگو کے دوران جو اسم استعمال ہوتا ہے وہ کیا کہلاتا ہے؟
(الف) ضمیر حاضر یا مخاطب (ب) ضمیر متکلم (د)✓ ضمیر شخصی (ج) ضمیر غائب

س: وہ ضمیر جو غیر حاضر شخص کے لیے استعمال ہو کیا کہلاتا ہے؟
(الف) ضمیر حاضر یا مخاطب (ب) ضمیر متکلم (د) ضمیر شخصی (ج)✓ ضمیر غائب

س: وہ ضمیر جو ایسے شخص کے لیے استعمال ہو جس سے گفتگو کی جا رہی ہو کیا کہلاتا ہے؟
(الف)✓ ضمیر حاضر یا مخاطب (ب) ضمیر متکلم (د) ضمیر شخصی (ج) ضمیر غائب

س: جب ضمیر کسی جملے میں مفعول کی جگہ آئے تو اسے ضمیر کی کونسی حالت کہتے ہیں؟
(الف) حالت فاعلی (ب)✓ حالت مفعولی (د) حالت اضافی (ج) کوئی بھی نہیں

س: جب ضمیر کسی جملے میں مضاف الیہ کی جگہ آئے تو اسے ضمیر کی کونسی حالت کہتے ہیں؟
(الف) حالت فاعلی (ب) حالت مفعولی (د)✓ حالت اضافی (ج) کوئی بھی نہیں

س: ضمیر موصولہ کے بعد جو جملہ آتا ہے اس کو کیا کہتے ہیں؟
(الف) اشارہ (ب) صفت (د) رحم (ج)✓ صلہ

س: وہ ضمیر جس کے ساتھ ہمیشہ ایک ایسا جملہ ہوتا ہے جس میں اس کے اسم کا بیان ہوتا ہے کیا کہلاتا ہے؟
(الف) ضمیر شخصی (ب) ضمیر استفہامیہ (د) ضمیر اشارہ (ج)✓ ضمیر موصولہ

س: وہ ضمیر جو استفہام یعنی پوچھنے کے موقع پر بولا جاتا ہے کیا کہلاتا ہے؟
(الف)✓ ضمیر استفہامیہ (ب) ضمیر اشارہ (د) ضمیر صفت (ج) ضمیر موصولہ

س: وہ اسم ضمیر جس میں کسی شخص یا چیز کی طرف اشارہ کیا جائے کیا کہلاتا ہے؟
(الف)✓ ضمیر اشارہ (ب) استفہام استخباری (د) استفہام انکاری (ج) استفہام اقراری

س: وہ اعداد جو تعداد کے علاوہ ترتیب کو بھی ظاہر کریں انہیں کیا کہتے ہیں؟
(الف) اعداد ذاتی (ب)✓ اعداد ترتیبی (د) اعداد ضعفی (ج) اعداد کسری

س: ایسے اعداد جن سے کسی چیز کا کئی چند ہونا پایا جاتا ہے کیا کہلاتا ہے؟
(الف) اعداد ذاتی (ب) اعداد ترتیبی (د)✓ اعداد ضعفی (ج) اعداد کسری

س: وہ اعداد جو اکائی کے حصوں کو ظاہر کرتے ہیں کیا کہلاتے ہیں؟
(الف) اعداد ذاتی (ب) اعداد ترتیبی (د) اعداد ضعفی (ج)✓ اعداد کسری

س: وہ صفت عددی جس سے سب کا سب مراد ہو کیا کہلاتی ہے؟
(الف)✓ اعداد استغراقی (ب) اعداد ترتیبی (د) اعداد ضعفی (ج) اعداد کسری

س: وہ اسم صفت جس سے چیزوں کی مقدار معلوم ہوتی ہے کیا کہلاتی ہے؟
(الف) صفت نسبتی (ب) صفت ذاتی (د) صفت عددی (ج)✓ صفت مقداری

س: وہ صفت جس سے مقدار صحیح صحیح معلوم ہو کیا کہلاتی ہے؟
(الف) فاعل (ب) صفت (د) غیر معین یا مبہم (ج)✓ معین

س: وہ صفت جس سے صحیح مقدار معلوم نہ ہو کیا کہلاتی ہے؟
(الف) فاعل (ب) صفت (د)✓ غیر معین یا مبہم (ج) معین

س: جنسی اعتبار سے اسم کی کتنی قسمیں ہیں؟
(الف) 1 (ب)✓2 (د) 3 (ج) 4

س: ایسا اسم جو نر کے معنوں میں استعمال ہو کیا کہلاتا ہے؟
(الف) تذکیر (ب) تانیث (د)✓ مذکر (ج) مونث

س: ایسا اسم جو مادہ کے معنوں میں بولا جائے کیا کہلاتا ہے؟
(الف) تذکیر (ب) تانیث (د) مذکر (ج)✓ مونث

س: جاندار اسماء کی تذکیر و تانیث کو کیا کہتے ہیں؟
(الف)✓ حقیقی (ب) غیر حقیقی (د) فانی (ج) لافانی

س: مندرجہ ذیل اسماء میں کونسا اسم آتا ہے؟
نبی، فرشتہ، شہ بالا، ہم زلف، دیو، بھانڈ، بھڑوا، ہیجڑا، پہلوان، مہاجن
(الف) تذکیر (ب) تانیث (د)✓ مذکر (ج) مؤنث

س: تمام پہاڑوں، سمندروں اور دریاؤں کے نام ..... ہیں۔
(الف) مؤنث (ب)✓ مذکر (د) ضعفی (ج) کسری

س: وہ الفاظ جن کے دو مختلف معنی ہوں انہیں کیا کہا جاتا ہے؟
(الف) معنی والے (ب) معین (د)✓ ذو معنی (ج) غیر معین

س: شمار اور گنتی کے لحاظ سے اسم کی کتنی قسمیں ہیں؟
(الف) 1 (ب)✓2 (د) 3 (ج) 4

س: وہ اسم جو صرف ایک چیز کے لیے استعمال کیا جائے کیا کہلاتا ہے؟
(الف)✓ واحد (ب) جمع (د) کسری (ج) ذاتی

س: وہ اسم جو ایک سے زیادہ چیزوں کے لیے استعمال کیا جائے کیا کہلاتا ہے؟
(الف) واحد (ب)✓ جمع (د) کسری (ج) ذاتی

س: تثنیہ بنانے کا قاعدہ یہ ہے کہ عربی واحد اسم کے آخر میں ..... زیادہ کر دیتے ہیں؟
(الف) "اں" (ب) نون غنہ "ں" (د) "میں" (ج)✓ "ین"

س: بعض اسم ایسے ہوتے ہیں جو بظاہر واحد معلوم ہوتے ہیں لیکن حقیقت میں بہت سے اسموں کا مجموعہ ہوتے ہیں، انہیں کیا کہا جاتا ہے؟
(الف)✓ اسم جمع (ب) اسم واحد (د) اسم فاعل (ج) اسم مفعول

س: جمع اور اسم جمع میں فرق یہ ہے کہ جمع کے مقابلے میں واحد ہوتا ہے لیکن اس جمع کا واحد نہیں ہوتا البتہ اسم جمع کی ..... بنائی جا سکتی ہے۔
(الف) واحد (ب)✓ جمع (د) کسری (ج) جمع الجمع

س: بعض اوقات اسموں کی جمع سے دوبارہ جمع بنالی جاتی ہے اسے کیا کہتے ہیں۔
(الف) واحد (ب) جمع (د) کسری (ج)✓ جمع الجمع

س: اسم مفعول کی جمع.....کے وزن پر آتی ہے۔
(الف)✓مفاعیل (ب) مفاعل (د) فاعل (ج) مفعول

س: اسم تفصیل کی جمع.....کے وزن پر آتی ہے؟
(الف) مفاعیل (ب) مفاعل (د)✓ فاعل (ج) مفعول

س: اسم آلہ کی جمع.....کے وزن پر آتی ہے۔
(الف)✓مفاعیل (ب) مفاعل (د) فاعل (ج) مفعول

س: صفت مشتبہ کی جمع.....کے وزن پر آتی ہے۔
(الف) مفاعیل (ب) مفاعل (د) فاعل (ج)✓ فعلا

س: اسم ظرف کی جمع.....کے وزن پر آتی ہے۔
(الف) مفاعیل (ب)✓مفاعل (د) فاعل (ج) مفعول

س: وہ کلمہ جس میں کسی کام کا کرنا یا ہونا زمانے کے تعلق کے ساتھ پایا جائے کیا کہلاتا ہے؟
(الف) مفعول (ب) مشتق (د)✓ فعل (ج) فاعل

س: زمانے کے لحاظ سے فعل کی کتنی قسمیں ہیں؟
(الف) 2 (ب)✓3 (د) 4 (ج) 5

س: وہ فعل جو گزرے ہوئے زمانے میں کسی کام کا کرنا یا ہونا ظاہر کرے کیا کہلاتا ہے؟
(الف)✓فعل ماضی (ب) فعل حال (د) فعل مستقبل (ج) فعل لازم

س: وہ فعل ہے جو موجودہ زمانے میں کسی کام کا کرنا یا ہونا ظاہر کرے کیا کہلاتا ہے؟
(الف) فعل ماضی (ب)✓فعل حال (د) فعل مستقبل (ج) فعل لازم

س: وہ فعل جو آنے والے زمانے میں کسی کام کا کرنا یا ہونا ظاہر کرے کیا کہلاتا ہے؟
(الف) فعل ماضی (ب) فعل حال (د)✓ فعل مستقبل (ج) فعل لازم

س: بناوٹ کے لحاظ سے فعل کی کتنی قسمیں ہیں
(الف) 4 (ب)✓6 (د) 8 (ج) 10

س: وہ فعل جو صرف فاعل کو چاہے کیا کہلاتا ہے؟
(الف) فعل ماضی (ب) فعل حال (د) فعل متعدی (ج)✓ فعل لازم

س: وہ فعل جو فاعل کے علاوہ مفعول کو بھی چاہے کیا کہلاتا ہے؟
(الف) فعل ماضی (ب) فعل حال (د)✓ فعل متعدی (ج) فعل لازم

س: وہ فعل جو کسی کام کا کرنا یا ہونا ظاہر کرے کیا کہلاتا ہے؟
(الف)✓مثبت فعل (ب) منفی فعل (د) فعل معروف (ج) فعل مجہول

س: وہ فعل جو کسی کام کا نہ کرنا یا نہ ہونا ظاہر کرے کیا کہلاتا ہے؟
(الف) مثبت فعل (ب)✓منفی فعل (د) فعل معروف (ج) فعل مجہول

س: وہ فعل جس کا فاعل معلوم ہو کیا کہلاتا ہے؟
(الف) فعل ماضی مطلق (ب) فعل ماضی قریب (د)✓ فعل معروف (ج) فعل مجہول

س: وہ فعل جس کا فاعل معلوم نہ ہو کیا کہلاتا ہے؟
(الف) فعل ماضی مطلق (ب) فعل ماضی قریب (د) فعل معروف (ج)✓ فعل مجہول

س: وہ فعل جس میں نزدیک کا گزرا ہوا زمانہ پایا جائے کیا کہلاتا ہے؟
(الف) فعل ماضی مطلق (ب)✓ فعل ماضی قریب (د) فعل معروف (ج) فعل مجہول

س: ماضی مطلق کے آخر میں ''ہے'' بڑھانے سے ماضی قریب کا..... بن جاتا ہے؟
(الف) صیغہ جمع غائب (ب) صیغہ مؤنث غائب (د) صیغہ مذکر غائب (ج)✓ صیغہ واحد غائب

س: وہ فعل جس میں دور کا گزرا ہوا زمانہ پایا جائے کیا کہلاتا ہے؟
(الف) فعل ماضی شکیہ یا احتمالی (ب) فعل ماضی قریب
(د)✓ فعل ماضی بعید (ج) فعل ماضی استمراری

س: ماضی مطلق کے آخر میں ''تھا'' بڑھانے سے ماضی بعید کا..... بن جاتا ہے۔
(الف) صیغہ جمع غائب (ب) صیغہ مؤنث غائب (د) صیغہ مذکر غائب (ج)✓ صیغہ واحد غائب

س: وہ فعل جس میں کام کا گزرے ہوئے زمانے میں جاری رہنا یا بار بار ہونا پایا جائے کیا کہلاتا ہے؟
(الف) فعل ماضی شکیہ یا احتمالی (ب) فعل ماضی قریب
(ج)✓ فعل ماضی استمراری (د) فعل ماضی بعید

س: وہ فعل جس میں کام کا ہونا گزشتہ زمانہ میں شرط یا تمنا کے ساتھ پایا جائے کیا کہلاتا ہے؟
(الف)✓ فعل ماضی تمنائی (ب) فعل ماضی مطلق (د) فعل حال (ج) فعل ماضی شکیہ

س: وہ فعل جو موجودہ زمانے میں کسی کام کا کرنا یا ہونا ظاہر کرے کیا کہلاتا ہے؟
(الف) فعل ماضی تمنائی (ب) فعل ماضی مطلق (د)✓ فعل حال (ج) فعل ماضی شکیہ

س: ایسے افعال جو دوسرے فعلوں کے ساتھ مل کر مرکب فعل بناتے ہیں کیا کہلاتے ہیں؟
(الف) فعل تام (ب) فعل ناقص (د)✓ افعال معاون (ج) فعل معطوف علیہ

س: .....علامت فاعل ہے۔
(الف) میں (ب) کی (د) کا (ج)✓ نے

س: لازم افعال کی صورت میں فاعل کے ساتھ..... نہیں آتا؟
(الف)✓ نے (ب) کی (د) کا (ج) میں

س: ''کو'' علامت مفعول ہے اور متعدی افعال میں ہمیشہ..... کے ساتھ آتا ہے
(الف) فاعل (ب)✓ مفعول (د) افعال معاون (ج) فعل

س: جب فاعل کی عزت اور تعظیم ملحوظ ہو تو فعل..... آتا ہے؟
(الف)✓ جمع (ب) مذکر (د) مؤنث (ج) واحد

س: جب جملے میں ایک سے زیادہ مفعول یا خبر ہوں تو فعل..... یا خبر کے مطابق واحد یا جمع ہوتا ہے؟
(الف) پہلا مفعول (ب) دوسرا مفعول (د) تیسرا مفعول (ج)✓ آخری مفعول

س: وہ حروف جو اسم کو فعل یا مشابہ فعل کے ساتھ ملاتے ہیں کیا کہلاتے ہیں؟
(الف)✓ حروف جار (ب) حروف عطف (د) حروف اضراب (ج) حروف تردید

س: وہ حروف جو دو کلموں کو آپس میں ملائیں یا ایک حکم کے ماتحت کر دیں کیا کہلاتے ہیں۔
(الف) حروف جار (ب)✓ حروف عطف (د) حروف اضراب (ج) حروف تردید

س: وہ حروف کو کسی امر کا سبب ظاہر کریں کیا کہلاتے ہیں؟
(الف) ✓ حروف علت (ب) حروف شرط و جزا (د) حروف حصر و خصوصیت (ج) حروف قسم

س: جب دو یا دو سے زیادہ کلمات ترکیب پائیں تو اس مرکب کو کیا کہتے ہیں؟
(الف) اضافت (ب) ✓ کلام (د) مرکب (ج) جملہ

س: وہ مرکب جس سے سننے والے کو پورا مطلب حاصل نہ ہو کیا کہلاتا ہے؟
(الف) ✓ کلام ناقص (ب) کلام تام (د) کلام (ج) نحو

س: وہ مرکب جس سے سننے والے کو پورا مطلب حاصل ہو اُس کو کیا کہلاتا ہے؟
(الف) کلام ناقص (ب) ✓ کلام تام (د) کلام (ج) نحو

س: وہ مرکب جو معطوف علیہ اور معطوف سے مل کر بنے کیا کہلاتا ہے؟
(الف) مرکب توصیفی (ب) ✓ مرکب عطفی (د) مرکب ظرفی (ج) مرکب امتزاجی

س: وہ مرکب جو ظرف اور مظروف سے مل کر بنے کیا کہلاتا ہے؟
(الف) مرکب توصیفی (ب) مرکب عطفی (د) ✓ مرکب ظرفی (ج) مرکب امتزاجی

س: وہ مرکب جب دو یا دو سے زیادہ لفظ مل کر ایک اسم ہو گئے ہوں کیا کہلاتا ہے؟
(الف) مرکب توصیفی (ب) مرکب عطفی (د) مرکب ظرفی (ج) ✓ مرکب امتزاجی

س: وہ مرکب جو عدد اور معدود سے مل کر بنے کیا کہلاتا ہے؟
(الف) ✓ مرکب عددی (ب) مرکب جاری (د) مرکب اشاری (ج) مرکب بدلی

س: وہ مرکب جو بدل اور مبدل سے مل کر بنے کیا کہلاتا ہے؟
(الف) مرکب عددی (ب) مرکب جاری (د) مرکب اشاری (ج) ✓ مرکب بدلی

س: اُردو میں محاورہ کے مطابق بہت سے لفظوں کے ساتھ ایک لفظ بولا جاتا ہے، جو بے معنی ہوتا ہے ایسے لفظ کو کیا کہا جاتا ہے؟
(الف) ✓ تابع مہمل (ب) تابع موضوع (د) ذوالحال (ج) عطف بیان و مبین

س: جملے میں جس شخص یا چیز کی بابت کچھ کہا جائے وہ ..... ہوتا ہے؟
(الف) مُسند (ب) ✓ مُسند الیہ (د) اسمیہ (ج) اسناد

س: جملے میں جس شخص یا چیز کی بابت جو کچھ کہا جائے وہ کیا کہلاتا ہے؟
(الف) ✓ مُسند (ب) مُسند الیہ (د) اسمیہ (ج) ✓ اسناد

س: جملے میں مسند اور مسند الیہ ہمیشہ کیا ہوتا ہے؟
(الف) فعل (ب) ✓ اسم (د) جملہ (ج) حرف

سابقہ

سابقہ انگریزی کے حرف (Prefix) کا ترجمہ ہے۔ سابقہ اُس لفظ کو کہتے ہیں جو کسی لفظ سے پہلے لگا کر اُس لفظ کے معنی میں کچھ اضافہ پیدا کر لیتے ہیں۔ کبھی سابقہ حرف ایک حرف ہوتا ہے جیسے الف سے ''امر'' اور ''اٹل'' الفاظ بنے ہیں۔ کبھی سابقہ دو یا تین حروف ہوتے ہیں۔

سابقوں کی فہرست:

سابقے	الفاظ
الف	اٹوٹ۔ اچھوتا۔ اکھنڈ
بے	بے ضرر۔ بے حد۔ بے وقوف
ن	نکما۔ نڈر۔ نکھٹو
اَن	اَن مول۔ اَن جان۔ اَن گنت
نا	نادار۔ نادان۔ نالائق
بِن	بن بلایا۔ بن سلا۔ بن بیاہا
با	باوقار۔ باہمت۔ باحیا
کم	کم ہمت۔ کم زور۔ کم بخت
پا	پازیب۔ پاپیادہ۔ پابند
خود	خودفریبی۔ خودداری۔ خودغرضی
بد	بدزبان۔ بدخو۔ بداطوار
خوب	خوب سیرت۔ خوب صورت۔ خوب رو
خوش	خوش آواز۔ خوش شکل۔ خوش لباس
یک	یک جان۔ یک زبان۔ یک طرفہ
ہم	ہم وطن۔ ہم آواز۔ ہم نام
نو	نوخیز۔ نوجوان۔ نوعمر
نیک	نیک سیرت۔ نیک اطوار۔ نیک طینت
نازک	نازک طبع۔ نازک اندام۔ نازک مزاج
نیم	نیم جاں۔ نیم حکیم۔ نیم شب
میر	میر کارواں۔ میر دیوان۔ میر منزل
مہا	مہاراج۔ مہا کاج۔ مہارانی
مہ	مہ رخ، مہ وش۔ مہ پارہ
لا	لاچار۔ لاثانی۔ لاجواب
گم	گم نام۔ گم شدہ۔ گم راہ
گُل	گُلِ برگ۔ گُل دان۔ گُل رو
کار	کار ساز۔ کار کن۔ کار آمد
قابل	قابلِ دید۔ قابلِ عزت۔ قابلِ قدر
غیر	غیر حاضر۔ غیر موجود۔ غیر آباد
عدم	عدم موجودگی۔ عدم توجہ۔ عدم وصولی

عالی	عالی جناب۔ عالی مرتبہ۔ عالی مقام
صدر	صدر بازار۔ صدرِ مجلس۔ صدر دفتر
صاحب	صاحب ذوق۔ صاحب نظر۔ صاحب علم
شکر	شکر گنج۔ شکر پارہ۔ شکر قند
شاد	شادمان۔ شادکام۔ شادخواب
سر	سرفراز۔ سرکش۔ سربلند
سیاہ	سیاہ رو۔ سیاہ بخت۔ سیاہ پوش
زیر	زیر دست۔ زیر نظر۔ زیر تربیت
راہ	راہ گزر۔ راہ نما۔ راہ بر
راست	راست گو۔ راست اقدام۔ راست باز
ذی	ذی روح۔ ذی وقار۔ ذی شان
دست	دست گیر۔ دست بردار۔ دست شناس
دل	دل آزار۔ دِل شکن۔ دل آرام
در	درآمد۔ درکار۔ درحقیقت
دار	دارالخلد۔ دارالعلوم۔ دارالفنا
خر	خرگوش۔ خرکار۔ خردماغ
خیر	خیر خواہ۔ خیر اندیش۔ خیر مقدم
خلاف	خلافِ حقیقت۔ خلاف توقع۔ خلافِ واقع
خانہ	خانہ خدا۔ خانہ بدوش۔ خانہ جنگی
حق	حق دار۔ حق تلفی۔ حق گوئی
چو	چولھا۔ چوگنا۔ چوکور
د	چارسو۔ چارچشم۔ چار درویش
جل	جل تھل۔ جل ترنگ۔ جل پری
جا	جابجا۔ جانماز۔ جانشین
جان	جان لیوا۔ جان دار۔ جان بہ لب
تہہ	تہہ در تہہ۔ تہہ دل۔ تہہ نشین
تنگ	تنگ دست۔ تنگ دل۔ تنگ ظرف
تن	تن آساں۔ تن درست۔ تن تنہا
تیز	تیز رفتار۔ تیز رو۔ تیز گام
تر	ترجمان۔ تر دامن۔ ترکاری
تا	تاحیات۔ تاعمر۔ تاب ناک
پری	پری چہرہ۔ پری پیکر۔ پری وش
پنج	پنج گانہ۔ پنج آب۔ پنج تن
پیش	پیش خدمت۔ پیش نظر۔ پیش لفظ
پست	پست ہمت۔ پست خیال۔ پست قامت

پس	پس پردہ۔ پس انداز۔ پس ماندہ
پُر	پُر تاثیر۔ پُر تکلف۔ پُر جوش
پاک	پاک وطن۔ پاک سرزمین۔ پاک ستان
بیت	بیت الحرام۔ بیت اللہ۔ بیت المال
بلند	بلند پایہ۔ بلند ہمت۔ بلند آواز
بلا	بلا اجازت۔ بلاشبہ۔ بلا تاخیر
بر	بروقت۔ برعکس۔ برداشت
بد	بدنصیب۔ بدشکل۔ بدمزاج
اہل	اہل وطن۔ اہلِ ہمت۔ اہل نظر
اک	اک تارا۔ اِک لوتا۔ اکاون
ادھ	ادھ موا۔ ادھورا۔ ادھ کھلا

لاحقہ

(i) لاحق انگریزی زبان کے لفظ Suffix کا ترجمہ ہے۔

(ii) لاحقہ سے مراد وہ لفظ ہے جو کسی لفظ کے آخر میں لگانے سے اصلی کلمہ (لفظ) کے معنی میں کچھ تبدیلی ظاہر کرے۔

مثال: مند سے دردمند۔ غرض مند۔ آرزومند وغیرہ

لاحقوں کی فہرست

لاحقہ	الفاظ
دار	وفادار۔ دل دار۔ مال دار
باز	دغاباز۔ جاں باز۔ نوسرباز
ساز	زمانہ ساز۔ حیلہ ساز۔ خانہ ساز
خواہ	خیرخواہ۔ بدخواہ۔ خاطرخواہ
طلب	دادطلب۔ خیرطلب۔ شہرت طلب
شناس	قدرشناس۔ مردم شناس۔ اداشناش
دان	قدردان۔ گل دان۔ اُگال دان
فہم	سخن فہم۔ شعرفہم۔ معاملہ فہم
پوش	خطا پوش۔ عیب پوش۔ پردہ پوش
بخش	فرحت بخش۔ حیات بخش۔ خطا بخش
پرست	بت پرست۔ خدا پرست۔ وطن پرست
فروش	ضمیر فروش۔ وطن فروش۔ دین فروش
گیر	ملک گیر۔ دل گیر۔ جہاں گیر
گھر	چڑیا گھر۔ گھنٹا گھر۔ نیلام گھر
یافتہ	ترقی یافتہ۔ سزا یافتہ۔ انعام یافتہ
یاب	کام یاب۔ صحت یاب۔ فیض یاب
وار	دیوانہ وار۔ مردانہ وار۔ سوگ وار
ور	نام ور۔ جان ور۔ طاقت ور

نواز	دل نواز۔ مہمان نواز۔ شاہ نواز
وٹ	سجاوٹ۔ لگاوٹ۔ ملاوٹ
نما	خوش نما۔ بدنما۔ قطب نما
نشین	گدی نشین۔ تہہ نشین۔ ہم نشین
نگر	پریم نگر۔ پھول نگر۔ رحمٰن نگر
ناک	خطرناک۔ دردناک۔ غم ناک
منڈی	سبزی منڈی۔ غلہ منڈی۔ چونا منڈی
مار	چڑی مار۔ مکھی مار۔ یار مار
مائل	سرخ مائل۔ سفیدی مائل۔ سیاہی مائل
گڑھ	راج گڑھ۔ شیر گڑھ۔ علی گڑھ
ندہ	پرندہ۔ درندہ۔ چرندہ
سوز	دِل سوز۔ جاں سوز۔ جگر سوز
گی	شرمندگی۔ بندگی۔ تابندگی
گو	راست گو۔ غزل گو۔ کم گو
سرائے	کارواں سرائے۔ داستان سرائے۔ ماتم سرائے
گری	سپہ گری۔ کاری گری۔ گداگری
گھاٹ	دھوبی گھاٹ۔ راج گھاٹ۔ شمشان گھاٹ
گشت	گل گشت۔ بازگشت۔ مٹرگشت
گزار	درخواست گزار۔ آب گزار۔ خدمت گزار
گر	زرگر۔ کاری گر۔ جادوگر
گار	خدمت گار۔ روزگار۔ طلب گار
کن	کارکن۔ کان کن۔ حیران کن
ہٹ	مسکراہٹ۔ گھبراہٹ۔ چودھراہٹ
کشا	کشور کشا۔ دل کشا۔ جاں کشا
کدہ	بت کدہ۔ ظلمت کدہ۔ نعمت کدہ
کاری	فن کاری۔ دست کاری۔ کاشت کاری
فریب	دل فریب۔ نظر فریب۔ جاں فریب

رموزِ اوقاف

سکتہ (Comma)

☆ ہر سوال کے نیچے دیے گئے چار ممکنہ جوابات میں سے ایک درست جواب پر (✓) کا نشان لگایئے۔

1- ''سکتہ'' کہتے ہیں۔

(ا) بہت زیادہ ٹھہراؤ کو (ب) ✓ مختصر ترین ٹھہراؤ کو (ج) سوال کرنے کو (د) جملے کے اختتام کو

2- لاہور ــــــــ کراچی اور راولپنڈی بڑے شہر ہیں۔

(ا) ✓ ، (ب) ؛ (ج) : (د) ۔

علی۔انہام، خیام اور ریحان گہرے دوست ہیں۔

-3 (ا) ؟ (ب) ؛ (ج) ✓ ، (د) :

الفاظ اور معانی کے درمیان علامت لگاتے ہیں۔

-4 (ا) وقفہ (ب) رابطہ (ج) ✓ سکتہ (د) خط

تخلص کی علامت ہے۔

-5 (ا) ✓ ۔ (ب) ؟ (ج) ! (د) ۔

رموز اوقاف استعمال نہ ہوں تو عبارت ہو سکتی ہے۔

-6 (ا) حسین (ب) رواں (ج) ✓ بے معنی (د) واضح

جملے میں دو سے زیادہ اسماء کے درمیان میں علامت استعمال ہوتی ہے۔

-7 (ا) واوین (ب) سوالیہ (ج) ✓ سکتہ (د) قوسین

-8 اسلم ---------- ازہر اور عمر اچھے دوست ہیں۔ خالی جگہ پر علامت آئے گی۔

(ا) ✓ ، (ب) ؛ (ج): (د) !

-9 سعدیہ ---------- ساجدہ اور ارم ذہین طالبات ہیں۔

(ا) ✓ ، (ب) ؛ (ج) : (د) :۔

-10 عابد ---------- احمد اور علی دوست ہیں۔ خالی جگہ میں علامت استعمال ہوگی۔

(ا) ؟ (ب) ! (ج) ؛ (د) ✓ ،

-11 شاہد ---------- میرے پاس آؤ۔

(ا) ✓ ، (ب) ؟ (ج) ۔ (د) !

-12 اسلم ---------- اکرم اور امجد بھائی ہیں۔

(ا) ۔ (ب) ؛ (ج) ! (د) ✓ ،

-13 عبارت میں چھوٹے وقفے کے لیے علامت لگائی جاتی ہے۔

(ا) رابطہ کی (ب) وقفہ کی (ج) ✓ سکتہ کی (د) قوسین کی

-14 (،) یہ علامت کیا کہلاتی ہے؟

(ا) وقفہ (ب) رابطہ (ج) ✓ سکتہ (د) ختمہ

-15 مختصر ترین ٹھہراؤ کے لیے علامت استعمال ہوتی ہے۔

(ا) ✓ ، (ب) ؛ (ج) ۔ (د) ؟

-16 بازار سے چاول ---------- چینی اور آٹا لاؤ۔

(ا) ۔ (ب) ✓ ، (ج) ! (د) ()

-17 سکتہ استعمال ہوتا ہے۔

(ا) ✓ مختصر ٹھہراؤ کے لیے (ب) جملہ معترضہ کے لیے

(ج) تفصیل بیان کے لیے (د) جذبات کے اظہار کے لیے

-18 حامد حامد اور شاہدہ سیر کو گئیں۔ حامد اور حامدہ کے درمیان کون سی علامت آئے گی؟

(ا) رابطہ (ب) ختمہ (ج) وقفہ (د) ✓ سکتہ

-19 جملے میں تین یا تین سے زیادہ اوصاف/اسما کے درمیان کون سی علامت لگاتے ہیں؟

(ا) ✓ سکتہ (ب) وقفہ (ج) ختمہ (د) رابطہ

-20 سکتے کی علامت کی نشان دہی کیجیے۔

(ا) : (ب) ؟ (ج) ( ) (د) ✓ ،

وقفہ (Semi Colon)

☆ ہر سوال کے نیچے دیے گئے چار ممکنہ جوابات میں سے ایک درست جواب پر (✓) کا نشان لگایئے۔

-1 سکتہ سے زیادہ ٹھہراؤ ہوتا ہے۔
(ا) ختمہ (ب) رابطہ (ج) ✓ وقفہ (د) سوالیہ

-2 کسی بڑے جملے کے اندر چھوٹے چھوٹے جملوں کو الگ کرنے کے لیے علامت لگائی جاتی ہے۔
(ا) تفصیلیہ (ب) ختمہ (ج) سکتہ (د) ✓ وقفہ

-3 جملے میں سکتے سے زیادہ ٹھہراؤ کے لیے لگاتے ہیں۔
(ا) ختمہ (ب) ✓ وقفہ (ج) رابطہ (د) خط

-4 کسی بڑے جملے کے چھوٹے چھوٹے اجزاء کو الگ کرنے کے لیے علامت لگائی جاتی ہے۔
(ا) سوالیہ (ب) ✓ وقفہ (ج) رابطہ (د) فجائیہ

-5 سکتہ سے زیادہ ٹھہراؤ مقصود ہو تو استعمال کرتے ہیں۔
(ا) رابطہ (ب) ✓ وقفہ (ج) تفصیلیہ (د) ختمہ

-6 وقفہ کا مقصد ہے۔
(ا) قول بیان کرنا (ب) پکارنا (ج) مکمل ٹھہراؤ (د) ✓ نصف ٹھہراؤ

-7 جو کرے گا۔۔۔۔۔۔۔۔۔سو بھرے گا۔ علامت استعمال ہوگی۔
(ا) :۔ (ب) ✓ ؛ (ج) ! (د) ()

-8 وقفہ کی درست علامت کی نشان دہی کیجیے۔
(ا) ، (ب) ؟ (ج) : (د) ؛

-9 عبارت میں وقفہ سے زیادہ ٹھہراؤ مقصود ہو تو علامت استعمال ہوتی ہے۔
(ا) تفصیلیہ (ب) ✓ سکتہ (ج) رابطہ (د) واوین

-10 وقفہ میں کسی سے زیادہ دیر کے لیے رکنا پڑتا ہے۔
(ا) ✓ سکتہ (ب) رابطہ (ج) ختمہ (د) تفصیلیہ

-11 ''؟'' علامت ہے۔
(ا) سکتہ (ب) رابطہ (ج) ✓ وقفہ (د) ختمہ

-12 وقفہ کی تعریف ہے۔
(ا) مختصر ٹھہراؤ (ب) ✓ سکتہ سے زیادہ ٹھہراؤ (ج) مکمل ٹھہراؤ (د) تفصیل سے بیان کرنا

-13 جو کرے۔۔۔۔۔۔۔۔۔سو بھرے گا۔
(ا) ، (ب) ✓ ؛ (ج) : (د) :۔

-14 وقفہ کی علامت ہے۔
(ا) ✓ ؛ (ب) ، (ج) ۔ (د) :

رابطہ (Colon)

☆ ہر سوال کے نیچے دیے گئے چار ممکنہ جوابات میں سے ایک درست جواب پر (✓) کا نشان لگایئے۔

-1 رابطہ کہتے ہیں۔
(ا) وقفِ خفیف کو (ب) وقفِ مطلق کو (ج) نصف وقف کم (د) ✓ وقفِ لازم کو

-2 (:) علامت ہے۔

(ا) وقفہ (ب) ندائیہ (ج) ✓ رابطہ (د) تفصیلیہ

کسی جملے میں وقفہ سے زیادہ ٹھہراؤ کے لیے کون سی علامت لگاتے ہیں۔

-3 (ا) سکتہ (ب) ✓ رابطہ (ج) فجائیہ (د) واوین

پاکستان کے درج ذیل صوبے ہیں۔ علامت استعمال ہوگی۔

-4 (ا) ✓ : (ب) ؟ (ج) :- (د) !

وقفہ سے زیادہ ٹھہراؤ مقصود ہو تو علامت استعمال ہوتی ہے۔

-5 (ا) ختمہ (ب) ✓ رابطہ (ج) سکتہ (د) سوالیہ

رابطہ کی علامت پر کتنا توقف کیا جاتا ہے؟

-6 (ا) ✓ وقفہ سے زیادہ (ب) سکتہ سے زیادہ (ج) (د)

وقفے سے ٹھہراؤ کے لیے علامت استعمال کی جاتی ہے۔

-7 (ا) ✓ رابطہ کی (ب) وقفہ کی (ج) سکتہ کی (د) ختمہ کی

یہ سچ ہے۔۔۔۔۔۔۔اتفاق میں برکت ہے۔

-8 (ا) ✓ : (ب) :- (ج) ؟ (د) -

رابطہ کی تعریف ہے۔

-9 (ا) سکتہ سے زیادہ ٹھہراؤ (ب) وقفہ سے زیادہ ٹھہراؤ
(ج) ✓ رابطہ سے زیادہ ٹھہراؤ (د) ختمہ سے زیادہ ٹھہراؤ

قائداعظم محمد علی جناح نے فرمایا۔۔۔۔۔۔۔

-10 (ا) ✓ : (ب) ؛ (ج) - (د) ،

یہ سچ ہے۔۔۔۔۔۔۔لالچ بری بلا ہے۔

-11 (ا) ✓ : (ب) :- (ج) ، (د) ؛

سکتہ اور وقفہ سے زیادہ ٹھہرنے کے لیے علامت استعمال ہوتی ہے۔

-12 (ا) قوسین (ب) سوالیہ (ج) ✓ رابطہ (د) واوین

رابطہ کی علامت ہے۔

-13 (ا) ،، (ب) ؟ (ج) ✓ : (د) !

(:) علامت کہلاتی ہے۔

-14 (ا) وقفہ (ب) سکتہ (ج) خط (د) ✓ رابطہ

ختمہ (Full Stop)

☆ ہر سوال کے نیچے دیے گئے چار ممکنہ جوابات میں سے ایک درست جواب پر (✓) کا نشان لگائیے۔

-1 انگریزی مخففات کو اردو میں لکھتے وقت کون سی علامت آتی ہے۔

(ا) وقفہ (ب) ✓ ختمہ (ج) فجائیہ (د) رابطہ

-2 ایم بی بی ایس کے درمیان علامت ہوگی۔

(ا) تفصیلیہ (ب) سوالیہ (ج) ✓ ختمہ (د) قوسین

-3 ختمہ کہلاتا ہے۔

(ا) مختصر ٹھہراؤ (ب) مختصر ترین ٹھہراؤ (ج) تفصیل دینا (د) ✓ مکمل ٹھہراؤ

-4 امجد پی ایچ ڈی ڈاکٹر ہے۔۔۔۔۔۔۔۔۔علامت لگے گی۔

(ا) : (ب) ✓ - (ج) :- (د) ؛

5- جب کوئی جملہ ختم ہو تو کون سی علامت لگاتے ہیں۔
(ا) ✓ ختمہ (ب) سکتہ (ج) رابطہ (د) ندائیہ

6- "ایل ایل بی" ان الفاظ میں کون سی علامت آئے گی؟
(ا) سوالیہ (ب) ندائیہ (ج) ✓ ختمہ (د) وقفہ

7- "احمد سکول جاتا ہے" اس جملے کے آخر میں کون سی علامت آئے گی؟
(ا) ✓ ختمہ (ب) سوالیہ (ج) سکتہ (د) رابطہ

8- علامت ختمہ استعمال ہوتی ہے۔
(ا) سکتہ سے زیادہ ٹھہراؤ کے لیے (ب) ✓ جملہ مکمل ہونے کے بعد
(ج) مخاطب کرنے کے لیے (د) بات کی وضاحت کے لیے

9- ایم۔اے، پی۔ایچ۔ڈی میں علامت آئے گی۔
(ا) رابطہ (ب) سکتہ (ج) وقفہ (د) ✓ ختمہ

10- اللہ ایک ہے۔ میں علامت آئی ہے۔
(ا) تفصیلیہ (ب) وقفہ (ج) رابطہ (د) ✓ ختمہ

11- آپ ایک اچھے انسان ہیں ----------
(ا) تفصیلیہ (ب) ندائیہ (ج) ✓ ختمہ (د) سکتہ

12- بھرپور ٹھہراؤ/مکمل ٹھہراؤ کی علامت کہلاتی ہے۔
(ا) وقفہ (ب) سکتہ (ج) ✓ ختمہ (د) فجائیہ

13- (۔) علامت ہے۔
(ا) ✓ مکمل ٹھہراؤ (ب) مختصر ٹھہراؤ (ج) مخاطب کرنا (د) تفصیل بیان کرنا

تفصیلیہ (Colon and Dash)

☆ ہر سوال کے نیچے دیے گئے چار ممکنہ جوابات میں سے ایک درست جواب پر (✓) کا نشان لگائیے۔

1- پاکستان کے بڑے بڑے شہر یہ ہیں ---------- (علامت)
(ا) ندائیہ (ب) وقفہ (ج) ✓ سکتہ (د) تفصیلیہ

2- جب تفصیل دینا مقصود ہو تو تمہید جملے کے بعد لگاتے ہیں۔
(ا) وقفہ (ب) ندائیہ (ج) ✓ تفصیلیہ (د) رابطہ

3- آزاد کشمیر کے درج ذیل اضلاع ہیں ----------علامت آئے گی۔
(ا) : (ب) ؟ (ج) ✓ :۔ (د) !

4- ہمارے قومی اداروں کی تفصیل یہ ہے ----------
(ا) : (ب) ! (ج) ✓ :۔ (د) ۔

5- پاکستان کے صوبے درج ذیل ہیں ----------علامت استعمال ہوگی۔
(ا) : (ب) ؟ (ج) ✓ :۔ (د) !

6- پاکستان کے دس بڑے شہر یہ ہیں۔
(ا) ۔ (ب) ! (ج) ✓ ؟ (د) :۔

7- وزیر اعظم کی تقریر کے اہم نکات درج ذیل ہیں۔ (علامت استعمال ہوگی)
(ا) ندائیہ (ب) ختمہ (ج) واوین (د) ✓ تفصیلیہ

8- (:۔) یہ علامت اُردو میں کہلاتی ہے۔

(ا) وقفہ (ب) ختمہ (ج) فجائیہ (د) ✓ تفصیلیہ

-9 ''؛'' اس علامت کے نام کی نشان دہی کیجیے۔
(ا) رابطہ (ب) استعجابیہ (ج) ✓ تفصیلیہ (د) توسین

-10 اقوام متحدہ کے اہم اداروں کے نام یہ ہیں ---------- اس جملے کے آخر میں کون سی علامت آئے گی؟
(ا) سکتہ (ب) ختمہ (ج) رابطہ (د) ✓ تفصیلیہ

-11 اسماء اشیاء کی فہرست میں تمیز کرنے کے لیے اور سے پہلے کس علامت کا استعمال ہوتا ہے۔
(ا) ✓ تفصیلیہ (ب) ختمہ (ج) سکتہ (د) توسین

-12 چیزوں کی تفصیل بتانے سے پہلے علامت استعمال ہوتی ہے۔
(ا) واوین کی (ب) توسین کی (ج) ✓ تفصیلیہ کی (د) رابطہ کی

-13 ''تفصیلیہ'' کی تعریف ہے۔
(ا) سوال کی علامت (ب) پکارنے کی علامت (ج) وقفے کی علامت (د) ✓ تفصیل کی علامت

-14 (:۔) یہ علامت کون سی ہے؟
(ا) ندائیہ (ب) واوین (ج) سکتہ (د) ✓ تفصیلیہ

-15 کسی چیز کی تفصیل بیان کرتے وقت علامت استعمال کی جاتی ہے۔
(ا) وقفہ کی (ب) سکتہ کی (ج) توسین کی (د) ✓ تفصیلیہ کی

(Sign of Interrogation) سوالیہ

☆ ہر سوال کے نیچے دیے گئے چار ممکنہ جوابات میں سے ایک درست جواب پر (✓) کا نشان لگایئے۔

-1 مناسب علامت لگائیں: تم کب آؤ گے
(ا) ، (ب) ✓ ؟ (ج) ۔ (د) :۔

-2 ''تم کہاں جا رہے ہو'' جملے کے آخر میں ---------- کی علامت آئے گی۔
(ا) سکتہ (ب) وقفہ (ج) ✓ سوالیہ (د) ختمہ

-3 آپ کیا کھانا پسند کریں گے۔ علامت آئے گی۔
(ا) ✓ سوالیہ (ب) ندائیہ (ج) فجائیہ (د) سکتہ

-4 آپ کیا کہتے ہیں (جملے کے آخر میں علامت آئے گی)
(ا) : (ب) :۔ (ج) ✓ ؟ (د) ؛

-5 استفہامیہ کی تعریف ہے۔
(ا) ✓ سوال پوچھنا (ب) جواب دینا (ج) قول بیان کرنا (د) مختصر ٹھہراؤ

-6 سوالیہ جملے کے بعد کون سی علامت استعمال ہوتی ہے۔
(ا) ۔ (ب) ✓ ؟ (ج) ، (د) !

-7 سوالیہ کی علامت کے لیے کون سا ممکنہ جواب درست ہے۔
(ا) جملے کا خاتمہ (ب) حیرت کا اظہار (ج) ✓ سوال پوچھنا (د) مختصر ٹھہراؤ

-8 سوالیہ کی تعریف ہے۔
(ا) جملے کا خاتمہ (ب) حیرت کا اظہار (ج) ✓ سوال پوچھنا (د) مختصر ٹھہراؤ

-9 جب کسی سے کچھ دریافت کرنا ہو تو علامت استعمال کی جاتی ہے۔
(ا) ختمہ کی (ب) ندائیہ کی (ج) ✓ سوالیہ کی (د) فجائیہ کی

-10 آپ کہاں جانا پسند کریں گے جملے کے بعد علامت استعمال ہوگی۔

(ا)✓ ؟ (ب) : (ج) - (د) ،

11- سوالیہ کی علامت استعمال ہوتی ہے۔
(ا) عارضی ٹھہراؤ کے لیے (ب)✓ استفہام کے لیے
(ج) مکمل ٹھہراؤ کے لیے (د) غصے کے اظہار کے لیے

12- آپ کہاں چلے ---------- اس کے بعد کون سی علامت آئے گی؟
(ا) - (ب)✓؟ (ج) : (د) :-

13- آپ کب تشریف لائیں گے ----------
(ا) ! (ب) ، (ج)✓؟ (د) -

14- آپ کا نام کیا ہے۔ اس جملے کے آخر پر کون سی علامت لگے گی؟
(ا) - (ب)✓؟ (ج) ! (د) =

15- استفہامیہ ---------- ہے۔
(ا) پکارنے کی علامت (ب) حیرت کی علامت
(ج)✓ سوالیہ کی علامت (د) جملہ معترضہ کی علامت

فجائیہ/ندائیہ (Sign of Exclamation)

☆ ہر سوال کے نیچے دیے گئے چار ممکنہ جوابات میں سے ایک درست جواب پر (✓) کا نشان لگایئے۔

1- عزیز طلباء کے بعد علامت استعمال ہوگی۔
(ا) : (ب)✓! (ج) ؛ (د) ،،

2- "!" کس کی علامت ہے؟
(ا) سوالیہ (ب)✓ ندائیہ (ج) سکتہ (د) ختمہ

3- جس جملے میں حیرت کا اظہار کیا گیا ہو اس جملے کے آخر میں کون سی علامت آئے گی؟
(ا)✓ استعجابیہ (ب) رابطہ (ج) سکتہ (د) واوین

4- ندائیہ کی تعریف ہے۔
(ا) جذبات کا اظہار (ب) فقرے کی تکمیل (ج)✓ کسی کو پکارنا (د) مختصر ٹھہراؤ

5- (!) علامت ہے:
(ا)✓ ندائیہ (ب) رابطہ (ج) وقفہ (د) سکتہ

6- ندائیہ کی علامت استعمال ہوتی ہے۔
(ا) بھرپور ٹھہراؤ کے لیے
(ج) کم ٹھہراؤ کے لیے (ب) جملہ معترضہ کے لیے
(د)✓ پکارنے کے لیے

7- کسی جذبے کے اظہار کے لیے علامت استعمال ہوتی ہے۔
(ا) قوسین (ب) رابطہ (ج)✓ فجائیہ (د) سکتہ

8- کسی کو پکارنے کے لیے یا مخاطب کرنے پر کون سی علامت استعمال ہوتی ہے؟
(ا) واوین (ب)✓ ندائیہ (ج) رابطہ (د) ختمہ

9- ندائیہ کی علامت کس کو ظاہر کرتی ہے؟
(ا) غم یا خوشی کو (ب)✓ الفاظ تخاطب کو (ج) حیرت کو (د) تفصیل کو

10- اگر کسی کو پکارنا یا بلانا یا مخاطب کرنا مقصود ہو تو کون سی علامت آتی ہے؟

(ا) سوالیہ (ب) رابطہ (ج) ✓ ندائیہ (د) تفصیلیہ

-11 یااللہ--------میری مدد فرما (یااللہ کے بعد کون سی علامت استعمال ہوگی؟
(ا) : (ب) ✓! (ج) ؛ (د) ،

-12 فجائیہ کی علامت ہے۔
(ا) = (ب) ؟ (ج) () (د) ✓ !

-13 حیرت اور خوشی کے اظہار کے لیے کون سی علامت استعمال ہوتی ہے؟
(ا) ✓ فجائیہ (ب) رابطہ (ج) سکتہ (د) قوسین

-14 السلام علیکم--------
(ا) ، (ب) ✓! ، (ج) ؛ (د) -

-15 افوہ--------کتنی گرمی ہے۔
(ا) : (ب) ✓! (ج) :- (د) ؟

-16 (!) علامت کہلاتی ہے۔
(ا) قوسین (ب) رابطہ (ج) سکتہ (د) ✓ ندائیہ

-17 فجائیہ کی علامت استعمال ہوتی ہے۔
(ا) پوچھنے کے لیے (ب) ✓ جذبات کے اظہار کے لیے
(ج) تفصیل دینے کے لیے (د) کسی دانا کے قول کے لیے

-18 واہ--------کیا اچھا موسم ہے۔خالی جگہ پر کیجیے۔
(ا) ! (ب) ✓، (ج) ؛ (د) -

-19 ندائیہ کی علامت ہے۔
(ا) : (ب) ،، (ج) ✓ ! (د) ؛

واوین (Inverted Commas)

☆ ہر سوال کے نیچے دیے گئے چار ممکنہ جوابات میں سے ایک درست جواب پر (✓) کا نشان لگائیے۔

-1 کسی قول یا اقتباس کو ہو بہو تحریر کرنا ہو تو علامت آئے گی۔
(ا) ندائیہ (ب) ختمہ (ج) ✓ واوین (د) رابطہ

-2 کسی شخص کے قول کے دونوں طرف علامت استعمال ہوتی ہے۔
(ا) سکتہ (ب) ندائیہ (ج) قوسین (د) ✓ واوین

-3 کسی کا قول اسی کے الفاظ میں نقل کرنا ہو تو قول کی ابتداء اور اختتام پر علامت لگتی ہے۔
(ا) وقفہ کی (ب) سوالیہ کی (ج) رابطہ کی (د) ✓ واوین کی

-4 ---------فنون---------بند ہو گیا ہے۔
(ا) ( ) (ب) ✓ ،، (ج) ، (د) -

-5 واوین کی تعریف ہے۔
(ا) قول نقل کرنا (ب) وضاحت کرنا (ج) ✓ جملہ معترضہ کی ادائیگی (د) مختصر ٹھہراؤ

-6 واوین کی علامت کی نشان دہی کیجیے۔
(ا) ( ) (ب) -- (ج) ✓ ،، (د) :-

-7 واوین کی علامت استعمال کرتے ہیں۔
(ا) حیرت کے اظہار میں (ب) پکارنے کے لیے
(ج) ✓ قول بیان کرتے وقت (د) سوال پوچھتے ہوئے

-8 کسی کی کہی ہوئی بات کو---------کے اندر لکھتے ہیں۔

(ا) قوسین (ب) ✓واوین (ج) ختمہ (د) خط

9- کسی کے قول کے دونوں طرف کون سی علامت استعمال ہوتی ہے؟
(ا) ✓ واوین (ب) تفصیلیہ (ج) قوسین (د) خط

10- حضرت علی رضی اللہ عنہ نے فرمایا علم حاصل کرو۔ فرمان کے دونوں طرف کون سی علامت آئے گی؟
(ا) ؟ (ب) ! (ج) ✓ " " (د) ؛

11- " " یہ علامت ہے۔
(ا) قوسین (ب) واوین (ج) ✓ خط (د) فجائیہ

12- کسی کا قول لکھا جاتا ہے۔
(ا) قوسین میں (ب) ✓واوین میں (ج) ندائیہ میں (د) فجائیہ میں

13- قائداعظم نے فرمایا۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔کام، کام اور کام۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔
(ا) ! (ب) ✓" " (ج) ؟ (د) ،

قوسین (Brackets)

☆ ہر سوال کے نیچے دیے گئے چار ممکنہ جوابات میں سے ایک درست جواب پر (✓) کا نشان لگایئے۔

1- ( ) یہ علامت ہے۔
(ا) واوین (ب) ✓ قوسین (ج) فجائیہ (د) تفصیلیہ

2- جملہ معترضہ میں علامت استعمال ہوتی ہے۔
(ا) واوین (ب) رابطہ (ج) ✓ قوسین (د) سوالیہ

3- جملہ معترضہ کو۔۔۔۔۔۔۔۔۔لکھا جاتا ہے۔
(ا) واوین میں (ب) ✓ قوسین میں (ج) تفصیلیہ کے بعد (د) سوالیہ کے بعد

4- جملہ معترضہ کے لیے علامت آئے گی۔
(ا) " " (ب) : (ج) ✓ ( ) (د) !

5- ڈاکٹر رفیق۔۔۔۔۔۔۔۔۔جو ہمارے پڑوسی تھے۔۔۔۔۔۔۔۔۔انتقال فرما گئے ہیں۔ (علامت استعمال ہوگی)
(ا) تفصیلیہ (ب) ✓ قوسین (ج) وقفہ (د) رابطہ

6- جملہ معترضہ کے آغاز اور اختتام پر لگاتے ہیں۔
(ا) وقفہ (ب) واوین (ج) رابطہ (د) ✓ قوسین

7- قوسین کا استعمال کیا جاتا ہے۔
(ا) ✓ جملہ معترضہ کے لیے
(ب) سوال پوچھنے کے لیے
(ج) جملے کے خاتمے کے لیے
(د) مختصر ٹھہراؤ کے لیے

8- قوسین کا دوسرا نام ہے۔
(ا) یاسین (ب) تحسین (ج) آفرین (د) ✓ خطوط وحدانی

9- جملہ معترضہ کے دونوں جانب کون سی علامت ہوتی ہے؟
(ا) " " (ب) / (ج) ! (د) ✓ ( )

10- "قوسین" کی علامت ہے۔
(ا) " " (ب) - (ج) ( ) ✓ (د) !

خط (Dash)

☆ ہر سوال کے نیچے دیے گئے چار ممکنہ جوابات میں سے ایک درست جواب پر (✓) کا نشان لگائیے۔

1- خط کہتے ہیں۔
(ا) وقف مطلق کو (ب) سوالیہ کو (ج) وقف خفیف کو (د) ✓ لکیر کو

2- خط کی علامت ہے۔
(ا) - (ب) ✓ ------- (ج) ( ) (د) " "

3- (------) یہ علامت کس کی ہے؟
(ا) ختمہ (ب) قوسین (ج) فجائیہ (د) ✓ خط

4- درست علامت خط کی نشان دہی کیجیے۔
(ا) { } (ب) ( ) (ج) ✓ -- (د) :

5- اس علامت '---------' کو کیا کہتے ہیں۔
(ا) وقفہ (ب) رابطہ (ج) تفصیلیہ (د) ✓ خط

علمِ بیان

1۔ تشبیہ

☆ ہر سوال کے نیچے دیے گئے چار ممکنہ جوابات میں سے ایک درست جواب پر (✓) کا نشان لگائیے۔

1- ''اڈی آتی ہیں آج یوں آنکھیں = جیسے دریا کہیں مچلتے ہیں'' اس میں مشبہ ہے:

(ا) اڈنا (ب) ✓ آنکھیں (ج) دریا (د) مچلنا

2- بال ریشم کی طرح ملائم ہیں، میں ''بال'' ہے:

(ا) وجہ شبہ (ب) مشبہ بہ (ج) ✓ مشبہ (د) حروف تشبیہ

3- مثل، جیسا اور مانند کہلاتے ہیں:

(ا) سادہ حروف (ب) حروف تاکید (ج) ✓ حروف تشبیہ (د) حروف جار

4- موتی جیسے ''دانت'' ہے:

(ا) ✓ تشبیہ (ب) استعارہ (ج) تلمیح (د) مجاز مرسل

5- طرح، مانند اور مثل جیسے الفاظ:

(ا) استعارہ (ب) کنایہ (ج) ✓ حرف تشبیہ (د) مشبہ

6- وہ چیز جس سے تشبیہ دی جائے وہ رکن ہے:

(ا) غرض تشبیہ (ب) مشبہ (ج) ✓ مشبہ بہ (د) وجہ شبہ

7- درج ذیل میں سے --------''تشبیہ'' کی مثال ہے:

(ا) میرا چاند (ب) میرا لعل (ج) میرا شیر (د) ✓ شیر کی طرح بہادر

8- ''ہستی اپنی حباب کی سی ہے--------یہ نمائش سراب کی سی ہے''۔

اس شعر میں ''ہستی'' ----------ہے:

(ا) ✓ مشبہ (ب) مشبہ بہ (ج) وجہ تشبیہ (د) حرف تشبیہ

9- ''میرا بیٹا چاند کی طرح خوبصورت ہے'' اس جملے میں حرف تشبیہ----------ہے:

(ا) بیٹا (ب) میرا (ج) ✓ طرح (د) خوبصورت

10- بلی کے بال ریشم کی طرح نرم ہیں۔ اس مثال میں وجہ تشبیہ ہے:

(ا) ریشم (ب) بال (ج) ✓ نرمی (د) بلی

11- جس مقصد کے لیے تشبیہ دی جائے اسے--------کہتے ہیں:

(ا) وجہ تشبیہ (ب) حروف تشبیہ (ج) ✓ غرض تشبیہ (د) طرفین تشبیہ

12- درج ذیل میں تشبیہ ہے:

(ا) رستم و سہراب (ب) میرا شیر آیا (ج) ✓ پھول کی مانند (د) کوئی بھی نہیں

13- تشبیہ دینے کے لیے استعمال ہونے والے حروف کہلاتے ہیں:

(ا) غرضِ تشبیہ (ب) حروفِ شرط (ج) ✓ حروفِ تشبیہ (د) حروفِ تردید

14- پھول ہیں صحرا میں یا پریاں قطار اندر قطار

اودے اودے، نیلے نیلے، پیلے پیلے پیرہن

اس شعر میں "یا" کیا ہے؟

(ا) مشبہ (ب) مشبہ بہ (ج) وجہ شبہ (د) ✓ حرفِ تشبیہ

15- "بزمِ عدو میں صورتِ پروانہ دل میرا" مشبہ کی نشان دہی کیجیے:

(ا) ✓ دل (ب) بزم (ج) پروانہ (د) صورت

16- تشبیہ کی نشان دہی کیجیے۔

(ا) ابنِ مریم (ب) آبِ حیات (ج) ✓ سرو جیسا قد (د) آتشِ غرور

17- جس مقصد کے لیے تشبیہ دی جائے اُسے کہتے ہیں۔

(ا) وجہ جامع (ب) ✓ غرضِ تشبیہ (ج) مشبہ بہ (د) حرفِ تشبیہ

18- مشترک خوبی کی بنیاد پر کسی چیز کو ہو بہو دوسری چیز قرار دینا، کہلاتا ہے۔

(ا) ✓ تشبیہ (ب) استعارہ (ج) کنایہ (د) تلمیح

19- کسی شخص کی بہادری یا خوبصورتی کو بیان کرنا، کہلاتا ہے۔

(ا) ✓ مشبہ (ب) مشبہ بہ (ج) حرفِ تشبیہ (د) غرضِ تشبیہ

20- "نجمہ پھول کی طرح ہے" کیا ہے۔

(ا) استعارہ (ب) ✓ تشبیہ (ج) تلمیح (د) مجازِ مرسل

21- اکرم شیر کی طرح بہادر ہے۔

(ا) استعارہ ہے (ب) ✓ تشبیہ ہے (ج) تلمیح ہے (د) وجہ شبہ ہے

22- اس شعر میں علمِ بیان کی کون سی صنعت استعمال ہوئی ہے؟

بے روئے مثلِ ابر نہ نکلا غبار دل

کہتے تھے ان کو برقِ تبسم ہنسی سے ہم

(ا) ✓ تشبیہ (ب) استعارہ (ج) کنایہ (د) مجازِ مرسل

23- بلی کی کھال ریشم کی طرح ملائم ہے۔ اس میں "ملائم" ہے۔

(ا) مشبہ (ب) مشبہ بہ (ج) ✓ وجہ تشبیہ (د) حرفِ تشبیہ

24- بچہ پھول جیسا ہے۔ اس جملے میں "بچہ" کیا ہے۔

(ا) وجہ تشبیہ (ب) مشبہ بہ (ج) حرفِ تشبیہ (د) ✓ مشبہ

25- تشبیہ ہے۔

(ا) میرا بیٹا آ گیا (ب) میرا شیر آ گیا (ج) ✓ میرا چاند جیسا بیٹا آ گیا (د) میرا دولہا آ گیا

استعارہ

☆ ہر سوال کے نیچے دیے گئے چار ممکنہ جوابات میں سے ایک درست جواب پر (✓) کا نشان لگائیے۔

-1 ''جانے نہ جانے گل ہی نہ جانے باغ تو سارا جانے ہے'':

اس میں مستعار لہ ہے:

(ا) باغ (ب) جانے نہ جانے (ج) گل (د) ✓ محبوب

-2 میرا چاند ابھی سکول سے نہیں آیا۔ یہ مثال ہے:

(ا) تشبیہ کی (ب) تلمیح کی (ج) مطلع کی (د) ✓ استعارہ کی

-3 استعارہ سے مراد ہے:

(ا) لفظ کو حقیقی معنوں میں استعمال کرنا (ب) ✓ لفظ کو مجازی معنوں میں استعمال کرنا

(ج) لفظ کو مترادف کے طور پر استعمال کرنا (د) لفظ کو متضاد معنوں دمیں استعمال کرنا

-4 ''وہ میرا چاند ہے'' اس میں کون سی اصطلاح استعمال ہوئی ہے:

(ا) تلمیح کا (ب) تشبیہ کا (ج) ✓ استعارہ کا (د) کوئی نہیں

-5 ہائے یہ درد کی شب اور یہ پیہم آنسو

گویا اک تاروں کی بارات چلی جاتی ہے

یہ شعر ہے:

(ا) تلمیح کا (ب) تشبیہ کا (ج) ✓ استعارہ کا (د) کوئی نہیں

-6 کیا مرے حال پہ سچ مچ اسے غم تھا قاصد

تو نے دیکھا تھا ستارہ سر مژگاں کوئی

یہ شعر ہے:

(ا) تلمیح کا (ب) ✓ استعارہ کا (ج) تشبیہ کا (د) ردیف کا

-7 وجہ جامع ہے:

(ا) ✓ استعارہ میں (ب) قافیہ میں (ج) تشبیہ میں (د) تلمیح میں

-8 لفظ کے حقیقی اور مجازی معنوں میں تشبیہ کا تعلق کہلاتا ہے:

(ا) حرف تشبیہ (ب) ✓ استعارہ (ج) تشبیہ (د) مطلع

-9 درج ذیل میں استعارہ ہے:

(ا) آتشِ نمرود (ب) ✓ میرا شیر آیا (ج) صورتِ خورشید (د) آبِ حیات

-10 ------رکن ''استعارہ'' کا ہے:

(ا) مشبہ (ب) مشبہ بہ (ج) وجہ تشبیہ (د) ✓ مستعار لہ

11- ''آمد ہے، کربلا کے نیستاں میں، شیر کی'' یہ مصرع --------کا ہے:
(ا) تلمیح (ب) تشبیہ (ج) ✓استعارہ (د) ان میں سے کوئی نہیں

12- استعارہ ہے:
(ا) ✓مرے خورشید کبھی تو بھی اٹھا اپنی نقاب (ب) حسنِ یوسف
(ج) چاند سا چہرہ (د) غارِ حرا

13- ''کس شیر کی آمد ہے کہ رن کانپ رہا ہے۔'' اس میں مستعار لہ ہے:
(ا) شیر (ب) رن (ج) ✓بہادر شخص (د) محبوب

14- مستعار منہ سے مراد ہے:
(ا) جس کے لیے کوئی لفظ مستعار لیا جائے (ب) ✓جس سے کوئی لفظ مستعار لیا جائے
(ج) وجہ جامع (د) طرفینِ استعارہ

15- مستعار لہ اور مستعار منہ کہلاتے ہیں:
(ا) وجہ جامع (ب) طرفینِ تشبیہ (ج) ✓طرفین استعارہ (د) وجہ تشبیہ

16- کس شیر کی آمد ہے کہ رن کانپ رہا ہے اس مصرعے میں شیر ہے:
(ا) مستعار لہ (ب) ✓مستعار منہ (ج) وجہ جامع (د) وجہ شبہ

17- طرفینِ استعارہ کون سے ہیں:
(ا) مستعار لہ (ب) مستعار منہ (ج) وجہ جامع (د) ✓مستعار لہ اور مستعار منہ

18- ''وہ دیکھو! رستم آ رہا ہے۔'' اس جملے میں رستم کیا ہے:
(ا) مستعار لہ (ب) ✓مستعار منہ (ج) وجہ جامع (د) مشبہ

19- ''میرا چاند آیا'' ہے:
(ا) تشبیہ (ب) تلمیح (ج) ✓استعارہ (د) مشبہ

20- استعارہ کے حقیقی اور مجازی معنوں میں کون سا تعلق پایا جاتا ہے؟
(ا) مشبہ کا (ب) ✓تشبیہ کا (ج) تلمیح کا (د) مستعار نہ

21- ''خدا تربتِ ناداں دراز سن تو کرے'' مصرع مثال ہے۔
(ا) مستعار لہ (ب) مستعار منہ (ج) ✓استعارہ (د) مجاز مرسل

22- استعارہ کی نشان دہی کیجیے۔
(ا) پانی برف کی طرح ٹھنڈا ہے (ب) ✓اسلم شیر ہے
(ج) نارِ نمرود (د) طوفان نوح

23- جس کے لیے لفظ مستعار لیا جائے، کہلاتا ہے۔
(ا) وجہ جامع (ب) مستعار منہ (ج) ✓مستعار لہ (د) مستعار

24- طرفین استعارہ کتنے ہیں۔
(ا) ✓دو (ب) ایک (ج) تین (د) چار

25- استعارہ ہے۔
(ا) بچہ شیر کی طرح بہادر ہے (ب) آتشِ نمرود
(ج) ✓میرا رستم آیا (د) طوفانی بارش

تلمیح

☆ ہر سوال کے نیچے دیے گئے چار ممکنہ جوابات میں سے ایک درست جواب پر (✓) کا نشان لگایئے۔

1- ''آرہی ہے چاہِ یوسف سے صدا ☆ دوست یاں تھوڑے ہیں اور بھائی بہت'' اِس شعر میں تلمیح ہے:
(ا) دوست (ب) بھائی (ج) ✓چاہِ یوسف (د) صدا

2- ''قاروں نے راستے میں لٹایا خزانہ کیا'' اس مصرع میں ہے:
(ا) تشبیہ (ب) استعارہ (ج) ✓تلمیح (د) مقطع

3- ابن مریم ہوا کرے کوئی میرے دکھ کی دوا کرے کوئی
اس شعر میں صنعت ہے:
(ا) استعارہ (ب) مشبہ (ج) تشبیہ (د) ✓تلمیح

4- درج ذیل میں تلمیح کی نشان دہی کریں:
(ا) ابنِ آدم (ب) ابنِ الوقت (ج) ✓ابنِ مریم (د) ابنِ خلدون

5- تلمیح کی نشان دہی کیجیے:
(ا) خار و گل (ب) چاند جیسا چہرہ (ج) ✓چاہِ یوسف (د) دیدۂ تر

6- ''اک بات ہے اعجازِ مسیحا میرے آگے'' تلمیح کی نشان دہی کیجیے:
(ا) اک بات (ب) میرے آگے (ج) اعجاز (د) ✓اعجازِ مسیحا

7- ''گنجِ قاروں'' کیا ہے:
(ا) ✓تلمیح (ب) تشبیہ (ج) استعارہ (د) حرف تشبیہ

8- ''سوئے دار'' کیا ہے۔
(ا) استعارہ (ب) ردیف (ج) قافیہ (د) ✓تلمیح

9- تلمیح استعمال ہوتی ہے۔
(ا) نثر میں (ب) غزل میں (ج) نظم میں (د) ✓نظم و نثر میں

10- تلمیح ہے۔
(ا) موتیوں جیسے دانت (ب) برف کی طرح ٹھنڈا پانی
(ج) ✓آبِ حیات (د) شیر جیسا

11- "تلمیح" ہے:
(ا) گلِ مراد (ب) موتیوں جیسے دانت (ج) چاند چہرہ (د) ✓ آبِ حیات

12- "آتشِ نمرود" مثال ہے۔
(ا) تشبیہ کی (ب) استعارہ کی (ج) ✓ تلمیح کی (د) کنایہ کی

13- "اے ذوق کسی ہمدمِ دیرینہ کا ملنا بہت ہے ملاقات مسیحا و خضر سے۔ مسیحا و خضر ہے۔
(ا) تشبیہ (ب) استعارہ (ج) ✓ تلمیح (د) کنایہ

14- تلمیح ہے۔
(ا) شیر جیسی دھاڑ (ب) ✓ یدِ بیضا (ج) سروقد (د) موتیوں جیسے دانت

15- تلمیح ہے:
(ا) ✓ واقعۂ معراج (ب) اُدھار لینا (ج) برقرار رکھنا (د) مانند

16- "بے خطر کود پڑا آتشِ نمرود میں عشق" اس مصرع میں کیا ہے؟
(ا) تشبیہ (ب) ✓ تلمیح (ج) تخلص (د) مقطع

17- تلمیح کی مثال کون سی ہے؟
(ا) بلال شیر ہے (ب) بلال شیر کی طرح بہادر ہے
(ج) بلال شاعر ہے (د) ✓ روحِ بلالی نہ رہی

18- "سماں الفقر فخری کا رہا شانِ امارت میں" شعری خوبی بتائیں:
(ا) تشبیہ (ب) استعارہ (ج) ✓ تلمیح (د) مجاز مرسل

19- تلمیح کی نشان دہی کریں۔
(ا) ✓ آبِ حیات (ب) موتیوں جیسے دانت (ج) میرا چاند (د) پھول اور کانٹے

20- تلمیح کی نشان دہی کریں۔
(ا) چاند چہرہ (ب) ✓ ابنِ مریم (ج) کوہِ پیما (د) چاند کی طرح

21- "جامِ جم سے مرا جامِ سفال اچھا ہے" اس میں ہے:
(ا) استعارہ (ب) تشبیہ (ج) ✓ تلمیح (د) ارکانِ تشبیہ

22- "ابنِ مریم ہوا کرے کوئی" اس مصرع میں "ابنِ مریم" کیا ہے؟
(ا) استعارہ (ب) ✓ تلمیح (ج) تشبیہ (د) کنایہ

23- "تختِ سلیمان" ہے:
(ا) استعارہ (ب) ردیف (ج) قافیہ (د) ✓ تلمیح

24- ان میں سے کون سی تلمیح ہے؟
(ا) ✓ سماں الفقر فخری کا رہا (ب) چاند سا چہرہ
(ج) واہ رے شیر (د) صنم آخر خدا نہیں ہوتا

25- تلمیح ـــــــــــ زبان کا لفظ ہے۔
(ا) اُردو (ب) ✓عربی (ج) ہندی (د) فارسی

قافیہ

☆ ہر سوال کے نیچے دیے گئے چار ممکنہ جوابات میں سے ایک درست جواب پر (✓) کا نشان لگائیے۔

1- "یہ آرزو تھی تجھے گل کے روبرو کرتے ☆ ہم اور بلبل بے تاب گفتگو کرتے"
اس میں قافیہ ہے:
(ا) آرزو (ب) گل بلبل (ج) ✓روبرو، گفتگو (د) کرتے

2- قافیہ ـــــــــــ آتا ہے:
(ا) ردیف کے بعد (ب) ✓ردیف سے پہلے (ج) کسی جگہ بھی (د) مطلع کے بعد

3- قافیہ ـــــــــــ کو کہتے ہیں:
(ا) شعر کے آخری حصے (ب) ✓ہم آواز الفاظ
(ج) بار بار استعمال ہونے والے الفاظ (د) شعر کے ابتدائی حصے

4- غزل کس چیز کے بغیر نہیں ہو سکتی: نشان دہی کیجیے:
(ا) مطلع (ب) مقطع (ج) ردیف (د) ✓قافیہ

5- قافیہ ہمیشہ آتا ہے:
(ا) ردیف کے بعد (ب) مصرع کے شروع میں
(ج) ✓ردیف سے پہلے (د) شعر کے درمیان

6- قافیہ کا لفظی معنی ہے:
(ا) آگے چلنے والا (ب) راستہ دکھانے والا (ج) ✓پیچھے پیچھے آنے والا (د) سمجھانے والا

7- رسم جفا کامیاب، دیکھیے کب تک رہے
حُبِ وطن مست خواب، دیکھیے کب تک رہے
اس شعر میں قوافی ہیں:
(ا) رسم جفا (ب) ✓کامیاب، خواب (ج) کب تک رہے (د) دیکھیے کب تک رہے

8- لایا، پایا، گایا، شعری اصطلاح کی رو سے ہے:
(ا) ردیف (ب) مطلع (ج) مقطع (د) ✓قافیہ

9- غزل میں قافیہ آ سکتا ہے:
(ا) ✓ردیف کے بغیر (ب) مطلع کے بغیر (ج) مقطع کے علاوہ (د) ان میں سے کوئی نہیں

10- اگر کسی غزل کے پہلے شعر کے دونوں مصرعے ہم قافیہ نہ ہوں تو وہ کہلائے گا۔
(ا) قطع (ب) غزل کا آخری شعر (ج) مقطع (د) ✓غزل کا پہلا شعر

11- اس شعر میں قافیہ کی نشان دہی کیجیے۔

"ہستی اپنی حباب کی سی ہے
یہ نمائش سراب کی سی ہے"

(ا) ہستی اپنی (ب) یہ نمائش (ج) ✓ حباب، سراب (د) کی سی ہے

12- اس شعر میں قافیہ ہے۔

دوست بن کر بھی نہیں ساتھ نبھانے والا
وہی انداز ہے ظالم کا زمانے والا

(ا) دوست (ب) ظالم (ج) ✓ نبھانے، زمانے (د) انداز

13- اس شعر میں "ثار" اور "نگار" ہیں۔

ہیرے خجل تھے، گوہر یکتا ثار تھے
پتے بھی ہر شجر کے جواہر نگار تھے

(ا) مطلع (ب) مقطع (ج) ردیف (د) ✓ قافیہ

14- کون سے الفاظ کا گروپ قافیہ ہیں؟

(ا) صحرا، جنگل (ب) ✓ رہتا، بہتا (ج) زرد، سرخ (د) ثابت، سیارہ

15- غزل اور قصیدہ میں ---------:

(ا) قافیہ ضروری نہیں (ب) ✓ قافیہ ضروری ہے
(ج) قافیہ کا استعمال شاعر کی مرضی ہے (د) قافیہ صرف ایک بار آتا ہے

16- کہاں، مہرباں، درمیاں، شعری اصطلاح کی رو سے کیا ہیں؟

(ا) ردیف (ب) مطلع (ج) مقطع (د) ✓ قافیہ

17- اس شعر میں قافیوں کی نشان دہی کیجیے۔

ابنِ مریم ہوا کرے کوئی
میرے دکھ کی دوا کرے کوئی

(ا) ابن مریم (ب) ✓ ہوا، دوا (ج) دکھ (د) کوئی

18- مطلع کے دونوں مصرعوں اور باقی اشعار کے دوسرے مصرعے میں ردیف سے پہلے آتا ہے۔

(ا) ✓ قافیہ (ب) کنایہ (ج) مقطع (د) استعارہ

19- قافیہ کن الفاظ کو کہتے ہیں؟

(ا) ✓ ہم آواز (ب) تکرار سے آنے والے (ج) دِل کش الفاظ (د) مترنم الفاظ

20- قافیہ کے الفاظ ہوتے ہیں۔

(ا) ہم معنی (ب) بے معنی (ج) ✓ ہم وزن (د) مختلف وزن کے

21- ردیف سے پہلے آتا ہے۔
(ا) ✓ قافیہ (ب) مطلع (ج) مقطع (د) تخلص

22- ''اثر اس کو ذرا نہیں ہوتا رنج راحت فزا نہیں ہوتا'' میں قافیہ ہے
(ا) ✓ ذرا، فزا (ب) نہیں ہوتا (ج) نہیں (د) ذرا نہیں ہوتا

23- غزل اور قصیدے میں کس کا ہونا ضروری ہے؟
(ا) تخلص (ب) مطلع (ج) مقطع (د) ✓ قافیہ

24- قافیہ آتا ہے۔
(ا) ردیف کے بعد (ب) تشبیب کے بعد (ج) ✓ ردیف سے پہلے (د) مصرع کے شروع میں

25- قافیہ مشتق ہے لفظ
(ا) ✓ وقف سے (ب) قفی سے (ج) قوفہ سے (د) قفا سے

ردیف

☆ ہر سوال کے نیچے دیے گئے چار ممکنہ جوابات میں سے ایک درست جواب پر (✓) کا نشان لگایئے۔

1- غزل کے اشعار کے آخر میں آنے والے ہم شکل الفاظ کہلاتے ہیں:
(ا) قافیہ (ب) ✓ ردیف (ج) مطلع (د) مقطع

2- ''گل کو ہوتا صبا! قرار اے کاش رہتی اک آدھ دن، بہار اے کاش'' ☆ اس شعر میں ردیف ہے۔
(ا) گل (ب) صبا (ج) قرار، پہاڑ (د) ✓ اے کاش

3- شعر میں ردیف آتی ہے:
(ا) شروع میں (ب) درمیان میں (ج) ✓ آخر میں (د) آخر سے پہلے

4- ردیف پوری غزل میں آتی ہے:
(ا) دو بار (ب) تین بار (ج) چار بار (د) ✓ بار بار

5- ردیف کے معنی ہوتے ہیں:
(ا) ✓ مستقل (ب) غیر مستقل (ج) تبدیل (د) ترمیم

6- قافیہ کے فوراً بعد آخر میں آتا ہے:
(ا) مطلع (ب) مقطع (ج) ✓ ردیف (د) قافیہ

7- ''دین پر ہیں ان کے گماں کیسے کیسے ☆ کلام آتے ہیں درمیاں کیسے کیسے''
ردیف کیا ہے:
(ا) گماں (ب) درمیاں (ج) کلام (د) ✓ کیسے کیسے

8- اس شعر میں ''ردیف'' کی فہرست ہے:
''ہستی اپنی حباب کی سی ہے یہ نمائش سراب کی سی ہے''

(ا) ہستی، حباب (ب) نمائش، سراب (ج) حباب، سراب (د) ✓ کی سی ہے

9- بغیر ردیف والی غزل ---------- غزل کہلاتی ہے:
(ا) مردف (ب) سادہ (ج) سہل ممتنع (د) ✓ غیر مردف

10- غیر مردف غزل ہوتی ہے۔
(ا) جس میں قافیہ نہ ہو (ب) ✓ جس میں ردیف نہ ہو (ج) جس میں مقطع نہ ہو (د) جس میں مطلع نہ ہو

11- اس شعر میں ردیف ہے۔
"کچھ یادگارِ شہر ستم گر ہی لے چلیں
آئے ہیں اس گلی میں تو پتھر ہی لے چلیں"
(ا) ستم گر (ب) پتھر (ج) گلی (د) ✓ ہی لے چلیں

12- اس شعر میں ردیف ہے۔
"کوئی اُمید بر نہیں آتی
کوئی صورت نظر نہیں آتی"
(ا) کوئی (ب) اُمید بر (ج) ✓ نہیں آتی (د) ردیف استعمال نہیں ہوئی

13- ردیف ہمیشہ آتی ہے۔
(ا) بے آواز (ب) بلا آواز (ج) ✓ بہ تکرار (د) بلا تکرار

14- اس شعر میں ردیف کی نشان دہی کیجیے۔
پھرے راہ سے وہ یہاں آتے آتے
اجل مر رہی تو کہاں آتے آتے
(ا) پھرے (ب) اجل (ج) ✓ آتے آتے (د) یہاں، کہاں

15- ردیف کی نشان دہی کیجیے۔
عدم کے کوچ کی لازم ہے فکر ہستی میں
نہ کوئی شہر نہ کوئی دیار راہ میں ہے
(ا) ✓ راہ میں ہے (ب) ہستی میں (ج) کوئی شہر (د) فکر

16- ایک سے زیادہ الفاظ جو قافیے کے بعد بار بار آئیں کہلاتے ہیں۔
(ا) ✓ ردیف (ب) قافیہ (ج) مقطع (د) مطلع

17- "یہ آرزو تھی تجھے گل سے روبرو کرتے۔ اس مصرعے میں "کرتے" ہے۔
(ا) مطلع (ب) مقطع (ج) ✓ ردیف (د) آرزو

18- مصطفیٰ (ﷺ) جانِ رحمت پہ لاکھوں سلام ☆ شمعِ بزمِ ہدایت پہ لاکھوں سلام
اس شعر میں ردیف ہے۔
(ا) لاکھوں سلام (ب) رحمت، ہدایت (ج) بزمِ ہدایت (د) ✓ پہ لاکھوں سلام

19- خاطر سے یا لحاظ سے میں مان تو گیا۔۔۔۔۔۔۔۔جھوٹی قسم سے آپ کا ایمان تو گیا۔اس شعر میں تو گیا کیا ہیں؟
(ا) مترادف الفاظ (ب) قافیہ (ج) مقطع (د) ✓ردیف

20- ردیف اصطلاح ہے۔
(ا) سیاسی (ب) ✓شعری (ج) نثری (د) افسانوی

21- ایک سے زیادہ الفاظ پر بھی مشتمل ہوسکتا ہے:
(ا) ✓ردیف (ب) قافیہ (ج) مستعارلہٗ (د) الف، ب، ج

22- ''وہ نبیوں میں رحمت لقب پانے والا مرادیں غریبوں کی برلانے والا''
(ا) لانے (ب) ✓والا (ج) لقب (د) برلانے

23- ردیف آتی ہے پوری غزل میں:
(ا) ایک بار (ب) دو بار (ج) تین بار (د) ✓بار بار

24- وہ لفظ یا الفاظ جو کسی قصیدے، غزل یا غزل نما نظم میں من وعن دہرائے جائیں، کہلاتے ہیں۔
(ا) قافیہ (ب) ✓ردیف (ج) مطلع (د) مقطع

25- وہ الفاظ جو شعر کے آخر میں بار بار آئیں:
(ا) قافیہ (ب) ✓ردیف (ج) مقطع (د) لقب

مطلع

☆ ہر سوال کے نیچے دیے گئے چار ممکنہ جوابات میں سے ایک درست جواب پر (✓) کا نشان لگائیے۔

1- ''اثر اس کو ذرا نہیں ہوتا ☆ رنج راحت فزا نہیں ہوتا'' شعری اصطلاح میں کیا ہے۔
(ا) قافیہ (ب) مقطع (ج) ✓مطلع (د) ردیف

2- غزل یا قصیدے کا پہلا شعر جس کے دونوں مصرعے ہم قافیہ اور ہم ردیف ہوں کہلاتا ہے:
(ا) مقطع (ب) ✓مطلع (ج) قافیہ (د) ردیف

3- مطلع کی تعریف یہ ہے کہ شعر کے دونوں مصرعے:
(ا) ایک جیسے ہوں (ب) ایک دوسرے سے مختلف ہوں
(ج) قافیہ اور ردیف کے پابند نہ ہوں (د) ✓ہم قافیہ اور ہم ردیف ہوں

4- مطلع کے دونوں مصرعے لازماً ہوتے ہیں:
(ا) ہم ردیف (ب) مربوط (ج) ✓ہم قافیہ و ہم ردیف (د) ہم قافیہ

5- ''طلوع ہونے کا مقام'' لغوی معنی ہیں۔
(ا) ✓مطلع کا (ب) مقطع کا (ج) قافیہ کا (د) ردیف کا

6- مطلع کے لغوی معنی ہیں۔

(ا) ختم ہونے کی جگہ (ب) ✓ طلوع ہونے کی جگہ (ج) غروب ہونے کی جگہ (د) مکمل ہونے کی جگہ

7- "نہ جانا کہ دنیا سے جاتا ہے کوئی بہت دیر کی مہرباں آتے آتے"

اصطلاح میں یہ شعر کہلاتا ہے۔

(ا) مطلع (ب) مقطع (ج) تلمیح (د) ✓ عام شعر

8- "گل کو ہوتا صبا، قرار اے کاش! ☆ رہتی ایک آدھ دن بہار اے کاش"!

یہ شعر غزل میں کیا ہے؟

(ا) مقطع (ب) قافیہ (ج) ✓ مطلع (د) ردیف

9- مطلع غزل کا ہوتا ہے:

(ا) ✓ پہلا شعر (ب) دوسرا شعر (ج) آخری شعر (د) کوئی بھی شعر

10- حُسنِ مطلع آتا ہے۔

(ا) مطلع سے پہلے (ب) ✓ مطلع کے بعد (ج) درمیان میں (د) آخر میں

11- مطلع غزل میں آتا ہے۔

(ا) ✓ پہلے (ب) درمیان میں (ج) پانچ اشعار بعد (د) آخر میں

12- طلوع ہونے یا ابھرنے کی جگہ کو کہتے ہیں۔

(ا) قافیہ (ب) ردیف (ج) ✓ مطلع (د) مقطع

13- مطلع کے دونوں مصرعوں کا ہم قافیہ ہونا۔

(ا) ✓ ضروری ہے (ب) غیر ضروری ہے (ج) ممکن نہیں (د) غلط ہے

14- مطلع ــــــــــ کا پہلا شعر ہوتا ہے۔

(ا) مرثیے (ب) مثنوی (ج) ✓ غزل اور قصیدے (د) حمد

15- مطلع کے دونوں مصرعوں کا ہونا لازمی ہے۔

(ا) برابر (ب) ہم ردیف (ج) ✓ ہم قافیہ (د) موزوں

مقطع

☆ ہر سوال کے نیچے دیے گئے چار ممکنہ جوابات میں سے ایک درست جواب پر (✓) کا نشان لگائیے۔

1- مقطع کی نشان دہی کیجیے:

(ا) اب تو کچھ اور ہی اعجاز کھایا جائے (ب) ✓ ٹک میر جگرِ سوختہ کی جلد خبر لے

(ج) اچھا ہے اہلِ جور کیے جائیں سختیاں (د) یہ آرزو تھی تجھے گل کے روبرو کرتے

2- غزل کے آخری شعر میں تخلص ہو تو اسے نہیں کہا جائے گا:
(ا) مقطع (ب) ✓ آخری شعر (ج) بیت الغزل (د) بیت

3- مقطع کہا جاتا ہے:
(ا) ملنے کی جگہ کو (ب) کاٹنے والے کو
(ج) ہم آواز الفاظ کو (د) ✓ غزل کے آخری تخلص والے شعر کو

4- غزل کا آخری شعر کہلاتا ہے:
(ا) ✓ مقطع (ب) مطلع (ج) قافیہ (د) ردیف

5- غزل میں "مقطع" ---------- میں آسکتا ہے:
(ا) درمیان (ب) شروع (ج) ✓ آخر (د) کسی بھی جگہ

6- "شاعری روزازل سے ہوئی تخلیق، ندیم
شعر سے کم نہیں، انسان کا پیدا ہونا"
اصطلاح میں یہ شعر ------- کہلاتا ہے:
(ا) مطلع (ب) ✓ مقطع (ج) تلمیح (د) ردیف

7- مقطع میں شاعر اپنا -------- استعمال کرتا ہے۔
(ا) لقب (ب) ✓ تخلص (ج) عرف (د) کنیت

8- درج ذیل شعر غزل میں کیا ہے۔
نہیں ہے نا اُمید اقبال اپنی کشت ویراں سے
ذرا نم ہو تو یہ مٹی بڑی زرخیز ہے ساقی
(ا) مطلع (ب) ✓ مقطع (ج) قافیہ (د) ردیف

9- مقطع کس لفظ سے ماخوذ ہے؟
(ا) قطعہ (ب) قاطع (ج) مقطوع (د) ✓ قطع

10- "نہ پوچھ، عالم برگشتہ طالعی آتش ☆ برستی آگ جو باراں کی آرزو کرتے"
یہ شعر غزل میں کیا ہے۔
(ا) قافیہ (ب) تلمیح (ج) مطلع (د) ✓ مقطع

11- تھکیں جو پاؤں تو چل سر کے بل، نہ ٹھہر آتش
کُل مراد ہے منزل میں، خار راہ میں ہے
یہ شعر غزل میں کیا ہے؟
(ا) مطلع (ب) ✓ مقطع (ج) حسنِ مطلع (د) قافیہ

12- اصطلاح میں کون سا شعر غزل کا مقطع ہوتا ہے؟
(ا) پہلا (ب) ✓ آخری (ج) دوسرا (د) آخری سے پہلا

-13 غزل کے کس شعر میں تخلص ہو تو وہ مقطع کہلاتا ہے؟

(ا) پہلے (ب) دوسرے (ج) درمیانے (د) ✓ آخری

-14 کیوں سنے عرض مضطرب مومنؔ ☆ صنم آخر خدا نہیں ہوتا

یہ شعر ہے:

(ا) ✓ مقطع (ب) مطلع (ج) ردیف (د) قافیہ

-15 مقطع کہتے ہیں۔

(ا) غزل کے پہلے شعر کو (ب) غزل کے دوسرے شعر کو

(ج) غزل کے ہر شعر کو (د) ✓ غزل کے آخری شعر کو

تذکیر و تانیث

☆ ہر سوال کے نیچے دیے گئے چار ممکنہ جوابات میں سے ایک درست جواب پر (✓) کا نشان لگایئے۔

-1 کھیتوں کو دے لو پانی اب بہہ ---------- ہے گنگا:

(ا) رہوں (ب) ✓ رہی/رہا (ج) رہے (د) رہیں

-2 ہم نے گیہوں خرید ---------- ہے:

(ا) لی (ب) ✓ لیا (ج) لیے (د) لے

-3 اس نے اردو ----------:

(ا) ✓ پڑھی (ب) پڑی (ج) پڑھا (د) پڑھیں

-4 یہ دہی ----------:

(ا) کھٹی ہے (ب) ✓ کھٹا ہے (ج) کھٹے ہیں (د) کھٹیں ہیں

-5 یہ ---------- آستین کا سانپ ہے:

(ا) میرے (ب) میرا (ج) میریں (د) ✓ میری

-6 اس دنیا ---------- بنیاد اختلاف عمل پر ہے:

(ا) کے (ب) کا (ج) ✓ کی (د) کیں

-7 قلم گر کر ٹوٹ ----------:

(ا) گئی (ب) ✓ گیا (ج) گئے (د) گئیں

-8 اس کے منہ سے جھاگ نکل ----------:

(ا) رہی تھی (ب) رہے تھے (ج) ✓ رہا تھا (د) رہتی تھی

-9 علاج ہوا لیکن مرض ----------:

(ا) ✓ بڑھتا گیا (ب) بڑھتی گئی (ج) بڑھتی گئیں (د) بڑھتے گئے

10- نویرہ یہ خبر سن کر ---------- رہ گئی:

(ا) بکی بکی (ب) بکی بکا (ج) ✓ ہکا بکا (د) ہکا بکی

11- امجد نے اخبار پڑھ ---------- ہے:

(ا) لی (ب) لو (ج) ✓ لیا (د) لے

12- سانپ ---------- غار میں گم ہو گیا:

(ا) ✓ گہرے (ب) گہری (ج) گہرا (د) گہرو

13- یہ ترازو کس نے ----------:

(ا) توڑا (ب) ✓ توڑی (ج) توڑے (د) توڑیں

14- تم نے خلیل پر کیچڑ کیوں ----------:

(ا) اچھالا (ب) اچھالی (ج) ✓ پھینکی (د) ڈالی

15- فروری گزر ---------- سردی ابھی باقی ہے:

(ا) گئی (ب) ✓ گیا (ج) گئے (د) گا

16- بارش کے بعد ---------- گھاس دل خوش کن ہے:

(ا) ہرا ہرا (ب) ✓ ہری ہری (ج) صاف صاف (د) تازہ تازہ

17- یہ سبزہ ---------- ہے:

(ا) ✓ تازہ (ب) تازی (ج) تازے (د) تازوں

روزمرّہ اور محاورہ

(تعریف اور فرق)

روزمرہ اور محاورہ کے معنی بات چیت کے ہیں لیکن اصطلاح کے طور پر دونوں کے معنوں میں کچھ فرق ہے اور زبان و ادب کے سلسلے میں ان کے فرق کو ہمیشہ سامنے رکھا جاتا ہے۔

روزمرّہ:

اہلِ زبان جس طرح عام بول چال میں الفاظ یا تراکیب کو استعمال کرتے ہیں، اسے روزمرہ کہا جاتا ہے۔ روزمرہ کے الفاظ اپنے حقیقی معنوں میں استعمال ہوتے ہیں جنھیں ہر شخص آسانی سے سمجھ لیتا ہے۔ روزمرہ کے خلاف کوئی اور لفظ استعمال کرنا غلطی میں شمار ہوتا ہے کیوں کہ زبان وہی صحیح ہوتی ہے جس میں اہلِ زبان کے روزمرہ کا خیال رکھا جائے۔ مثلاً روز بروز کی بجائے دِن بدن استعمال کرنا خلافِ روزمرّہ اور غلط ہے۔ دوپٹا پہننا، روزمرہ کے خلاف ہے۔ دوپٹا اوڑھنا روزمرہ کے مطابق ہے۔

روزمرہ کی مثالیں:

مجھے ملتان جانا ہے۔ (میں نے ملتان جانا ہے۔ خلافِ روزمرّہ ہے)

بلاناغہ (بے ناغہ خلافِ روزمرہ ہے)

یہ شہر ہمارا دیکھا ہوا ہے (یہ شہر ہم نے دیکھا ہے۔ خلافِ روزمرہ ہے)

محاورہ:

وہ کلام یا زبان کا مجموعہ جو اپنے اصلی معنوں میں استعمال نہ ہو بل کہ اہلِ زبان نے ان کے لیے کوئی اور معنے مقرر کر رکھے ہوں۔ محاورہ کم از کم دو لفظوں یا کلموں سے مرکّب ہوتا ہے۔ محاورہ میں کسی قسم کی کمی بیشی کرنا غلط عمل ہے۔ اسے جوں کا توں اور قطعی طور پر محل وقوع کا مناسب استعمال کیا جاتا ہے۔ مثلاً ''روٹی کھانا'' میں ''کھانا'' اپنے اصلی معنوں میں استعمال ہوا ہے، اس لیے یہ محاورہ نہیں مگر ''غم کھانا'' میں ''کھانا'' مجازی معنوں میں آیا ہے اس لیے یہ محاورہ ہے۔

محاورے کی مثالیں:

پانی بھرنا مجازی معنی: فرماں برداری کرنا

چار چاند لگنا مجازی معنی: شہرت ہونا

نو دو گیارہ ہونا مجازی معنی: بھاگ جانا

دونوں میں فرق:

روزمرہ اپنے حقیقی معنوں میں استعمال ہوتا ہے۔ محاورہ مجازی یعنی بناوٹی معنوں میں استعمال ہوتا ہے۔ روزمرہ بس ایک کلمہ ہوتا ہے۔ اس سے بات پُوری نہیں ہوتی لیکن محاورہ معنی کے لحاظ سے بالکل مکمل ہوتا ہے۔ نظم و نثر میں روزمرہ کی پابندی ضروری ہوتی ہے لیکن یہ ضروری نہیں کہ کوئی شخص اپنی نظم و نثر میں محاوروں کے استعمال کو ضروری سمجھے اور پابندی کرے۔ بعض ادیب تو محاورے استعمال ہی نہیں کرتے بس سیدھی سادی زبان میں لکھتے ہیں۔

روزمرہ قواعد کا پابند نہیں بل کہ اپنے بولنے کے لب و لہجہ کا پابند ہوتا ہے۔ محاورہ قواعد کا پابند ہوتا ہے اور اپنے سارے لوازمات کو قائم رکھتا ہے۔ روزمرہ ایک لفظ کا بھی ہوتا ہے لیکن محاورہ دو لفظوں سے کم کا ہرگز نہیں ہوتا۔ آسمان روزمرہ ہے تو آسمان ٹوٹنا محاورہ۔ اسی طرح چٹائی بچھانا تو روزمرّہ ہے لیکن آنکھیں بچھانا محاورہ ہے۔ تصویر بنا لینا روزمرہ ہے لیکن تصویر بن جانا محاورہ ہے۔

غلط فقروں کی درستی

(ا) ''نے'' اور ''کو'' کے غلط فقرات کی تصحیح

	غلط فقرات	درست فقرات
-1	میں اس ہُنر کو بخوبی جانتا ہوں۔	میں یہ ہُنر بخوبی جانتا ہوں۔
-2	تیرے کو ذرا تو شرم آنی چاہیے۔	تجھے ذرا تو شرم آنا چاہیے۔
-3	آخر کو تم پاس ہو ہی گئے۔	آخر تم پاس ہو ہی گئے۔
-4	میں نے یہ قصہ سنا ہوا ہے۔	یہ قصہ میرا سنا ہوا ہے۔
-5	آخر ایک دِن سبھی نے مرنا ہے۔	آخر ایک دِن سبھی کو مرنا ہے۔
-6	مجھ کو سونے دو۔	مجھے سونے دو!
-7	رات کو دروازوں کو بند کر دیا کرو۔	رات کو دروازے بند کر دیا کرو!
-8	اس نے بہت سی کتابیں پڑھنی ہیں۔	اسے بہت سی کتابیں پڑھنی ہیں۔
-9	میری کتاب کو بخوشی لے جا سکتے ہو۔	میری کتاب بخوشی لے جا سکتے ہو۔
-10	تم نے کل محمود کو خط لکھنا ہے۔	تجھے کل محمود کو خط لکھنا ہے۔
-11	دِل نے چاہا تو ضرور لاہور جاؤں گا۔	دِل چاہا تو ضرور لاہور جاؤں گا۔
-12	میں نے اسلم کو بہت کچھ کہا۔	میں نے اسلم سے بہت کچھ کہا۔
-13	جمعہ پر بھی میں نے پڑھنے جانا ہے۔	جمعہ کو بھی میں نے پڑھنے جانا ہے۔
-14	میں نے آج پھر اسلم کے پاس جانا ہے۔	مجھے آج پھر اسلم کے پاس جانا ہے۔
-15	آپ نے جانا ہی تھا تو کار پر کیوں نہ گئے؟	آپ کو جانا ہی تھا تو کار سے کیوں نہ گئے؟

(ب) روزمرہ کے غلط فقرات کی تصحیح

	غلط فقرات	درست فقرات
-1	اس کمرے کے اندر کون رہتا ہے؟	اس کمرے میں کون رہتا ہے؟
-2	تم میرے پاس کبھی بھی نہیں آئے۔	تم میرے پاس کبھی نہیں آئے۔
-3	اسلم ابھی بھی نہیں آیا۔	اسلم ابھی نہیں آیا۔
-4	تم نہیں آؤ، وہ آئے۔	تم نہ آؤ! وہ آئے۔

-5	اس نے تم کو کہا ہے۔	اس نے تم سے کہا ہے۔
-6	یہ خود اسی کا گھر ہے۔	یہ اس کا ذاتی گھر ہے۔
-7	یہ انور کی اپنی دُکان ہے۔	یہ انور کی دُکان ہے۔
-8	کتاب اُوپر کیا رکھا ہوا ہے؟	کتاب پر کیا رکھا ہوا ہے؟
-9	نہ محمود پہنچا نہ ہی حامد پہنچا۔	نہ محمود پہنچا نہ حامد ہی پہنچا۔
-10	اس نے تم ہی کو کہا ہے۔	اس نے تمھیں کہا ہے۔
-11	اگر تم نہیں جاتے تو بہتر تھا۔	اگر تم نہ جاتے تو بہتر تھا۔
-12	میں نے آج خط لکھنا ہے۔	مجھے آج خط لکھنا ہے۔
-13	میں ایک سے زیادہ مرتبہ یہ کہانی سنا چکا ہوں۔	میں کئی مرتبہ یہ کہانی سنا چکا ہوں۔
-14	یہ لڑکی نیک جیسی ہے۔	یہ لڑکی نیک ہے۔
-15	وہ روکھا پھیکا جیسا آدمی ہے۔	وہ روکھا پھیکا سا آدمی ہے۔
-16	میں نے اسلم جیسا جوتا پہن رکھا ہے۔	میں نے اسلم کا سا جوتا پہن رکھا ہے۔
-17	تم جہاں بھی جاؤ گے عزت پاؤ گے۔	تم جہاں کہیں جاؤ گے عزت پاؤ گے۔
-18	اس بات سے کوئی بھی عقلمند آدمی انکار نہ کرے گا۔	اس بات سے کوئی عقل مند آدمی بھی انکار نہ کرے گا۔
-19	جو بھی شخص آیا وہ مایوس گیا۔	جو بھی شخص آیا مایوس گیا۔
-20	میرا سُرخ والا سُوٹ اُٹھا دو۔	میرا سُرخ سوٹ اُٹھا دو۔
-21	تمہاری پتلی والی کاپی کہاں ہے؟	تمہاری پتلی کاپی کہاں ہے؟
-22	وہ آج ہمارے گھر پہنچ رہے ہیں۔	وہ آج ہمارے گھر آئیں گے۔
-23	ناوقت سونا اچھا نہیں۔	بے وقت سونا اچھا نہیں۔
-24	وہ دانستہ طور پر پریشان کرتا ہے۔	وہ دانستہ پریشان کرتا ہے۔
-25	اس مقام پر ایک مکان ہوا کرتا تھا۔	اس مقام پر ایک مکان تھا۔

(ج) محاورات کے غلط استعمال کی تصحیح

	غلط فقرات	درست فقرات
-1	وہ باپ کے مرنے پر دس دس آنسو رویا۔	وہ باپ کے مرنے پر آٹھ آٹھ آنسو رویا۔
-2	وہ میری رقم دینے میں کل پرسوں کر رہا ہے۔	وہ میری رقم دینے میں آج کل کر رہا ہے۔
-3	آسمان ہتھیلی پر نہ اُٹھاؤ، ذرا چپ رہو۔	آسمان سر پر نہ اُٹھاؤ، ذرا چپ رہو!
-4	اس نے غریب کی کُٹیا کو آگ دکھائی ہے۔	اس نے غریب کی کُٹیا کو آگ لگائی ہے۔

-5	آنکھوں میں دوست کی یاد آ رہی ہے۔	آنکھوں میں دوست کی یاد آ بسی ہے۔
-6	تھوڑی دیر کے بعد میں نے آنکھ لگالی۔	تھوڑی دیر کے بعد میری آنکھ لگ گئی۔
-7	اس نے مجھے غصے میں بے نقط سُنائیں۔	اس نے مجھے بے نقط سُنائیں۔
-8	خدا خدا کر کے بھانڈا پھوٹا کہ چوری اسلم نے کی ہے۔	خدا خدا کر کے بھانڈا پھوٹا کہ چوری اسلم نے کی ہے۔
-9	یہ کام خطرناک ہے، قدم پھُونک پھُونک کر رکھنا۔	یہ کام خطرناک ہے، پاؤں پھونک پھونک کر رکھنا۔
-10	اس قدر پاؤں دراز نہ کرو، پچھتاؤ گے۔	اس قدر پاؤں نہ پھیلاؤ، پچھتاؤ گے!
-11	وہ پیٹ کا خالی ہے، ضرور راز اُگل دے گا۔	وہ پیٹ کا ہلکا ہے، ضرور راز اُگل دے گا۔
-12	وہ دوست سے بچھڑ کر ٹھنڈی آہیں بھر رہا ہے۔	وہ دوست سے بچھڑ کر ٹھنڈی سانسیں بھر رہا ہے۔
-13	وہ دوست کو بچانے کے لیے جان سے کھیل گیا۔	وہ دوست کو بچانے کے لیے جان پر کھیل گیا۔
-14	آج دو دوستوں میں جوتی چل گئی۔	آج دو دوستوں میں جوتا چل گیا۔
-15	اس کو سگریٹ پینے کی چاٹ پڑ گئی ہے۔	اسے سگریٹ پینے کی عادت پڑ گئی ہے۔
-16	اللہ اللہ کر کے کُفر ٹوٹا اور اس نے بولنا شروع کر دیا۔	خدا خدا کر کے کفر ٹوٹا اور اس نے بولنا شروع کر دیا۔
-17	اس نے باتوں باتوں میں ہرے باغ دکھا دیے۔	اس نے باتوں باتوں میں سبز باغ دکھا دیے۔
-18	سُورج کو بتی دکھانا عقل مندی نہیں۔	سورج کو چراغ دکھانا عقل مندی نہیں۔
-19	جب سے امتحان میں اول آیا ہے، اس کا آسمان پر دماغ ہے۔	جب سے امتحان میں اول آیا ہے اس کا عرش پر دماغ ہے۔
-20	تم اس کی بے جا تعریف کر کے اسے آسمان پر چڑھا رہے ہو۔	تم اس کی بے جا تعریف کر کے اسے عرش پر چڑھا رہے ہو۔
-21	اس نے محبت سے میری طرف دیکھا تو دِل ٹھنڈا ہو گیا۔	اس نے محبت سے میری طرف دیکھا تو کلیجہ ٹھنڈا ہو گیا۔
-22	احمد نے اس سال امتحان دینے پر کمر کس لی ہے۔	احمد نے اس سال امتحان دینے پر کمر باندھ لی ہے۔
-23	وہ فیل ہو جانے پر ہتھیلی مل رہا ہے۔	وہ فیل ہو جانے پر ہاتھ مل رہا ہے۔
-24	لالچ بُری بلا ہے زیادہ قدم نہ پھیلاؤ۔	لالچ بُری بلا ہے زیادہ پاؤں نہ پھیلاؤ!
-25	مہنگائی کی وجہ سے غریبوں کی جان مصیبت میں آ گئی ہے۔	مہنگائی کی وجہ سے غریبوں کی جان آفت میں آ گئی ہے۔